ماوکیہ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۱٫۰۳۰۰ اونس

رطل ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۰۹۸ پونڈ

اوک ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۲٫۷۵۰۰ ،،

قنطار (۳۶ اوک) ،، ،،

درعہ $\frac{1}{12}$ سے $\frac{1}{3}$ ۱۹ انچہ

تمتابو ۔۔ ۔۔ ۔۔ $\frac{3}{4}$ ۱۳۹ ،،

فیفن ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۱٫۰۳۸ ایکڑ

مربع پک ۔۔ ۔۔ قریب ۶ مربع فیٹ

میکسکو:۔ (میٹریکل سسٹم)

(ابھی پورانے ماپ تول حسب ذیل بھی مروج ہیں)

برا ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۱٫۰۱۴ پونڈ

اروبا ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۲۵٫۳۵۷ ،،

وارا ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۲ فٹ $\frac{9}{8}$ ۸ انچہ

لنکوا کومن $\frac{2}{3}$ ۶۶۶۶ وارا

(چاندی سونے کے)

۱- اوچاوا ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ نومینو

۱- نومینو ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۱۲ گرینو

۲۰ گرینو ۔۔ ۔۔ ۔۔ اونچ گرام

۴٫۰۸۸ گرینو-۱- مارکو- $\frac{1}{2}$ برا

ہانڈروس

اروبا (شراب) ۔۔ ۔۔ ۔۔ $\frac{1}{2}$ ۳ گیلن

اربا (تیل) ۔۔ ۔۔ ۔۔ $\frac{3}{4}$ ۲ بشل

فنیگا ۔۔ ۔۔ ۔۔ $\frac{1}{2}$ ۱ ایضاً

ہنڈرلینڈ (میٹریکل سسٹم)

لیگ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۶٫۰۳۸ گز

وینیزویلا

برا ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۱٫۰۱۴ پونڈ

کونٹل ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۱۰۱٫۴ ،،

اروبا ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۲۵٫۳۵ پونڈ

ہسپانیہ (میٹریکل سسٹم)

(ابھی کچھ پورانے ماپ تول مروج ہیں)

برا ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۱٫۰۱۴ پونڈ

کونٹل ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۱۰۱٫۴ ،،

اروبا (شراب) $\frac{1}{2}$ ۳ گیلن

،، (تیل) ۔۔ ۔۔ ۔۔ $\frac{3}{4}$ ۲ ،،

فنیگا ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ $\frac{1}{2}$ ۱ بشل

لیگ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۶۱۶۰ گز

پوراگوئی

کونٹل .. .. ۱۰۱٫۴ پونڈ

اروبا .. .. ۲۵٫۳۵ "

فنیگا .. .. ۳۰ گیلن

مربع لیگ .. .. .. $\frac{۲}{۵}$ ۱۰ مربع میل

یونان

اوک .. .. ۲٫۸۴ پونڈ

کونٹل (یا) قنطار .. .. ۱۲۳٫۲ پونڈ

لیور .. .. ۱٫۱ "

ڈرام .. .. $\frac{۱}{۹}$ اونس

بیرل (شراب) .. .. .. ۱۶٫۳۳ گیلن

پائیک .. .. $\frac{۳}{۴}$ گز

سٹریا .. .. $\frac{۱}{۳}$ ایکڑ

مشہور منجم ہرشل صاحب کی موسم پہچاننے کی کلید

(جس کے ذریعہ سالتمام کے چاند کے تغیرات میں موسم کی چگوں کی کے متعلق پیشینگوئی کر سکتے ہیں)

جدول مندرجہ ذیل معہ ہدایات ملصقہ جو چاند اور سورج کے نعلقات زمین سے مختلف حالتوں میں ملحوظ رکھ کر سالہاسال کے لگاتار کامل مشاہدوں سے مرتب کیا گیا ہے۔ صرف سرسری نظر سے دیکھنے سے واضح کر دیتا ہے کہ چاند خواہ کیسی حالت یعنی ہلال یا بدر وغیرہ میں ہو جو اثر اس سے موسم پر پہنچے گا وہ کیا ہوگا اور یہ اندازہ اس قدر صحیح تبلایا گیا ہے کہ جس سے بیس۲۰ سے اُنیس حالتوں میں پورے اُترنے کی اُمید ہے +

اگر چاند بصورت ہلال۔ نصف اول بدر کامل یا نصف آخر واقعہ ہو	گرما میں	سرما میں
نیم شب اور ۲ بجے کے درمیان	معتدل	پالا اگر ہوا جنوب مغربی نہو)
۲۔ اور ۴ بجے صبح کے درمیان	سردی اور جھڑ	برفانی اور طوفانی .. .. ..
۴۔ اور ۶ بجے صبح کے درمیان	بارش	بارش .. ..
۶۔ اور ۸ بجے صبح کے درمیان	آندھی اور بارش۔	طوفانی .. .. ..
۸۔ اور ۱۰ بجے صبح کے درمیان	متغیر	سردی اور بارش اگر ہوا مغربی ہو۔ برف اگر ہوا شرقی ہو
۱۰۔ اور ۱۲ بجے صبح کے درمیان	بارش کے شرلاٹے	سردی اور آندھی .. .. ..
۱۲۔ اور ۲ بجے دوپہر کے درمیان	زیادہ برساتی	برف یا بارش .. .. ..

۲- اور ۴ بجے دوپہر کو درمیان	متغیر	معتدل اور خوشگوار .. ..
۴- اور ۶ بجے دوپہر کے درمیان	معتدل	معتدل .. .. ..
۶- اور ۸ بجے دوپہر کے درمیان	معتدل (اگر ہوا شمالی مغربی ہو)	معتدل اور صفائی (اگر خفیف ہوا شمالی یا شمالی شرقی ہو)
۸- اور ۱۰ بجے دوپہر کے درمیان	برساتی (اگر جنوبی یا جنوب مغربی ہو)	بارش اور برف (اگر جنوبی یا جنوب مغربی ہو)
۱۰- اور نیمشب بجے کے درمیان	معتدل	معتدل اور پالا اور کہر .. .. ..

ہدایت (۱) چاند کی حالتوں رُبع اوّل آخر بدلنے کا وقت جس قدر نصف شب سے زیادہ قریب ہو اُسی قدر آئندہ سات روز میں موسم معتدل رہیگا (۲) مندرجہ بالا حساب کا وقت دس بجے رات سے دو بجے صبح تک (۳) اگر نصف النہار یعنے دوپہر سے قریب تر ایسے تغیرات ماہتاب کے واقع ہوں تو آئندہ سات روز میں موسم نہایت خراب یعنے نمناک رہے گا (۴) اس حساب کے لئے وقت دس بجے صبح سے دو بجے دوپہر تک مقرر ہے - یہ مشاہدات گو موسم گرما کے لئے مختصر ہیں مگر موسم بہار اور خزاں میں بھی ان کا قریب قریب اسی نسبت سے اثر ہوتا ہے (۵) اگر چاند کی حالتوں رُبع اوّل بدر کامل اور رُبع آخر کے بدلنے کا وقت شام کے چھ گھنٹوں (یعنے ۴ بجے سے ۱۰ بجے تک) میں واقع ہو تو اُس کے بعد معتدل موسم آئے گا یعنے ابر اور جھڑ وغیرہ نہ ہوگا - مگر اس کا زیادہ تر ہوا پر حصر ہے جیسا کہ جدول میں مذکور ہو چکا ہے (۶) گو کئی ایک باقاعدہ بواعث کی وجہ سے خزاں کے آخر - سرما اور بہار کے شروع میں موسم بہت ہی غیر مقرر ہوتا ہے - مگر تاہم زیادہ حصے میں مندرجہ بالا ہدایات اُن عرصوں کے لئے بھی کارآمد ہو سکتی ہیں - (۷) صحت کے ساتھ موسم کے تغیرات کا اندازہ کرنے کے لئے خصوصاً ایسی حالتوں میں کہ جہاں ہوا کا تعلق مشاہدہ کرنے والے کو نقاط سمت کی درستی کا بہت ہی خیال رکھنا چاہئے +

انگریزی اوزان کا مقابلہ ہندوستانی اوزان سے

انگریزی وزن				ہندوستانی وزن			
ٹن	ہنڈرڈ ویٹ	کوارٹر	پاؤنڈ	من	سیر	چھٹانک	چھٹانک کا سواں حصہ
۱۰۰۰	۰	۰	۰	۲۷۲۷۲	۲۹	۱	۴۵
۵۰۰	۰	۰	۰	۱۳۶۳۶	۱۴	۸	۷۲
۲۰۰	۰	۰	۰	۵۴۵۴	۲۱	۱۳	۹
۱۰۰	۰	۰	۰	۲۷۲۷	۱۰	۱۴	۵۴
۸۰	۰	۰	۰	۲۱۸۱	۳۲	۱۱	۶۳
۶۰	۰	۰	۰	۱۶۳۶	۱۴	۸	۷۲
۴۰	۰	۰	۰	۱۰۹۰	۳۶	۵	۱۸
۲۰	۰	۰	۰	۵۴۵	۱۸	۲	۹۰
۱۰	۰	۰	۰	۲۷۲	۲۹	۱	۴۵
۹	۰	۰	۰	۲۴۵	۱۸	۲	۹۰
۸	۰	۰	۰	۲۱۸	۷	۴	۳۶
۷	۰	۰	۰	۱۹۰	۳۶	۵	۸۱
۶	۰	۰	۰	۱۶۳	۲۵	۷	۲۷
۵	۰	۰	۰	۱۳۶	۱۴	۸	۷۲
۴	۰	۰	۰	۱۰۹	۳	۱۰	۱۸
۳	۰	۰	۰	۸۱	۳۲	۱۱	۶۳
۲	۰	۰	۰	۵۴	۲۱	۱۳	۹
۱	۰	۰	۰	۲۷	۱۰	۱۴	۵۴
۰	۱۰	۰	۰	۱۳	۲۵	۷	۲۷
۰	۸	۰	۰	۱۰	۳۶	۱۵	۸۱
۰	۶	۰	۰	۸	۷	۴	۳۶
۰	۴	۰	۰	۵	۱۸	۲	۹۰
۰	۲	۰	۰	۲	۱۹	۱	۴۵
۰	۱	۰	۰	۱	۱۴	۸	۷۲
۰	۰	۰	۰	۰	۲۷	۴	۳۶
۰	۰	۰	۰	۰	۱۳	۱۰	۱۸
۰	۰	۰	۰	۰	۰	۷	۷۹

قانونِ انتقالِ اراضی پنجاب

یعنی

ایکٹ نمبر ۱۳- بابت سنہ ۱۹۰۰ء

جو ۱۹- اکتوبر سنہ ۱۹۰۰ء کو جناب نواب گورنر جنرل بہادر ہند باجلاس کونسل کی پیشگاہ سے منظور ہوا- اور اطلاع عام کے لئے مشتہر کیا جاتا ہے

ہرگاہ قرین مصلحت ہے کہ اراضیات زرعی واقعہ ملک پنجاب کے قانون کی ترمیم کیجاوے لہٰذا احکام ذیل صادر ہوتے ہیں :-

مراتب ابتدائی

مختصر نام و وسعت و تاریخ نفاذ

دفعہ ۱ (۱) اس ایکٹ کا نام انتقال اراضی پنجاب سنہ ۱۹۰۰ء ہوگا

(۲) یہ اُس تمام قلمرو میں نافذ ہوگا جو زیر اہتمام جناب نواب لفٹنٹ گورنر بہادر موجود الوقت کے ہو

(۳) یہ اُس تاریخ سے نافذ ہوگا جو جناب معلی القاب گورنر جنرل بہادر باجلاس کونسل تجویز فرماکر بذریعہ اعلان مندرجہ گزٹ آف انڈیا ہدایت فرماوینگے ٭

تعریفات

دفعہ ۲- اس ایکٹ میں اگر کوئی امر قرینہ عبارت یا مضمون کے خلاف نہ ہو تو

(۱) لفظ "زراعت پیشہ" سے وہ شخص مراد ہے جسکے پاس زرعی اراضی ہو اور اس کا نام یا اُسکے کسی بزرگ کا نام سلسلۂ مذکور میں بحیثیت مالک زمین یا مزارعہ موروثی یا مزارعہ دخیلکار کسی تحال میں بندوبست قانونی اول کے وقت درج ہوا ہو یا اگر بندوبست میں جو اس سے پہلے ہو چکا ہو جیسا کہ لوکل گورنمنٹ بذریعہ حکم تحریری مقرر فرماوے ٭

مگر شرط یہ ہے کہ اگر بعد ایسے بندوبست ہو جانے کے عدالت دیوانی یا کسی اور حاکم مجاز نے قبل از نفاذ ایکٹ ہذا دیا ہو کہ کسی شخص کا نام غلطی سے درج ہو گیا تھا یا کسی شخص کا نام درج ہونے سے رہ گیا تھا یا کوئی حق مندرجہ مسل حقیت غلطی سے درج ہو گیا تھا تو تعریف ہذا کا مفہوم ایسے فیصلہ کا جائز لحاظ کر کے لیا جائیگا اور نیز یہ شرط بھی ہو گی کہ لوکل گورنمنٹ بہ حصول پیشگی منظوری جناب معلی القاب

گورنر جنرل بہادر باجلاس کونسل مقامی سرکاری گزٹ کے ذریعہ اعلان کر کے اس تعریف کو اس طرح وسیع یا محدود کریں جس سے بعض اشخاص کو یا بعض اشخاص کی جماعتوں کو اپنی قلمرو کے کسی حصہ میں جہاں یہ ایکٹ نافذ ہو تعریف مندرجۂ بالا میں داخل یا اُس سے خارج کر سکیں +

(۲) کل الفاظ جنکی تعریف قانون دخل رعیتانہ پنجاب یعنی ایکٹ نمبر ۱۶ ۱۸۸۷ء کی دفعہ ۴ یا قانون مالگذاری ایکٹ نمبر ۱۷ ۱۸۸۷ء کی دفعہ ۳ میں کیگئی ہے وہ باتباع احکام ایکٹ ہذا وہی معنے رکھینگے جو دفعات مذکور میں علی الترتیب درج ہیں اور الفاظ "اصل حقیت" اور "کا نمذاب سالانہ" کے علی الترتیب وہی معنی ہونگے جو انکے باب چہارم ایکٹ موخر الذکر میں علی الترتیب مذکور ہیں +

(۳) لفظ "اراضی" سے وہ اراضی مراد ہے جو کسی شہر یا گاؤں میں بطور موقع کسی عمارت کے زیر دخل نہ ہو اور جو اغراض زرعی کے لئے یا اُن غرضوں کے لئے جو متعلق زراعت کے ہوں یا چرائی کے لئے زیر دخل ہو یا لگان پر دی گئی ہو اسمیں مندرجہ ذیل شامل ہے :-

(الف) ایسی زمین پر مکانات اور دیگر تعمیرات کے مواقع (ب) حصہ کسی محال یا کھانہ کے منافع میں (ج) کوئی مواجب با مالگذاری پر کوئی مقرّب شرح فیصدی جو ادنٰے مالک سے اعلیٰ مالک کو واجب الادا ہو (د) حق وصولی "لگان" (ہ) کوئی حق آب جو مالک یا قابض اراضی کو بحیثیت اسکے مالک یا قابض اراضی ہونیکے حاصل ہو +

(۴) الفاظ "دوامی انتقال" میں بیع - تبادلہ - ہبہ اور وصیت داخل ہیں لیکن اسمیں ایسا ہبہ شامل نہیں ہوگا جو مذہبی یا خیراتی اغراض کے واسطے کیا جاوے خواہ زندہ اشخاص کے مابین ہو خواہ بذریعہ وصیت کیا گیا ہو +

(۵) الفاظ "رہن با قبضہ" سے مراد اُس رہن کی ہے جسکی رو سے راہن قبضہ اراضی مرہونہ مرتہن کے سپرد کر دے - اور اسکو اختیار دے کہ وہ اراضی مذکور کا قبضہ تا ادائے زر رہن اپنے پاس رکھے اور لگان و منافع اراضی وصول کرے اور اُن کو سود میں مجرا دیوے یا

اصل زررہن میں محسوب کرے یا کچھ سود میں یا کچھ زررہن میں مجرا دیوے اور۔

(۶) الفاظ بیع بالوفا میں ہر ایسا معاہدہ شامل ہے جسکی روسے زررہن یا سود ایک خاص وقت پر ادا نہ ہونیکی صورتمیں اراضی قطعی طور پر مرتہن کے پاس منتقل ہوجائے ❊

دوامی انتقالات

بعض دوامی انتقالات میں صاحب ڈپٹی کمشنر کی منظوری کی ضرورت

دفعہ ۳ - (۱) جو شخص اپنی اراضی کا دوامی انتقال کرنا چاہے وہ ایسے انتقال کرنے کا مجاز ہوگا۔ جہاں :-

(الف) انتقال کنندہ زراعت پیشہ قوم میں سے نہو۔ یا

(ب) انتقال کنندہ زراعت پیشہ قوم میں سے ہو اور منتقل الیہ اُس موضع میں جہاں اراضی زیر انتقال واقع ہے بحیثیت زراعت پیشہ کے قابض زمین ہو۔ یا

(ج) انتقال کنندہ زراعت پیشہ قوم میں سے ہو اور منتقل الیہ بھی اُسی قوم میں سے ہو یا کسی اور قوم میں سے ہو جو ایک ہی گروہ اقوام کے اندر آتی ہو ❊

مگر شرط یہ ہے کہ اگر ایک زراعت پیشہ شخص چاہے کہ وہ اپنی اراضی کا دوامی انتقال کرے جو اُس نے دفعہ شکمی (ب) دفعہ ہذا کے بموجب حاصل کی ہے تو وہ اس قسم کے دوامی انتقال کرنے کا زیر دفعہ شکمی ہذا مجاز نہوگا۔ بجز اسکے کہ منتقل الیہ زراعت پیشہ قوم میں سے ہو یا ایسا شخص ہو جو بحیثیت زراعت پیشہ موضع میں اراضی رکھتا ہو ❊

(۲) سوائے ان صورتوں کے جو دفعہ شکمی (۱) دفعہ ہذا میں بیان ہوئے ہیں کوئی دوامی انتقال اراضی بجز منظوری صاحب ڈپٹی کمشنر واقعہ نہوگا اور تا وقتیکہ منظوری حاصل نہو بطور انتقال دوامی مؤثر نہوگا ❊

مگر شرط یہ ہے کہ ایسی منظوری بعد اسکے بھی دی جاوے جبکہ عمل انتقال اور طرح سے مکمل ہوچکا ہو ❊

(۳) صاحب ڈپٹی کمشنر انتقال کے متعلق حالات دریافت کرینگے اور انکو اختیار ہوگا کہ حسب اقتضاء رائے خود منظوری جو بموجب دفعہ شکمی (۲) مطلوب ہے اسکو عطا کریں یا عطا کرنیسے انکار کریں ❊

اقوام زراعت پیشہ

دفعہ ۴ - لوکل گورنمنٹ کو لازم ہوگا کہ بعد حصول منظوری جناب نواب گورنر جنرل بہادر باجلاس کونسل بذریعہ اعلان مندرجۂ مقامی گزٹ سرکاری مشتہر کرکے معین فرمادیں کہ واسطے اغراض اس ایکٹ کے کون سے گروہ اشخاص کے کسی ضلع میں یا چند اضلاع کے کسی مجموعہ میں اقوام زراعت پیشہ کی جماعتوں میں شمار کئے جاوینگے +

حقوق اراضی منتقلہ کی استثناء

دفعہ ۵ - جبکہ صاحب ڈپٹی کمشنر ایک دوامی انتقال اراضی کی منظوری دیدیں تو صاحب موصوف کے حکم سے یہ متصور نہوگا کہ کسی معاملہ حقیت یا معاملہ متعلقہ حق بازگشت یا حق شفع کا فیصلہ ہوگیا یا اسپر اثر پڑا +

عارضی انتقالات اراضی

بعض حالتوں میں رہن کی جائز صورتیں۔

دفعہ ۶ - (۱) اگر زراعت پیشہ قوم کا کوئی شخص اپنی اراضی رہن کرے اور مرتہن اُسی قوم کا نہو یا اُسی گروہ اقوام زراعت پیشہ سے نہو تو رہن مندرجۂ ذیل صورتوں میں سے کسی ایک صورت کا ہی ہوگا

(الف) رہن باقبضہ کی صورت میں جس کے ذریعہ راہن قبضہ اراضی مرہونہ مرتہن کو دیدے اور مرتہن کو اختیار دے کہ وہ اراضی پر قابض رہے اور لگان منافع اراضی کا بجائے سود وادائے اصل لیوے اس شرط پر کہ اس قدر عرصہ کے بعد جو مقرر ہے یا (اگر کوئی میعاد مقرر نہو) یا (اگر میعاد مقررہ بیس سال سے زیادہ ہو) تو بعد گذرنے بیس سال کے زمین راہن کو دیجاوے یا (ب) بصورت رہن بلاقبضہ اس شرط کے ساتھ کہ اگر راہن زر اصل وسود بموجب اپنے معاہدہ کے نہ ادا کرے تو مرتہن صاحب ڈپٹی کمشنر کی خدمت میں درخواست دیوے کہ اُسکو قبضہ اراضی ایک ایسی میعاد کے واسطے دلایا جاوے جو بیس سال سے زیادہ نہ ہو اور جس کو صاحب ڈپٹی کمشنر واجب میعاد تصور فرمادیں رہن مذکور اُس میعاد کے واسطے جسمیں مرتہن قابض رہے اور بابت اُس رقم بقایا اصل اور سود کے جو مرتہن کو واجب الادا ہو رہن باقبضہ متصور ہوگا سوا اُس سادہ سود سے تجاوز نہیں کریگا جو ایسی شرح اور میعاد تک کے واسطے

جو صاحب ڈپٹی کمشنر مناسب خیال فرماویں ÷ یا

(ج) بصورت رہن باقبضہ بذریعہ تحریر جس کی رو سے راہن مرتہن کو بحیثیت مالک سمجھتا ہے اور خود بحیثیت کاشتکار کے قابض رہتا ہے یہ شرط ادائے لگان ایسی شرح پر جو ڈپٹی کمشنر مقرر کریں جو معائنہ زمین کی رقم کے فی روپیہ پر ۱۶ آنہ سے زیادہ نہو علاوہ اُس زمین کے معاملہ کے اور ایسے حبوب و ابواب کے اسپر لگے ہوئے ہوں اور اس عرصہ کے واسطے جس کا معاہدہ ہو جاوے اور راہن کو اختیار انتقال حقوق دخیلکار کاشتکاری کا نہیں ہوگا اور مرتہن کو اختیار بیدخلی راہن کا نہوگا سوائے اُن وجوہات کے جو دفعہ ۹ سے ایکٹ دخل رعیتانہ پنجاب ۱۸۸۷ء میں درج ہیں ÷

(د) کسی صورت کا رہن جو لوکل گورنمنٹ بذریعہ عام یا خاص حاکم کے اجازت عملمیں لانے کی دیوے ÷

(۲) اگر بصورت رہن از قسم (ج) راہن بیدخل کیا جاوے یا زمین کے قبضہ کاشتکاری کو ترک کر دے یا چھوڑ دے تو یہ رہن بطور رہن باقبضہ از قسم (الف) ایسی میعاد کے لئے جو تاریخ بیدخلی یا چھوڑنے یا ترک کرنے اراضی سے عرصہ بیس سال سے زیادہ نہو اور ایسی رقم کے لئے جو صاحب ڈپٹی کمشنر معقول سمجھے متصور ہوگا ÷

قواعد متعلق ان رہنوں کے جنکی اجازت دیگئی

دفعہ ۷ - بصورت رہن ہائے جو دفعہ ۶ کے بموجب عمل میں آویں ÷

(۱) کوئی سود اُس میعاد کی بابت نہیں ملیگا جسمیں مرتہن کے پاس قبضہ اراضی مرہونہ کا رہا ہو یا مرتہن لگان لیتا رہا ہو ÷

(۲) اگر رہن مندرجہ صورت (الف) یا (ب) کا ہو تو ایسی میعاد قبضہ کے خاتمہ پر زر رہن بیباق متصور ہوگا ÷

(۳) راہن مجاز ہوگا کہ کسی وقت زر رہن ادا کر کے دوران رہن میں فک الرہن کرالیوے یا جب رہن کی صورت (الف) یا (ب) کی ہو تو ایسا حصہ زر رہن کا ادا کرے جو صاحب ڈپٹی کمشنر قرین انصاف تصور کر کے مقرر کر دیں - اور

(۴) بصورت رہن با قبضہ راہن واسطے ادائے زر رہن بذاتہ ذمہ وار متصور نہوگا۔

شرائط رہن ہائے جنکی اجازت دیگئی

دفعہ ۸۔ (۱) جو رہن دفعہ ۶ کے بموجب عمل میں آوے اسمیں شرائط مندرجہ ذیل باتفاق فریقین اضافہ کیجاسکتی ہیں :۔

(الف) شرط دربارہ تقرری وقت سال زراعتی جبکہ راہن اپنی زمین کو فک الرہن کراکے قبضہ حاصل کرے۔

(ب) شرائط بابت محدود کرنے حق رہن یا مرتہن جو قابض ہو بابت کاٹنے و فروخت یا رہن کرنے درختان یا کوئی اور ایسا عمل کرنے کی بابت جس سے زمین کی دائمی حیثیت پر اثر پڑے۔ اور

(ج) کوئی شرط جسکی بابت لوکل گورنمنٹ بذریعہ حکم عام یا خاص جائز ہونے کا اعلان کرے

(۲) جو رہن زیر دفعہ ۶ عملمیں آوے اُنمیں اگر کوئی شرط جسکی اجازت بموجب یا زیر ایکٹ ہذا نہیں دیگئی درج کیجاوے تو کالعدم ہوگی۔

اختیارات درباب نظرثانی رہن ہائے جو ایسی صورت کے ہوں جنکی اجازت نہیں

دفعہ ۹۔ (۱) اگر کوئی شخص زراعت پیشہ قوم کا اپنی زمین کسی ایسی صورت یا طریقہ سے رہن کرے جسکی اجازت بروئے یا زیر ایکٹ ہذا نہیں ہے تو صاحب ڈپٹی کمشنر کو اختیار ہوگا کہ اُسکی نظرثانی کریں اور شرائط رہن کو اسطرح پر بدلیں کہ وہ ایسی صورت کے مطابق ہوجائے جسکی اجازت بذریعہ یا زیر ایکٹ ہذا دیگئی ہے اور جس کا مرتہن از روئے انصاف مستحق معلوم ہو۔

(۲) کسی شخص نے منجملہ زراعت پیشہ قوم کے قبل از نفاذ ایکٹ ہذا اپنی زمین کو رہن کیا ہو جسمیں شرط بیع بالوفا کی درج ہے تو صاحب ڈپٹی کمشنر رہن کی میعاد کے اندر کسی وقت مجاز ہونگے کہ وہ مرتہن کو اس کا اختیار دیویں کہ آیا وہ اس امر پر متفق ہے کہ شرط مذکورہ بالا خارج کردیجاوے یا بجائے اُس رہن کے وہ ایسا رہن منظور کرتا ہے جو حسب مرضی مرتہن یا تو صورت (الف) میں یا صورت (ب) میں ہوسکتا ہے جیسی کہ دفعہ ۶ میں اجازت دیگئی ہے اور رہن ایسی میعاد کے لئے اُس عرصہ سے زائد نہو

جسکی اجازت دفعہ مذکور میں دیگئی ہے اور ایسی رقم کے لئے ہوگا جو صاحب ڈپٹی کمشنر واجب تصور فرماویں +

(۳) اگر ایکٹ ہذا کے نفاذ کے وقت کسی عدالت دیوانی میں کوئی مقدمہ ایسی شرط کے نفاذ کے لئے دائر کیا جائے یا دائر ہو جس کا عمل بطور شرط بیع بالوفاء کرنے کا منشار تھا یا اگر کسی عدالت دیوانی میں کسی رہن کی بابت جس کے متعلق دفعہ شکمی (۱) یا (۲) ہے مقدمہ دائر ہو تو عدالت کو لازم ہوگا کہ مقدمۂ مذکور صاحب ڈپٹی کمشنر بہادر کی خدمت میں اس لئے بھیجدے کہ وہ اس اختیار کو استعمال میں لاویں جو شکمی دفعہ متعلقہ میں اُنکو دے گئی ہوں

آئیندہ رہن بصورت بیع بالوفا ناجائز ہے

دفعہ ۱۰- جو رہن اراضی زرعی بعد نفاذ ایکٹ ہذا عمل میں آوے اس میں کوئی شرط جو بطور بیع بالوفا کے درج ہو کالعدم سمجھی جاویگی +

مستاجری اور پٹہ

دفعہ ۱۱- زراعت پیشہ قوم کا کوئی شخص اپنی زمین کی مستاجری یا پٹہ کسی ایسی میعاد کے واسطے جو بیس سال سے زیادہ نہو دیسکتا ہے اور کوئی مستاجری یا پٹہ زائد از مدت بیس سال جو منجانب کسی شخص کے جو زراعت پیشہ قوم میں سے ہو اور ایسے شخص کے نام کیا گیا ہو جو اُس قوم کا یا گروہ متعلقہ میں سے کسی قوم کا نہو ایسی مدت کے لئے مستاجری یا پٹہ سمجھا جائیگا جسکی اجازت اس دفعہ میں دیگئی ہے +

مزید عارضی انتقالات اراضی کی بابت اختیار کا محدود کرنا

دفعہ ۱۲- (۱) دوران رہن میں جو دفعہ ۶ کی صورت (الف) یا (ب) کے مطابق کیا گیا ہو یا مستاجری یا پٹہ جو حسب منشاء ایکٹ ہذا عمل میں آیا ہو مالک کو اختیار ہوگا کہ مزید عارضی انتقال اُسی زمین کا ایسی مدت کے واسطے کرے جو مدت رہن موجودہ یا مستاجری یا پٹہ کی میعاد کے ساتھ شامل کر کے کل میعاد بیس سال سے تجاوز نہ کرے +

(۲) کوئی ایسا مزید عارضی انتقال اگر اُس عرصہ سے جو بموجب دفعہ ہذا کے جائز ہے زائد عرصہ کے لئے کیا جاوے تو مدت عارضی انتقال مذکور کی صرف اسقدر سمجھی جاویگی جسکی اجازت دفعہ ہذا میں ہے +

بیدخلی مرتہن یا متاجر یا پٹہ دار جو بعد گذرنے میعاد قابض ہے	**دفعہ ۱۳**- اگر مرتہن یا متاجر یا پٹہ دار بذریعہ رہن زیر دفعہ ۶ یا بذریعہ متاجری یا پٹہ زیر دفعہ ۱۱ یا بذریعہ

رہن یا متاجری یا پٹہ بموجب دفعہ ۲ کے قابض ہے بعد گذرنے میعاد کے جس کا وہ حق بذریعہ رہن یا متاجری یا پٹہ کے رکھتا ہو قابض رہے تو صاحبڈپٹی کمشنر اپنے آپ یا بربنائے درخواست ایسے شخص کے جو قبضہ کا مستحق ہو ایسے مرتہن یا متاجر یا پٹہ دار کو بیدخل کریں اور شخص مستحق کو دخل دلادیں +

احکام عام

تاثیران دوامی انتقالات کی جو بلا منظوری کئے گئے	**دفعہ ۱۴**- اگر کوئی ایسا دائمی انتقال کیا جائیگا جو زیر دفعہ ۳ بطور انتقال دائمی موثر نہیں ہو سکتا تا وقتیکہ

صاحبڈپٹی کمشنر منظور نہ فرماویں یا منظوری دینے سے انکار کریں تو ایسے انتقال کا اثر اُس رہن باقبضہ کا ہوگا جس کی اجازت دفعہ ۶ کی صورت (الف) میں دیگئی ہے اور جسکی میعاد بیس سال سے زائد نہ ہوگی اور شرائط ایسی ہونگی جو صاحب ڈپٹی کمشنر مناسب سمجھیں +

صاحب ڈپٹی کمشنر کی منظوری کی ضرورت بعض انتقالات ذمہ داری ہائے زمین کی پیداوار کے متعلق	**دفعہ ۱۵**- ہر ایک معاہدہ جس کے ذریعہ زراعت پیشہ قوم کا کوئی شخص اپنی

زمین کی پیداوار یا اُس کا کوئی جز یا اسمیں سے کوئی حصہ انتقال یا مکفول کرنا چاہے اور جسکی میعاد زائد از عرصہ ایک سال ہو وہ تاریخ معاہدہ سے ایک سال سے زیادہ مؤثر نہیں ہوگا تا وقتیکہ صاحبڈپٹی کمشنر کی منظوری حاصل نہ کیجاوے اور تا حصول منظوری مذکور یا اگر عطاء منظوری سے انکار کیا گیا ہو تو اس کا ایسا اثر ہوگا کہ گویا صرف ایک سال کے واسطے اقرار کیا گیا تھا +

تشریح

پیداوار زمین سے مراد ہے کہ:-

(الف) فصل اور دوسری قسم کی پیداوار اراضی جو اراضی میں استادہ یا غیر فراہم شدہ موجود ہوں

(ب) فصل اور دیگر پیداوار زمین جو دوران سالگذشتہ میں پیدا ہوئی ہو اور کاٹی یا جمع کی گئی ہو +

زمین کی فروخت بہ علت اجراء ڈگری منع ہے

دفعہ ۱۶ - (۱) کوئی زمین کسی شخص کی جو منجملہ زراعت پیشہ قوم کے ہو ڈگری یا حکم عدالت دیوانی یا مال کے اجراء میں فروخت نہیں کیجاویگی خواہ وہ ڈگری یا حکم قبل یا بعد از نفاذ اس ایکٹ کے صادر ہوا ہو +

(۲) اس دفعہ میں کوئی امر گورنمنٹ کے اس حق میں خلل انداز نہ ہوگا کہ وہ یقیناً مالگذاری یا دیگر مطالبہ جات جو بقایا مالگذاری کی طرح قابل وصول ہوں کسی نہج سے جواب قانوناً جائز ہے وصول کرے +

رجسٹری ۷۹

دفعہ ۱۷ - ایکٹ رجسٹری ہند نمبر ۳ ۱۸۷۷ء میں باقواعد زیر دفعہ ایکٹ مذکور میں کوئی امر متناقض ہونیکے باوجود :-

(۱) کوئی وثیقہ جو خلاف احکام ایکٹ ہذا ہو رجسٹری کے واسطے منظور نہیں کیا جاویگا

(۲) کوئی وثیقہ جسمیں کوئی ایسا معاملہ قلمبند ہو یا جسمیں کسی ایسے معاملہ کی تعمیل کرائی جاوے جسکی نسبت صاحب ڈپٹی کمشنر کی منظوری مطلوب ہے اُسکو رجسٹری کیواسطے نہیں لیا جاویگا جبتک کہ حکم صاحب مذکور مشعر عطائے منظوری کے مصدقہ نقل اُس افسر کی خدمت میں پیش نہ کیجاوے جو ایسے وثیقہ کی رجسٹری کرنے کا مجاز ہے +

مسل حقیت و کاغذات سالانہ

دفعہ ۱۸ - (۱) جہاں کسی ایسے معاملہ کے باعث جسمیں زیر ایکٹ ہذا صاحب ڈپٹی کمشنر کی منظوری کی ضرورت ہے کوئی شخص یہ دعوےٰ کرے کہ اس نے ایک حق حاصل کیا ہے جس کے حصول کی اطلاع دینی بموجب دفعہ ۳۴ ایکٹ معاملہ زمین نمبر ۱۷ ۱۸۸۷ء اُسپر فرض تھی تو ایسے شخص کو لازم ہے کہ ایسی رپورٹ کرتے وقت بیان کرے کہ آیا منظوری مطلوبہ حاصل کیگئی یا نہیں اور اُس کا اسطرح حاصل شدہ حق مسل حقیت یا کاغذات سالانہ میں درج نہیں کیا جاویگا جب تک کہ وہ اُس حکم کی شہادت پیش نہ کرے جس کی رو سے منظوری مطلوبہ زیر قواعد ایکٹ ہذا دی گئی +

(۲) کوئی حق جس کا دعوےٰ کوئی شخص بذریعہ کسی معاملہ یا شرط کی رو سے کرے جو بموجب اس ایکٹ کے کالعدم اور ناجائز قرار دیگئی ہو اس کا اندراج مسل حقیت یا کسی کاغذات سالانہ میں نہیں کیا جاویگا +

اطلاق بعض احکام ایکٹ معاملہ زمین پنجاب ۱۸۸۷ء

دفعہ ۱۹- باتباع احکام ایکٹ ہذا احکام مندرجہ باب دوم ایکٹ معاملہ زمین پنجاب ۱۷ سنہ ۱۸۸۷ء جہاں تک وہ متعلق ہوسکیں افسران مال کی کارروائی زیر ایکٹ ہذا پر اطلاق پذیر ہونگے +

اشخاص قانون پیشہ کی پیشی کی ممانعت

دفعہ ۲۰- کوئی شخص قانون پیشہ کسی فریق کی طرف سے اس کارروائی میں جو زیر ایکٹ ہذا افسر مال کر رہا ہو پیش نہیں ہوسکیگا +

تشریح :- لفظ قانون پیشہ میں مختار بھی شامل ہے +

عدالتہائے دیوانی کو اختیار دینے کی بندش

دفعہ ۲۱- (۱) کسی عدالت دیوانی کو اختیار سماعت کسی ایسے معاملہ کا نہو گا جس کو لوکل گورنمنٹ یا ریونیو افسر بموجب ایکٹ ہذا فیصلہ کرنے کا اختیار رکھتا ہو +

(۲) کوئی عدالت دیوانی کسی ایسے طریق عمل کی بابت سماعت نہیں کریگی جس میں لوکل گورنمنٹ یا کوئی ریونیو افسر کو بذریعہ یا زیر ایکٹ ہذا حاصل ہے +

ایکٹ دخل رعیتانہ پنجاب نمبر ۱۶ سنہ ۱۸۸۷ء کی دفعہ ۷۷ میں ایزادی

دفعہ ۲۲- ایکٹ دخل رعیتانہ پنجاب نمبر ۱۶ سنہ ۱۸۸۷ء کی دفعہ ۷۷ کی ماتحتی دفعہ (۳) کی ضمن (ج) میں مقدمات متذکرہ شق اول کے اندر مندرجہ ذیل الفاظ ایزاد کئے جاوینگے +

"اور مقدمات بابت لگان جو ایسے رہن کی بابت دیا جاتا ہو جو حسب ضمن (ج) دفعہ ۶ ایکٹ انتقال اراضی پنجاب سنہ ۱۹۰۰ء کے ہوا ہو"

صاحب ڈپٹی کمشنر کے اختیارات کا استعمال

دفعہ ۲۳- جو اختیارات صاحب ڈپٹی کمشنر کو بروئے ایکٹ ہذا عطا ہوئے ہیں وہ اختیارات کوئی ریونیو افسر اس سے اعلیٰ درجہ کا یا کوئی اور افسر جس کو لوکل گورنمنٹ نے اس باب میں اختیار عطا کیا ہو استعمال کر سکیگا +

بریت

دفعہ ۲۴- لوکل گورنمنٹ کو جناب نواب گورنر جنرل بہادر باجلاس کونسل کی

منظوری بیشتر حاصل کر کے اختیار رہوگا کہ بذریعہ اشتہار منطبع سرکاری گزٹ مقامی کے کسی ضلع یا حصہ ضلع کو یا کسی شخص یا طبقہ اشخاص کو ایکٹ ہذا کی یا اُس کے کسی حکم کی اثر پذیری سے بری کر دے +

قواعد وضع کرنے کا اختیار **دفعہ ۲۵** (۱) لوکل گورنمنٹ کو اختیار رہوگا کہ احکام ایکٹ ہذا کی اغراض کے مؤثر گرداننے کیلئے قواعد وضع کرے +

(۲) علی الخصوص اور بدون نقصان پہنچانے اختیار ماسبق کی عمومیت کو لوکل گورنمنٹ کو اختیار رہوگا کہ درخصوص تعین اس بات کے قواعد وضع کرے کہ کن افسران صیغہ مال کے پاس درخواستیں ہو سکیں گی اور کس طریقہ پر اور کس اسلوب پر ایسی درخواستیں کیجائینگی اور وہ فیصل پائیں گی +

قواعد

زیر ایکٹ انتقال اراضی پنجاب

۲۲-مئی سنہ ۱۹۰۱ء

نمبر ۲۰-ایس-اشتہار: جناب معلیٰ القاب گورنر جنرل بہادر اُن اختیارات کی رو سے جو جناب ممدوح کو ایکٹ انتقال اراضی پنجاب سنہ ۱۹۰۰ء نمبر ۱۳ مصدرہ سنہ ۱۹۰۰ء کی دفعہ ا ضمن (۳) میں تفویض ہوتے ہیں اعلان فرماتے ہیں کہ ایکٹ مذکور ۸ جون سنہ ۱۹۰۱ء سے نافذ ہوگا +

نمبر ۲۱-ایس-اشتہار: جناب نواب لفٹنٹ گورنر بہادر پنجاب اُن اختیارات کی رو سے جو جناب ممدوح کو ایکٹ انتقال اراضی پنجاب سنہ ۱۹۰۰ء نمبر ۱۳ مصدرہ سنہ ۱۹۰۰ء) کی دفعہ ۴ میں تفویض ہوئے ہیں اور جناب معلیٰ القاب گورنر جنرل بہادر باجلاس کونسل کی پیشگی منظوری سے مندرجہ ذیل احکام جن کے ذریعہ سے یہ معین کیا گیا ہے کہ ایکٹ ہذا کی اغراض کے لئے کونسے گروہ اشخاص کے اقوام زراعت پیشہ یا اقوام زراعت پیشہ کی جماعتوں میں شمار کئے جاوینگے جاری فرماتے ہیں:- (۱) پنجاب کے ہر ایک ضلع میں جو

ضمیمہ منسلکہ اشتہار ہذا کے خانہ اول میں مندرج ہے تمام اشخاص خواہ اُن کے پاس اراضی ہو یا وہ معمولی طور پر ضلع مذکور میں بودو باش رکھتے ہوں اور ضلع مذکور کے نام کے محاذی اقوام مندرجہ خانہ دوم میں سے کسی ایک سے تعلق رکھتے ہوں وہ اُس ضلع کے اندر "قوم زراعت پیشہ" اقوام زراعت پیشہ کا ایک گروہ شمار کی جاوینگی +

۲۴ مئی ۱۹۰۱ء

نمبر ۲۲-ایس اشتہار - بہ نفاذ عطیہ از روئے دفعہ ۲۴-ایکٹ انتقال اراضی پنجاب (نمبر ۱۳ مصدرہ ۱۹۰۰ء) و بہ پیشگی منظوری جناب معلیٰ القاب گورنر جنرل بہادر باجلاس کونسل جناب نواب لفٹننٹ گورنر بہادر پنجاب :-

(۱) پنجاب کے مندرجہ ذیل حصص کو ایکٹ مذکور کے عملدرآمد سے مستثنیٰ فرماتے ہیں - یعنی :-
(الف) ضلع شملہ (ب) ضلع ہزارہ - (ج) ضلع پشاور (د) ضلع کوہاٹ (ہ) ضلع بنوں کی تحصیلات بنوں و مروت + (و) ضلع ڈیرہ اسمعیلخاں کی تحصیلات ڈیرہ اسمعیلخاں و کلاچی اور ٹانک - اور

(۲) ہر ایک رقبہ کو جو کسی ایسی چھاونی یا میونسپلٹی کی حدود کے اندر شامل ہو جو پنجاب کے کسی ایسے حصہ میں واقع ہو جو اشتہار ہذا کے فقرہ (۱) کے ذریعہ سے ایکٹ مذکور کے احکام کے عملدرآمد سے مستثنیٰ نہ کیا گیا ہو ایکٹ مذکور کے احکام دفعات ۲ و ۳ فقرات (۱) و (۲) و (۳) اور (۶) و دفعات ۴ و ۱۰ اور ۱۶ و دفعہ ۱۷ ماتحتی کی دفعہ (۱) و دفعہ ۱۸ کی ماتحتی دفعہ (۲) و دفعہ ۲۱ کی ماتحتی دفعہ (۲) اور دفعہ ۲۴ کے اثر سے مستثنیٰ فرماتے ہیں +

نمبر ۲۳-ایس - اشتہار - جناب نواب لفٹننٹ گورنر بہادر پنجاب اُن اختیارات کی روسے جو جناب ممدوح کو ایکٹ انتقال اراضی پنجاب کی دفعات ۱۹ و ۲۵ اور ایکٹ معاملہ زمین پنجاب ۱۸۸۷ء کی دفعہ ۱۷ کے بموجب حاصل ہیں مندرجہ ذیل قواعد مرتب فرماتے ہیں اور وہ آخر الذکر ایکٹ کے بموجب مرتب شدہ قواعد متعلقہ فردہائے داخلخارج و پرچہ ہائے و کاغذات باچھ اور احکام عدالت کے باب پنجم کے ضمیمہ کے طور پر پڑھے جاویں +

قواعد مندرجہ زیر ایکٹ معاملہ بین پنجاب کے باب پنجم کا ضمیمہ

اوّل:- اگر اراضی کا کوئی انتقال ایکٹ انتقال اراضی پنجاب سنہ ۱۹۰۰ء کے احکام خلاف عمل میں آوے اسمیں کوئی ایسی شرط عائد کی گئی ہو جو احکام متذکرہ کے خلاف ہو تو بھی اسکا علم ہونے پر پٹواری اسکو اپنے رجسٹر داخلخارج متعلقہ موضع وقوعہ میں درج کر لیگا +

دوم:- اندراج زیر قاعدہ ماسبق کے ساتھ اسی طرح سلوک کیا جائیگا جیساکہ دیگر اندراجات کے ساتھ جو رجسٹر داخلخارج میں زیر باب ہذا کئے گئے ہوں بجز اسکے کہ صاحب افسر مال جنکے روبرو وہ رجسٹر باب مذکور کے قاعدہ ۸ھ کے بموجب صدور حکم کے لئے پیش کیا جاتا ہے طرفین کے بیانات سُن کر اور انکے بیانات کی ایک یادداشت تحریر کر کے

(۱) مستقل انتقال کی صورت میں کاغذات داخلخارج اور اپنی سفارش بدیںمضمون کہ منظور کیا جاوے یا نہ کیا جاوے ایکٹ انتقال اراضی پنجاب کی دفعہ ۳ (۲) اور (۳) کے بموجب صدور حکم کے لئے صاحب ڈپٹی کمشنر کی خدمت میں بھیجدینگا یا (۲) عارضی انتقال کی صورت میں داخلخارج کو منظور کرنے سے انکار کریگا اور فریقین کو ایکٹ انتقال اراضی پنجاب کے اُن احکام کی طرف متوجہ کریگا جنکی اُنھوں نے خلاف ورزی کی ہو +

سوم:- قاعدہ ۲ (۱) کے بموجب ارسال کردہ کاغذات داخلخارج کے موصول ہونے پر صاحب ڈپٹی کمشنر ایسی مزید تحقیقات کے بعد اگر کوئی ہو جو وہ مناسب خیال کریں منظوری محکومہ دفعہ ۳ کی ماتحتی دفعہ (۲) ایکٹ انتقال اراضی پنجاب عطا کرینگے یا اسکے عطا کرنے سے انکار کرینگے۔ مزید تحقیقات زیر قاعدہ ہذا کی اغراض کے لئے صاحب ڈپٹی کمشنر معاملہ مذکور کو اپنے ماتحت کسی عہدہ دار مال کے سپرد بغرض تحقیقات و رپورٹ کر سکتے ہیں اور اس رپورٹ پر معاملہ مذکور کا فیصلہ کر سکتے ہیں +

چہارم۔ جب صاحب ڈپٹی کمشنر نے کسی معاملہ کا قاعدہ ۳ کے بموجب فیصلہ کر دیا ہو تو وہ اپنے حکم کو کاغذات داخلخارج پر تحریر کر کے اُنکو اُس عہدہ دار مال کے پاس واپس کرنیکی ہدایت کرینگے جو اُس موضع کے مقدمات داخلخارج کا انتقال کرتا ہو جہاں منتقل شدہ اراضی واقع ہو +

پنجم۔ اگر صاحب ڈپٹی کمشنر انتقال کو منظور کر لیں تو انکی منظوری کا کاغذات داخلخارج پر قلمبند ہونا ایکٹ انتقال اراضی پنجاب کی دفعہ ۸ اکی اغراض کے لیئے حکم منظوری کی کافی شہادت سمجھا جائیگا اور وہ ریونیو افسر جس کا کام مقدمہ داخلخارج کا انفصال کرنا ہے اسکا انفصال کر دیگا اور وہ کسی ایسے اعتراض کے باعث جو ایکٹ مذکور سے پیدا ہوتا ہے داخلخارج کرنے سے انکار نہ کریگا +

ششم:۔ اگر صاحب ڈپٹی کمشنر انتقال کے منظور کرنے سے انکار کریں تو مقدمہ داخلخارج کے انفصال کرنے والا ریونیو افسر اُس مقدمہ میں ایسا حکم دیگا جو صاحب ڈپٹی کمشنر کے اُس حکم کے مطابق ہو جس کے ذریعہ انہوں نے منظوری عطا کرنے سے انکار کیا ہو +

ہفتم جب کوئی کاغذات داخلخارج زیر قاعدہ ۲ (۱) صاحب ڈپٹی کمشنر کے پاس مرسل کیئے گئے ہوں تو اُنکی ترسیل صاحب ڈپٹی کمشنر کے اُن اختیارات کے استعمال کرنے کے لیئے ایک درخواست متصور ہوگی جو اُن کو ایکٹ انتقال اراضی پنجاب کی دفعہ ۳ کی رو سے تفویض ہوئے ہیں ایسی درخواست پر اسٹامپ چسپاں کرنیکی ضرورت نہیں اور نہ مقدمہ ہذا میں اختیارات کے استعمال کے لیئے کسی علیحدہ درخواست کی ضرورت ہے +

ہشتم:۔ قواعد ہذا میں کسی امر سے ایسا مطلب نہ سمجھا جائیگا جس سے صاحب ڈپٹی کمشنر کی خدمت میں اُن اختیارات کے استعمال کے لیئے جو اُن کو ایکٹ انتقال اراضی پنجاب ۱۹۰۰ء کے بموجب تفویض ہوئے ہیں ایسی درخواستوں کے کرنے کی ممانعت ہو جو کسی ایسے اور طریق پر کیگئی ہوں جو کسی قانون یا قواعد بمنزلہ قانون کے بموجب جائز ہو +

نمبر ۲۴-ایس اشتہا:۔ جناب نواب لفٹنٹ گورنر بہادر پنجاب اُن اختیارات کی رو سے جو جناب ممدوح کو ایکٹ انتقال اراضی پنجاب ۱۹۰۰ء کی دفعہ ۲۵ کے بموجب تفویض ہوئے ہیں مندرجہ ذیل قواعد اس بارہ میں تجویز فرماتے ہیں کہ کن افسران صیغہ مال کے پاس صاحب ڈپٹی کمشنر کے ان اختیارات کے استعمال کے لیئے درخواستیں دیجاسکتی ہیں جو اُن کو زیر ایکٹ انتقال اراضی پنجاب ۱۹۰۰ء عطا ہوں اور کس طریق اور کس نمونہ پر ایسی درخواستیں کیجائینگی اور ان کا انفصال ہوگا +

قواعد

(۱) کوئی درخواست جو کسی ڈپٹی کمشنر کے اُس اختیار کے استعمال کے لئے دیجائیگی جو اسکو ایکٹ انتقال اراضی پنجاب کی رو سے تفویض ہو تحریری ہو گی اور درخواست کنندہ کے یا اُسکی طرف سے اسپر دستخط ثبت ہونگے اور اسکی تصدیق کی جاویگی اور اسکے ہمراہ کاغذات سالانہ یا مسل حقیت کا ایسا انتخاب شامل ہو گا جس سے اراضی متدعویہ کا کافی پتہ ظاہر ہو درخواست پر آٹھ آنہ کا اسٹامپ چسپاں ہو گا اور انتخاب کاغذات مال پر بھی ایکٹ کورٹ فیس کی دفعہ ۶ اور ضمیمہ ا نمبر ۹ کے بموجب باقاعدہ اسٹامپ چسپاں ہو گا +

(۲) ایسی درخواست صاحبڈپٹی کمشنر یا کوئی اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول یا دوم وصول کر سکتے ہیں

(۳) اگر درخواست مذکور کا موصول کنندہ اسسٹنٹ کلکٹر مقدمات داخلخارج سے سروکار رکھتا ہو اور وہ درخواست کسی ایسے مقدمہ کے متعلق اُن کے پاس دیجاوے تو وہ ہدایت مندرجہ ضمیمہ قواعد باب پنجم زیر ایکٹ معاملہ زمین پنجاب مشتہرہ اشتہار نمبری ۲۳-ایس مورخہ ۲۲ مئی سنہ ۱۹۰۱ء کے بموجب عمل کریگا اور وہ درخواست مذکور کو معہ کاغذات داخلخارج مندرجہ قواعد مذکور صاحبڈپٹی کمشنر کے پاس ارسال کریگا +

(۴) اگر درخواست کسی اسسٹنٹ کلکٹر کے پاس کیگئی ہو لیکن کسی مقدمہ داخلخارج کے متعلق نہو تو اسسٹنٹ کلکٹر اُسکو عام طور پر یا خاص طور پر جس طرح صاحبڈپٹی کمشنر نے بذریعہ حکم تحریری اختیارات عطا کئے ہوں اس مقدمہ کی تحقیقات کریگا اور اُس درخواست کو اپنی تحقیقات کے نتائج کی رپورٹ کے ساتھ صاحبڈپٹی کمشنر کی خدمت میں واسطے صدور حکم ارسال کریگا۔ اگر اسسٹنٹ کلکٹر کو اسطرح کا اختیار عطا نہو تو وہ درخواست کو بلا اپنی رائے کے صاحبڈپٹی کمشنر کے پاس واسطے صدور حکم ارسال کریگا +

(۵) درخواست زیر قواعد ہذا کے موصول ہونے پر جایز ہے کہ صاحبڈپٹی کمشنر درخواست پر ہی فیصلہ کردیں یا خود ایسی تحقیقات کریں جو کہ وہ ضروری سمجھیں یا تحقیقات اور رپورٹ کرنے کی غرض سے کسی اپنے ماتحت ریونیو افسر کے سپرد کردیں اور رپورٹ پر یا اپنی تحقیقات کے نتائج پر جیسی کہ صورت ہو مقدمہ کا فیصلہ کریں +

نمبر ۲۵-ایس اشتہار:- جناب نواب لفٹننٹ گورنر بہادر پنجاب اُن اختیارات کے بموجب جو جناب ممدوح کو انتقال اراضی پنجاب کی دفعہ ۲۵ کی رو سے حاصل ہیں صاحب ڈپٹی کمشنر کے ایسے مقدمات سے جو کسی عدالت دیوانی سے زیر ایکٹ مذکور اُن کے پاس ارسال کئے گئے ہوں ان اختیارات کے استعمال کرنے کے بارہ میں جو اُن کو ایکٹ مذکور کی رو سے تفویض ہوئے ہیں مندرجہ ذیل قاعدہ مرتب فرماتے ہیں +

قاعدہ

جب کوئی عدالت دیوانی زیر ایکٹ انتقال اراضی پنجاب ۱۹۰۰ء ڈپٹی کمشنر سے استصواب کرے تو صاحب ڈپٹی کمشنر اس استصواب پر یا ایسی مزید تحقیقات کر کے جو وہ مناسب خیال کریں یا اُس استصواب کو کسی ایسے ماتحت عہدہ دار مال کے پاس واسطے تحقیقات در پورٹ بھیجکر اور رپورٹ مرسلہ پر غور کر کے ایسے اختیارات استعمال کر سکتے ہیں جو اُس مقدمہ پر اطلاق پذیر ہوں اور جو اُن کو ایکٹ مذکور کے ذریعہ سے عطا ہوئے ہوں +

دستخط

اے-ایچ-ڈلنک- سکرٹری گورنمنٹ پنجاب صیغہ مال وخزانہ

خلاصہ قواعد سررشتہ تار برقی

پتہ:- پتہ میں مکتوب الیہ کا نام اُس کا پتہ ونشان اور اُس مقام کا نام شامل ہے- جہاں وہ تار بھیجا جائے- پتہ میں تمام ایسی ضروری باتیں لکھ دینی چاہئے کہ تار پہنچانے میں دقت واقع نہو اور بہت تلاش اور تجسس نہ کرنا پڑے اگر تار چلا یا جائیگا اور پتہ ناکافی ہوگا تو اُس کا نقصان بھیجنے والے کو اُٹھانا پڑیگا کیونکہ جب تار روانہ ہو جاتا ہے تو نہ اُسے مکمل کر سکتے ہیں نہ بدل سکتے ہیں سوائے پیڈ سروس اڈوائس کے (یعنے تبدیل یا تکمیل پتہ کا پھر اور محصول دینا پڑیگا) +

فرستندہ کا نام:- فرستندہ کے نام میں اُس کا اصلی نام یا اُس کا عہدہ اور پتہ شامل ہے نام اور عہدہ وغیرہ دونوں بذریعہ تار نہیں بھیجے جائینگے تاوقتیکہ یہ ثابت نہ ہو جاے

کہ بغیر اسکے مکتوب الیہ کو فرستندہ کے معلوم کرنے میں دقت واقع ہوگی۔ ایک تار کو کئی آدمی اپنے جداگانہ ناموں سے نہیں بھیج سکتے ہیں یہ صرف ایک شخص یا ایک کارخانے یا دوکان کی جانب سے ہونا چاہئے البتہ ایک جماعت کی طرف سے ایک ہی تار جاسکتا ہے بشرطیکہ اُنکی حیثیت منصبی ایک ہو اور مسلم ہو مگر اس جماعت کا صرف منصب یا پتہ لکھا جائیگا جداگانہ جو اسمیں شریک ہیں اُن کے نام نہیں دیئے جائینگے اگر فرستندہ تار چاہتا ہے کہ میرا پتہ بھی بھیجا جاوے تو اُسے زائد محصول دینا پڑیگا۔ فرستندہ کا نام اور پتہ بذریعہ تار اُس حالت میں بھیجا جاسکتا ہے کہ اسے پہلے ہی مختصر اور موزون بناکر رجسٹری کرا دیا ہو جو پتے رجسٹری ہو جاتے ہیں وہ تار گھر میں درج رہتے ہیں جب کوئی تار آتا ہے تو فوراً اُسی پتے پر پہنچا دیا جاتا ہے)۔

مطلب:۔ کوئی نج کا تار یا تار خبروں کا سلسلہ جسمیں پانسو الفاظ سے زیادہ ہوں ایک وقت میں ایک شخص یا ایک کارخانے کی جانب سے باہر نہیں بھیجے جاسکتے اور ایسی تار خبر کے بعد بھی جسمیں پانسو الفاظ ہوں تین گھنٹے بعد تک اُسی شخص یا اُسی کارخانے کی جانب سے اور کوئی تار نہیں بھیجا جاسکتا تاوقتیکہ تار تمام اُور کاروبار سے خالی نہو لے۔

دستخط۔ فرستندہ کے اصلی دستخط اور پتہ تار خبر کے اخیر میں ہمیشہ لکھنا چاہئے نج کے تار کے بھیجنے والے کو ہمیشہ اس امر کی تصدیق کے لئے بلایا جاسکتا ہے کہ جو دستخط کئے گئے ہیں وہ اصلی ہیں۔

سرکاری تار خبریں:۔ (تشریح) سرکاری تاروں سے وہ تار مراد ہے جو گورنمنٹ برطانیہ کے مقرر کردہ افسر گورنمنٹ انگلیشیہ کے کاروبار کے متعلق بھیجیں۔

محصول کی ادائیگی وغیرہ:۔ سرکاری تاروں پر فرستندہ تار کو لفظ "سٹیٹ" (یعنی سرکاری) لکھنا چاہئے یا اسپر ٹکٹ لگنے چاہئیں۔ شرح محصول نج اور سرکاری تاروں کی یکسان ہے اشد ضروری موقعوں پر پیشگی محصول ادا کر دینے کے قواعد میں کسی قدر رعایت کی جاسکتی ہے۔

دفاتر ریلوے:۔ سرکاری تار ایسے مقامات میں جہاں سرکاری تار گھر نہیں ہونگے وہاں ایک ریلوے کے تار گھروں میں بیجائے جائینگے تو وہ قبول نہیں ہونگے

سوائے اشد ضروری حالت کے یا اُس حالت میں کہ فرستندہ کا دفتر یا جائے سکونت ریلوے دفتر سے بہ نسبت سرکاری تار گھر کے قریب تر ہو +

مختصر مراتب:- سرکاری اِن لینڈ تار خبروں میں سرکاری افسر کے مختصر عہدوں کے نام استعمال کئے جاتے ہیں۔ ایسے منظور شدہ مختصر عہدوں کی ایک فہرست ٹیلیگراف گائیڈ میں شایع ہوتی ہے +

کلیر لائن تار خبریں:- اشد ضروری موقعوں پر اہم امور کے لئے مندرجہ ذیل افسران مجاز ہیں کہ تار کی لائن کو ہندو ہندوستان کے اندر صاف کرا دیں۔ یعنی تمام تاروں کی آمد و رفت کو رکوا دیں تا وقتیکہ جس تار کے لئے لائن صاف کرائی گئی ہے روانہ نہو جاوے +

حضور گورنر جنرل ہند۔ گورنر مدراس۔ گورنر بمبئی۔ کمانڈر انچیف ہند و مدراس و بمبئی۔ لفٹنٹ گورنر بنگال۔ پنجاب۔ لفٹنٹ گورنر ممالک مغربی و شمالی و چیف کمشنر اودھ سکرٹریان گورنمنٹ ہند و سکرٹریان گورنمنٹ مدراس و بمبئی۔ بنگال۔ ممالک مغربی و شمالی و پنجاب چیف کمشنران ممالک متوسط۔ برٹش برہما و آسام۔ ایجنٹ گورنر جنرل راجپوتانہ۔ وسط ہند و بلوچستان۔ کمشنر سندھ و کمشنر پشاور۔ ریزیڈنٹ صاحبان حیدر آباد (دکن) و میسور۔ مہاراج پٹیالہ (صرف پٹیالہ کے دفتر سے) و ڈائرکٹر جنرل صیغہ تار برقی ہند یہ جو تار بھیجے جائینگے اُن پر محصول بشرح تار سرکاری بمدار جنٹ (ضروری) محسوس ہوگا +

الفاظ (کلیئر لائن) مطلب کے پیشتر لکھنے چاہئیں +

الفاظ کا شمار:- (یعنی الفاظ جن پر محصول شمار کیا جاتا ہے):- تمام وہ الفاظ جو فرستندہ روانہ کرنے کے لئے لکھتا ہے اس میں محصول کا شمار باستثنائے خاص ہند یا کے جس جگہ سے تار جائے اُس دفتر تار گھر نام اور فرستندہ کا نام و منصب شامل ہیں انکے علاوہ اُور الفاظ روانہ نہیں کئے جا سکتے تا وقتیکہ زائد محصول ادا کیا جاوے جس طرح سے کہ مضمون کا ادا کیا جاتا ہے اور تار گھر کے افسر مجاز ہیں کہ پتہ نشان میں سے

ایسے الفاظ حذف کر دیں جن کی نسبت اُنہیں یقین ہو کہ انکے اُڑا دینے سے تار کے ٹھیک طور پر پہنچنے میں ہرج واقع نہو گا +

محصول (درجے):- تار خبروں کے تین درجے ہیں ارجنٹ (ضروری) آرڈنری (معمولی) اور ڈیفرڈ (ملتوی) +

ہندوستان میں نج اور سرکاری تار خبروں کے لئے مندرجۂ ذیل شرحیں ہیں:-

	ارجنٹ	آرڈنری	ڈیفرڈ
پہلے آٹھ الفاظ یا تین اعداد کے مجموعے کے لئے	۱۲	۸	۴
ہر ایک زائد لفظ یا تین اعداد کے مجموعے کیلئے	۴	۲	۱

ارجنٹ تار خبریں فی الفور روانہ کیجاتی ہیں اور آرڈنری تار خبروں پر اُس کو ترجیح دیجاتی ہے اور پتہ پر خاص عجلت کے ساتھ پہنچائی جاتی ہیں۔ زندگی اور موت کا جبکہ معاملہ یا غیر معمولی طور پر کوئی اشد ضروری کام آپڑے تو اُسوقت ارجنٹ تار کسی تار گھر سے کسی وقت بھیج سکتے ہیں +

آرڈنری تار خبریں ارجنٹ خبروں کے بعد فوراً بھیجی جاتی ہیں اور تار گھر کے چپراسی کی معرفت تقسیم ہوتی ہیں +

ڈیفرڈ تار خبریں اُسی وقت بھیجی جاتی ہیں جبکہ ارجنٹ اور آرڈنری تار خبریں بھیجی جاچکیں اور معمولی طور پر چٹھی رساں کی معرفت تقسیم ہوتی ہیں +

مُفت پتے نشان وغیرہ۔ فرستندہ کی خاص ہدایات جو مختصر پیرایہ میں ہوں۔ پتہ نام تار گھر جہاں سے تار چلا ہے اور فرستندہ کا نام اور منصب مفت بھیجا جاتا ہے انکے علاوہ اور کوئی لفظ مفت نہیں بھیجا جا سکتا اور افسران تار گھر مجاز ہیں کہ وہ پتہ سے ایسے الفاظ نکال ڈالیں جن سے تار کے ٹھیک طور پر پہنچنے میں ہرج واقع نہو

تار پہنچانا (مُفت پہنچانا):- تار دفتر تارگھر سے ۵ میل کے اندر مُفت پہنچائے جاتے ہیں۔ پانچ میل سے باہر تار بذریعہ ڈاک بغیر زائد محصول لئے پہنچائے جاتے ہیں اور اگر ڈیفرڈ نہیں تو ایسے وسائل کے ذریعے جن کا فرستندہ انتظام کرے اور اُن کا خرچ ادا کرے +

ایک پتہ سے دوسرے پتہ پر بھیجنا۔ اگر مکتوب الیہ اپنے مقام سے جہاں کہ تار بھیجا گیا تھا کسی اور جگہ چلا گیا ہے تو اگر تار کے لفافے کو بغیر کھولے نیا پتہ مکتوب الیہ کا لکھ کر تار کے چپراسی واپس کر دیا جائیگا تو یہ بغیر کسی زائد محصول کے نئے نئے پتے پر بھیجدیا جائیگا اسی طرح اگر مکتوب الیہ اپنا مقام چھوڑنے سے پہلے تحریری پتہ ڈاکخانے میں دیجاوے کہ اس پتے پر خطوط و تار وغیرہ میرے پاس بھیجدیئے جاویں تو تار کے پہنچتے ہی فی الفور نئے پتے پر بھیج دیا جاویگا۔ مقامی پتے پر بھیجنے کی کوئی ضرورت نہیں ہوگی یا اگر ڈاکخانے والوں کو نیا پتہ معلوم ہوگا تو وہ فی الفور تار روانہ کر دینگے اگر مکتوب الیہ سیلون (لنکا) کو بھی چلا جاوے تو وہاں بھی تار کو دوبارہ نئے پتے پر بھیجا جاسکتا ہے مگر مکتوب الیہ سے زائد صرفہ لے لیا جائیگا جیسے کہ فرستندہ سے لے لیا جاتا۔ اگر وہ پہلے ہی سیلون کو تار بھیجنا +

جب کوئی شخص تار گھر میں اطلاع دیدے کہ میری تار صیغہ امانت میں رہے تا وقتیکہ میں طلب نہ کروں یا معرفت تار گھر آدیں تو وہ مکتوب الیہ کو ہی دیئے جاوینگے یا اُسکے گماشتہ کو یا جس شخص کو وہ نامزد کرے +

سرکاری تار گھر کسی ایسے تار کا ذمہ دار نہیں ہے جو مختصر مقررہ پتے پر بھیجا جاوے اور وہ پتہ رجسٹری شدہ نہ ہو اور نہ اُس دیر کا ذمہ وار ہے جو تار پہنچانے میں لگے جن اشخاص کے نام اکثر مختصر پتے پر تار آتے ہیں اُن کے لئے ضروری ہے کہ اپنا پتہ رجسٹری کرالیویں اور افسران تار گھر مجاز ہیں کہ ایسے مختصر پتے کے تار نہ پہنچاویں جن کے مختصر پتے کی نسبت نوٹس دیا گیا ہو کہ میعاد مقررہ کے اندر رجسٹری کرالو اگر میعاد گذر جاوے اور وہ شخص جسکو رجسٹری کرنے کے لئے نوٹس دیا گیا ہے توجہ نہ کرے تو تار گھر کے افسر تار روک سکتے ہیں +

جو اشخاص مختصر پتے کی رجسٹری کرانا چاہتے ہیں اُن کو مناسب ہے کہ مختصر پتے کے لئے غیر معمولی الفاظ چن لیں اپنا نام وغیرہ نہ لکھیں تاکہ ایک ہی نام کے دو اشخاص کے نام غلطی سے تار بھیج دینے کا احتمال جاتا رہے +

مثلاً ایک شخص نے اپنا مختصر پتہ یہ رجسٹری کرایا۔ "امجد علی دی انار کلی لاہور"۔ اب اگر انار کلی میں کئی امجد علی ہیں تو ممکن ہے کہ بعض اوقات تار گھر کا چپراسی غلطی سے کسی ایسے امجد علی کے ہاں تار پہنچا وے جس کا تار نہ ہو اور پھر واپس لاوے اور بے فائدہ دیر ہو اسلئے بہتر یہ ہے کہ غیر معمولی الفاظ کا مختصر پتہ رجسٹری کرا دے مثلاً "پیسہ۔ لاہور" تار آتے ہی دفتر پیسہ اخبار میں پہنچ جائیگا کیونکہ دوسرا اس مختصر پتے کو رجسٹری نہیں کرا سکیگا۔

اخبارات کے لئے رعایتی تار برقیاں: محکمہ تار نے اخبارات کے لئے خبروں کے تار بھیجنے کے لئے بہت رعایتی نرخ مقرر کئے ہوئے ہیں مگر صرف انہیں اخبارات سے یہ رعایت ملحوظ ہو سکتی ہے جنہوں نے اپنا نام اس محکمہ میں بپابندی کچھ قواعد کے رجسٹری کرایا ہو۔ رعایتی نرخ یہ ہے:-

	ارجنٹ ضروری	آرڈنیری	ڈیفرڈ ملتوی
پہلے ۳۲۔ الفاظ یا ہر ۳۲۔ اعداد کے لئے	عہ ر	۱۴ر	۸ر
ہر چار زائد الفاظ یا مجموعہ ۳۲ اعداد کیلئے	۴ر	۲ر	۱ر

کچھ تھوڑا سا زائد خرچ کرنے سے ایک ہی شہر میں اگر زیادہ اخبارات کو ایک ہی خبر پہنچنی ہو تو پہنچ جاتی ہے۔

قواعد ڈاکخانجات ہند

تمہید:- ڈاکخانوں سے جس قدر اس شائستگی کے زمانے میں ہمیں کام پڑتا ہے اور رسل رسائل اور اخبارات کے جلدی جلدی پہنچنے سے جس قدر ہمیں آرام ہوا ہے اُس کی قدر صرف اُسی صورت میں معلوم ہو سکتی ہے اگر ہم ایک دم کے لئے آج سے ایکسو سال پیشتر کی کیفیت اپنے ذہن میں منتقل کر لیں چونکہ اخبارات پڑھنے اور خط خطوط لکھنے اور لینے کا ہر شخص کو عام اس سے خواندہ ہو یا ناخواندہ ہر وقت کام رہتا ہے اسلئے ہم ڈاکخانے کے قواعد سنین گزشتہ کی نسبت کسی قدر تفصیل سے نادر کتاب ہذا میں درج کرتے ہیں اگر آپ کو اس سے بھی زیادہ تفصیل معلوم کرنیکی ضرورت ہو تو پوسٹل گائیڈ ایک انگریزی کتاب جو ہر ڈاکخانے سے ملسکتی ہے خرید لیجئے۔

یہ سہ ماہی وار چھپتا ہے ٭

ڈاکخانہ کے کام کے اوقات:۔ ہر ایک ڈاکخانے کے کام کے اوقات کہ جنھیں پبلک سے کام کیا جاتا ہے یا ڈاکیں بند کیجاتی ہیں عموماً ایک تختے پر لکھ کر ڈاکخانے کے باہر لٹکائے جاتے ہیں بڑے بڑے شہروں کے ڈاکخانے صبح سے شام تک کھلے رہتے ہیں مگر باقی مقامات کے لئے یہ وقت مقرر ہیں:۔

استفسار اور درخواستوں وغیرہ کے جوابات ۷ سے ۸ بجے صبح اور دوپہر سے ۵ بجے شام تک

رجسٹری ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ } مندرجہ بالا اوقات بشرطیکہ لوکل سہولیت کے لئے اور طرح نہ مشتہر کیا گیا ہو ٭

بیمہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

پارسل ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ویلیو پے ایبل ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اسٹیائے پوسٹ کردہ کے سرٹیفکٹ دینا

منی آرڈر جاری کرنا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دوپہر سے ۴ بجے شام تک

سیونگ بینک کا کام ۔۔۔۔۔۔ " " "

تار کے منی آرڈر دن بھر کے کسی وقت میں بھیجے جا سکتے ہیں خواہ اتوار ہی ہو ۔ یا دفتر کا وقت ختم ہو چکا ہو ٭

خطوط پر محصول:۔ ایسے خطوں پر جو آدھ تولہ ہوں محصول ۲؍ ہے اگر ایک تولہ ہوں تو ۱؍ اور زیادہ کے لئے فی تولہ ۱؍ اور ہر ایک زائد تولہ کے جزو کیلئے بھی ۱؍ ہوگا

بیرنگ یا ٹکٹ دار خطوط جن پر کم محصول دیا گیا ہے:۔ جو خط بغیر ٹکٹ لگائے ڈالا جاویگا اُس پر اُس شخص سے جو اُسے لیگا دُگنا محصول لیا جاویگا اور جو چٹھی ٹکٹ لگا کر چھوڑی جاوے گی اور تولنے پر اُس کا وزن زیادہ معلوم دیگا تو جو کمی محصول معلوم ہو گی اُسکا دُگنا محصول دینا پڑیگا ٭

پوسٹ کارڈ:۔ اکہرے یا جوابی پوسٹ کارڈ عوام الناس کے استعمال کے لئے جاری کئے گئے ہیں اور اِن لینڈ ڈاک میں جہاں جس کو چاہیں بھیج سکتے ہیں اکہرے پوسٹ کارڈ پر

-ر کا ٹکٹ چھپا ہوا ہوتا ہے اور جوابی پوسٹ کارڈ پر بھی علیحدہ علیحدہ ۹ پیسے پیسے کا ٹکٹ چھپا ہوا ہوتا ہے ؛

پتہ وغیرہ لکھنے کے خاص قواعد:- پوسٹ کارڈ کے اُس رُخ پر جسپر ٹکٹ چھپا ہوا ہوتا ہے سوائے پتہ کے اور کچھ نہیں لکھ سکتے خواہ تحریری ہو یا چھپا ہو کوئی کاغذ یا کوئی اَور شئے پوسٹ کارڈ کے ساتھ منسلک نہیں کر سکتے ہیں نہ کارڈ کو توڑ موڑ سکتے ہیں نہ اسے کاٹ سکتے ہیں اور نہ اَور شکل میں تبدیل کر سکتے ہیں البتہ چوری سے حفاظت کے لئے جو کارڈ پر ٹکٹ چھپا ہوا ہوتا ہے اُسکو اپنے انی شل (یعنی نام کے حروف) بناکر اُس کو چھید سکتے ہیں اس قاعدے کا یہ بھی استثنا ہے کہ ان لینڈ کارڈ کے لکھنے کے رُخ پر رسید یا گوندار ٹکٹ کو چسپاں کر سکتے ہیں اور کسی کاغذ کے ٹکڑے کو جو ۵ انچہ سے زیادہ طول میں نہ ہو اور ۳ انچہ سے زیادہ عرض میں نہو اور جسپر مکتوب الیہ کا نام اور پتہ چھپا ہوا ہو اُسے بھی ان لینڈ پوسٹ کارڈ کے مضمون لکھنے کے رُخ پر چسپاں کر سکتے ہیں۔ بخلاف پرائیویٹ پوسٹ کارڈ کے سرکاری پوسٹ کارڈ کے پتے کی طرف اگر المرسل کا نام درج نہو گا تو کارڈ بیرنگ سمجھا جائیگا ؛

کتاب کے پولندوں پر محصول:- کتابوں کے پیکٹوں یا پولندوں پر ۱۰ تولے تک وزن کے لئے . محصول ہوتا ہے اسی طرح ہر ایک ۱۰ تولے تک . ر - ۱۰ تولے سے کم وزن پر بھی . ر ہی لگیگا ؛

بیرنگ یا ناکافی محصول بُک پیکٹ:- جو کتابوں کا پولندہ بیرنگ بھیجا جائیگا اُسے جو لے گا اُسکو دُگنا محصول ادا کرنا پڑیگا۔ اور جو پولندے پر ٹکٹ چسپاں ہوں مگر ناکافی ہوں تو جو کمی محصول میں ہوگی اُس کا دُگنا دینا پڑیگا کتابوں کے پولندے یا تو منڈھنے نہیں چاہئے یا اگر منڈھے جائیں تو اس طور پر کہ اُنکے دونوں طرف سے کنارے کھلے رہیں اور پولندوں میں کتابیں۔ اخبارات۔ کندہ اشیاء نقشے۔ عکسی تصویریں۔ نقشجات عمارات وغیرہ۔ پروف۔ کورے کاغذات۔ چمڑہ جو لکھنے کے مطلب کے لئے تیار کیا گیا ہو۔ گنتے۔ کاروبار کے کاغذات وغیرہ وغیرہ نیکن

کوئی تحریری معاملہ جو ذاتی خط وکتابت کے نہج کا ہو اُن میں ملفوف نہیں کرنا چاہئے کتابوں کے پولندے طول میں دو فٹ سے زیادہ نہیں بڑھنے چاہیئے عرض میں ایک فٹ اور عمق میں بھی ایک فٹ سے زیادہ نہیں ہونے چاہیئے مگر وزن کی کوئی حد مقرر نہیں ہے +

نمونوں کے پولندوں پر محصول:- نمونوں کے پولندوں پر بھی محصول ڈاک وہی ہے جو کتابوں کے پولندوں پر ہوتا ہے +

نمونوں کے پولندے یا تو منڈھے ہوئے نہیں ہونے چاہیئے ایسے ہوں کہ جن کے دونوں طرف سے سرے کھلے ہوں اور ۲ فٹ طول ایک فٹ عرض اور ایک فٹ عمق سے زیادہ نہیں ہونے چاہیئے اور وزن میں ۲۰ تولے سے زائد نہ ہوں- اُن میں اور کوئی شے نہیں ہونی چاہیئے سوائے ٹھیک ٹھیک تجارتی نمونوں اور سوداگری کے نمونوں کے جن کی قیمت فروخت ہرگز نہو +

اخبارات بمدرعائت:- ہر ایک اخبار کا مالک- مہتمم یا شایع کرنے والا ڈاکخانے سے انتظام کرسکتا ہے کہ اپنے اخبار کی اشاعت کی کاپیوں کے مطابق مقررہ وقت کے لئے پیشگی اور نقد محصول ڈاک داخل کردے +

شرح محصول ڈاک

	آنے
جو وزن میں تین تولے سے زیادہ نہو	۳ پائی
جو تین تولے سے زیادہ ہو مگر ۱۰ تولے سے زیادہ نہو	۶ پائی
ہر زائد ۱۰ تولے کے لئے یا ۱۰ تولے کے جزو کے لئے	۶ پائی

اخبارات کے تبادلے کی کاپیاں جو دوسرے اخباروں کے ایڈیٹروں یا مینجروں کے نام مُفت بھیجی جاتی ہیں وہ محصول ڈاک سے بری ہونگے- اور اخبارات کے پولندے جو ایجنٹوں کو ایسے اشخاص کے پاس فروخت کے لئے بھیجے جائیں- جو باقاعدہ خریدار اخبار نہ ہوں ان پولندوں پر مندرجہ بالا شرح کے حساب سے نصف محصول لیا جائیگا +

پارسل:- پارسلوں پر محصول ڈاک ۲۰ تولے کے لئے چار آنے ہے چالیس ۴۰ تولے کے لئے آٹھ آنے ہے اور ہر زائد چالیس ۴۰ تولے کے جزو پر ۴ر بشرطیکہ یہ وزن اوّل ۴۰ تولے سے زائد ہو محصول ڈاک نقد دینا پڑیگا۔ سوائے اُس حالت جبکہ پارسل سرکاری نہو +
اگر پارسل بیرنگ بھیجا جائیگا تو لینے والے کو صرف اتنا ہی محصول ڈاک دینا پڑیگا۔ جو بھیجنے والے کو بوقت روانگی پارسل ادا کرنا پڑتا +

ایک پارسل وزن میں ۲۵ سیر (دو ہزار تولہ) سے نہیں بڑھنا چاہئے اور یہ ایسا نہیں ہونا چاہئے کہ اس قد و قامت یا وضع یا قطع کے باعث اس کا بھیجنا سخت تکلیف یا خطرے کے احتمال سے خالی نہو پارسل کرانے والے کو ڈاکخانے سے ہر ایک پارسل کی رسید ملتی ہے اور دیتے وقت مکتوب الیہ سے بھی رسید لیجاتی ہے +

رجسٹری:- خطوط پوسٹ کارڈ کتابوں اور نمونہ جات کے پولندے جن میں اخبارات بھی شامل ہیں ہر ایک ڈاکخانہ سے مقررہ فیس ۲ر کے ادا کرنے پر رجسٹری ہو سکتے ہیں۔ ۲ر کے ٹکٹ لگانے چاہئے اور یہی رجسٹری کی فیس ہے رجسٹری کے ذریعے اشیاء زیادہ محفوظ ہو جاتی ہیں لیکن ڈاکخانہ پارسل کے نقصان یا صدمے کا ذمہ دار نہیں۔ جو ڈاک بس اُس اثنائے میں واقع ہوں کہ جو عرصہ کہ ایک جگہ سے دوسری جگہ لیجانے میں لگتا ہے۔ رجسٹری ڈاکخانے میں کرائی جائے اُس سے ایک معمولی رسید ملجاتی ہے اور مکتوب الیہ کو رجسٹری دیتے وقت بھی رسید لیجاتی ہے

جن چٹھیوں میں کرنسی نوٹ۔ ڈاک کے ٹکٹ۔ چک۔ ہنڈیاں۔ بینک کے نوٹ بینک بل۔ وغیرہ ملفوف ہوں اُن کی ضرور رجسٹری کرانی چاہئے۔ اگر ان چیزوں کو ڈاک میں بغیر رجسٹری کرائے ڈالا جاویگا تو معلوم ہونے پر فوراً اُن کی رجسٹری کر دیجاویگی اور فرستندہ سے دگنی رجسٹری کی فیس لیجائے گی اور علاوہ ازیں اگر وزن کی زیادتی کی وجہ سے ٹکٹ اور مطلوب ہوں تو اُن کو بھی محسوب کیا جائیگا

انشیورنس (بیمہ) رجسٹری شدہ خطوط۔ قیمت طلب رجسٹری شدہ خطوط پارسل اور قیمت طلب پارسل تمام ہائے ڈاکخانجات میں پانسو روپے تک بیمہ

کرائے جا سکتے ہیں۔ اور تمام بڑے ڈاکخانوں میں ایک ہزار تک بیمہ ہو سکتے ہیں*

بیمہ کرانے کی شرح مندرجہ ذیل ہے:-

جبکہ وہ شے جس کا بیمہ کرایا گیا ہے پچاس روپے سے زیادہ قیمت کی نہو } ۲ر

جبکہ وہ شے پچاس روپے قیمت سے زائد ہو اور سو روپے سے زائد نہو } ۴ر

اسی طرح ہر زائد سو روپے کے جزو پر ۴ر لگیں گے*

جس پارسل کا بیمہ کرایا جاوے اُسے نہایت احتیاط اور حفاظت سے بند کرنا چاہئے اور اگر چٹھی ہو تو اُسپر اسطرح سے مُہریں لگانا چاہئے کہ ایک مُہر اور دوسری مُہر کے درمیان دو انچہ سے کم فاصلہ ہو زیادہ نہو اور اگر پارسل ہو تو فاصلہ تین انچہ سے کم ہو زیادہ نہو مُہریں موڑ اور سیون کے اوپر برابر برابر قطار میں لگانا چاہئے اور بیمہ کرانے والی چٹھیوں پر احتیاط مزید کیخاطر اگر ملفوف شے کا ہرج متصور نہو تو یہ ترکیب کرنی چاہئے کہ وسط میں وار پار ایک ڈورا سوئی سے نکالکر پشت لفافہ پر گرہ دے کہ فالتو ڈوری کو توڑ لیں اور اس گرہ پر بھی مہر لگادیں*

بیمہ شدہ اشیاء پر تمام محصولڈاک اول ادا کر دینا لازمی ہے جو چٹھیوں کی صورت میں بذریعہ ٹکٹوں کے اور پارسل کی صورت میں نقد ادا کر دینا لازم ہے*

جن چیزوں کا بیمہ کرانا منظور ہو وہ ڈاکخانے کی کھڑکی پر لیجانی چاہئے اور ساتھ ہی ایک اقرار نامہ کا فارم پُر کرکے دینا چاہئے۔ (یہ فارم ڈاکخانہ سے مفت ملسکتے ہیں) جس میں اشیاء کی مفصل کیفیت اور قیمت درج کرنی چاہئے اور فرستندہ کے دستخط ثبت ہونے چاہئے*

بیمہ شدہ خطوط اور پارسلوں کو بحفاظت تمام مکتوب الیہ کو پہنچا دینے کی گورنمنٹ ذمہ وار ہوگی اور اگر اثنائے مسافت میں نقصان ہو جائیگا تو اُس اصلی نقصان کا معاوضہ دیگی جو بیمہ شدہ قیمت سے زیادہ نہوگا*

ویلیوپے ایبل اشیاء۔ فرستندہ پارسل رجسٹری شدہ خط و رجسٹری یا غیر رجسٹری شدہ پولندہ کتب کو اختیار ہے کہ روانگی اشیاء کے وقت فارم پر لکھدے کہ

ان میں اس قیمت کی چیزیں ہیں تاکہ مکتوب الیہ سے قیمت وصول کرکے فرستندہ کو ادا کیجائے جو رقم مکتوب الیہ سے ویلیو پے ایبل چیز کے معاوضے میں وصول کیجاویگی وہ ۴ر سے کم و ایک ہزار روپے سے زیادہ نہ ہوگی یہ ضروری نہیں ہے کہ یہ اُس شے کی اصلی قیمت ہی ہو جو بذریعہ ڈاک روانہ کی گئی ہے ✣

قیمت طلب اشیاء سیلون (لنکا) کو معمولی قواعد سے ان لینڈ محصول کی شرح سے بھیجی جاسکتی ہیں۔ لیکن رقم مطلوبہ ڈیڑھ سو روپے سے زائد ہونی چاہیے جب مکتوب الیہ سے رقم وصول کرلیجاوے گی تو فرستندہ کو بذریعہ منی آرڈر بھیجی جائیگی اور منی آرڈر کی کمیشن ان لینڈ منی آرڈر کی شرح کے مطابق وضع کرلیجاویگی ✣

بصورت قیمت طلب غیر رجسٹری شدہ پولندہ کتب کے جس قدر رقم وصول کرنے کے لئے لکھی گئی ہے وہ وصول کرکے تمام فرستندہ پولندہ کو دے دیجاویگی ✣

ہندوستان کے دیسی روسا و والیان ریاست و نواح عدن کے بعض سرداروں کی سلامی کی توپیں

(۲۱ توپوں کی سلامی)

مہاراجہ گائکوار والی بروودہ۔

حضور نظام والی حیدرآباد دکن۔

مہاراجہ صاحب میسور۔

(۱۹ توپوں کی سلامی)

بیگم صاحبہ (یا نواب صاحب) والی بھوپال۔

مہاراجہ سندھیا والی گوالیار۔

مہاراجہ ہولکر والی اندور۔

مہاراجہ صاحب جموں و کاشمیر۔

خان صاحب کلات۔

راجہ صاحب کوہلاپور۔

مہارانا صاحب اودیپور میواڑ۔

مہاراجہ صاحب ٹراونکور۔

(۱۷ توپوں کی سلامی)

نواب صاحب بہاولپور۔

مہاراجہ صاحب بھرتپور۔

مہاراجہ صاحب بیکانیر۔

مہاراؤ راجہ صاحب بوندی۔

راجہ صاحب کوچین۔

مہاراجہ صاحب جے پور۔

مہاراجہ صاحب کرولی۔

مہاراؤ صاحب کوٹا۔

راؤ صاحب کچھ۔

مہاراجہ صاحب جودھپور مارواڑ۔

مہاراجہ صاحب ریوہ۔

نواب صاحب ٹونک۔

(۱۵ توپوں کی سلامی)

مہاراؤ راجہ صاحب الور۔
مہارادل صاحب بانسواڑہ۔
مہاراجہ صاحب دتیا۔
راجہ صاحب دیواس کلاں۔
راجہ صاحب دیواس خورد۔
مہاراجہ رانا صاحب دھولپور۔
مہاراجہ صاحب ایدار۔
مہاراجہ صاحب جیسلمیر۔
مہاراج رانا صاحب جھالاواڑ۔
میر صاحب خیرپور سندھ۔
مہاراجہ صاحب کشنگڈھ۔
مہاراجہ صاحب ٹیڑہی۔ اورچھا۔
راجہ صاحب پرتاب گڈھ۔
راجہ صاحب سکم۔
رائے صاحب سروہی۔

(۱۳ توپوں کی سلامی)

مہاراجہ صاحب بنارس۔
نواب صاحب جاورہ۔
مہاراجہ صاحب کوچ دار۔
نواب صاحب رامپور۔
راجہ صاحب ٹپرہ۔

(۱۱ توپوں کی سلامی)

مہاراجہ صاحب اجی گڈھ۔
نواب صاحب بونی۔
ٹھاکر صاحب بھاؤنگر۔
مہاراجہ صاحب بجاور۔
نواب صاحب کمبے۔
راجہ صاحب چمبہ۔
مہاراجہ صاحب چپر کھاڑی۔
راجہ صاحب چھتر پور۔
راجہ صاحب دھر نگدار۔
راجہ صاحب فرید کوٹ۔
راجہ صاحب جھابوا۔
راجہ صاحب جیند۔
نواب صاحب جوناگڈھ۔
راجہ صاحب کھلور۔ بلاسپور۔
راجہ صاحب کپور تھلہ۔
راجہ صاحب منڈی۔
ٹھاکر صاحب موروی۔
راجہ صاحب نابھہ۔
راجہ صاحب نرسنگھ گڈھ۔
جام صاحب نوانگر۔
دیوان صاحب پالن پور۔
مہاراجہ صاحب پنا۔
رانا صاحب پوربندر۔

راجہ صاحب پوڈوکوٹا۔
نواب صاحب رادھن پور۔
راجہ صاحب راج گڈھ۔
راجہ صاحب راج پیپلہ۔
راجہ صاحب رتلام۔
راجہ صاحب سیلانہ۔
رانا صاحب سمتھر۔
راجہ صاحب سرمور ناہن۔
راجہ صاحب سیتامؤ۔
راجہ صاحب سوکیت۔
راجہ صاحب نیڑہی-گڑھوال۔

(۹ توپوں کی سلامی)

نواب صاحب کوراوی۔
مہاراجہ صاحب علی راج پور۔
بی بی صاحبہ بالاسینور۔
مہارادل صاحب بانسدہ۔
راجہ صاحب برونڈہ۔
راجہ صاحب باریہ۔
رانا صاحب بڑوانی۔
راجہ صاحب چھوٹا ادیپور۔
ٹھاکر صاحب دھرول۔
سلطان صاحب فادہلی۔
ٹھاکر صاحب گوندل۔
نواب صاحب (حبشی) جنجرہ۔
راجہ صاحب کھرونڈ- کالاہانڈی۔
راؤ صاحب کھلچی پور۔
سلطان صاحب لاہیج۔
ٹھاکر صاحب لمری۔
رانا صاحب لوناوارہ۔
راجہ صاحب میہر۔
نواب صاحب مالیر کوٹلہ۔
راجہ صاحب نگود۔
ٹھاکر صاحب پالی ٹانا۔
ٹھاکر صاحب راجکوٹ۔
نواب صاحب ساچین۔
سردیسائی صاحب سونت واری۔
راجہ صاحب سونتھ۔
ٹھاکر صاحب ودھاواں۔
راجہ صاحب ونکانار۔

ذاتی عزت کی سلامی کی توپیں

(۲۱ توپیں)

ہزہائینس مہاراجہ دلیپ سنگھ صاحب جی سی ایس آئی (مرحوم)
ہزہائینس جیاجی راؤ سندھیا بہادر جی سی بی جی سی ایس آئی-سی آئی ای مہاراجہ گوالیار۔
ہزہائینس تکجی راؤ ہولکر بہادر جی سی ایس آئی سی آئی ای

مہاراجہ صاحب اندور۔ ہز ہائینس بنگلیر بیگی میر محمد خداداد خاں جی۔سی ایس آئی۔والی قلات (شاید معزولی کے بعد یہ ذاتی عزت سلب ہوگئی ہے) ہز ہائینس جسونت سنگھ بہادر جی سی ایس آئی۔مہاراجہ جودھپور مارواڑ۔ (۱۷ توپیں) ہز ہائینس علیمراد خاں صاحب میر خیرپور سندھ۔ ہز ہائینس مہندر اسوائی پرتاب سنگھ بہادر مہاراجہ ٹہری۔اورچھا۔ (۱۵ توپیں) ہز ہائینس پرنس عظیم جاہ انتظام الملک آف کارٹ	ہز ہائینس تخت سنگھ جی جسونت سنگھ جی سی ایس آئی۔ٹھاکر صاحب بھاؤ نگر۔ ہز ہائینس مان سنگھ جی رنمولسنگھ جی کے سی ایس آئی راجہ صاحب دہر نگدزا۔ ہز ہائینس وبھاجی رانمل جی۔کے سی ایس آئی۔جام نوانگر۔ ہز ہائینس محمد کلب علیخاں بہادر جی سی ایس آئی۔سی آئی ای نواب صاحب رام پور (کئی سال سے انتقال ہو چکا ہے)

سفرائے ممالک غیر در ہندوستان

(شعبۂ بمبئی) اٹلی:۔ کانسل = ایف۔بی بزرونی۔ آسٹریا ہنگری:۔ کانسل جنرل = فریٹر شاٹنگو ایر کانسل = بیرن آرن ہیمبر + امریکہ اضلاع متحدہ۔ کانسل = ایچ بیلنٹائن + ایران:۔ کانسل جنرل = حاجی مرزا حسین خاں کانسل = مرزا سلیمان خاں + وائس کانسل = دادا بھائی رستم جی باناجی +	بلجیم:۔ کانسل جنرل برائے ہندوستان = مُوسیو لُوئی ڈوسون + پرتگال:۔ کانسل جنرل برائے ہندوستان = سینہر فرانسسکو میری الس ڈی کاسٹو کاسٹو + وائس کانسل = ایم لوئز فلپ روزاریو + ٹرکی + کانسل جنرل = قدرے بے + جرمنی:۔ کانسل = ہردان۔سائبرگ +

چلّی :- کانسل = آٹو شِلر +

ڈنمارک :- کانسل = ڈبلیو۔ آرمیگڈائل +

سویڈن ناروے :- کانسل = جے۔ جانی +

سیام :- کانسل = سی۔ ایچ۔ بی فاربس +

فرانس :- کانسل = موسٹو ایم رسی ہیرنٹ +

نیدرلینڈ :- کانسل = ایل۔ ایسلی +

ہسپانیہ :- وائس کانسل = اے۔ بلبیچک + آنریری
وائس کانسل = جے۔ ملٹر +

(متعینہ کلکتہ)

اٹلی :- کانسل جنرل = شویلیر جے گیلیمن
مقام ۵۶ پارک سٹریٹ +

آسٹریا ہنگری :- امپیریئل اینڈ رائل کانسولیٹ۔
کانسل = رابرٹ فلپ ہیلگریس +
چانسلر = وی ایس راٹن شر۔
دفتر ۵۶ اکیننگ سٹریٹ +

امریکہ :- کانسل جنرل = سیموئیل میریل +
وائس اینڈ ڈپٹی کانسل جنرل =
سیموئیل میریل (خورد) ۱۳ اسپلینیڈ
ایسٹ +

ایران :- کانسل = ایچ۔ ایم رستم جی۔ دفتر
بنٹنگ سٹریٹ +

بلجیم :- کانسل = جے جاسلین۔ دفتر ۲۰
لاڈون سٹریٹ +

پرتگال :- وائس کانسل = موسیو جوس جوسلین
دفتر ۲۰ لاوڈن سٹریٹ +

جرمنی :- کانسل جنرل = بیرون وان ہیکنگ +
سکرٹری = واتھسم۔ دفتر ۴ چورنگی روڈ

ڈنمارک :- کانسل جنرل = اے۔ سیمن۔ دفتر ۴
فیئرلی پلیس +

سویڈن ناروے :- کانسل جنرل = ایس۔ ای ووگٹ
دفتر ۳ کمرشل بلڈنگ +

سیام :- کانسل = الگزینڈر اے اپکار۔
دفتر ۱۹ رادھا بازار +

فرانس :- کانسل جنرل = موسیو جوس جوسلین
چانسلر = ای آلیٹمر۔ ۲۰ لاوڈن سٹریٹ +

نیدرلینڈ :- کانسل = جی۔ سی۔ ٹی۔ ریلیف۔ دفتر
اوینٹسارٹ رو +

ہسپانیہ :- وائس کانسل = پیری چاری اول
دفتر اوینٹسارٹ رو +

یونان :- کانسل = ای۔ اے پیٹروکوچینو۔ ۲۳
چیننگ سٹریٹ +

(متعینہ مدراس)

اٹلی :- کانسل = ایچ۔ اے۔ ڈی کلوسٹس۔
مقام ۹۔ آرمینئین سٹریٹ +

آسٹریا ہنگری :- کانسولر ایجنٹ = سی سیلٹر۔ مقام
منیسنس گارڈنس۔ ننگن ہاکم +

امریکہ :- کانسولر ایجنٹ = ایچ سکاٹ۔ مقام
رٹرس بلڈنگ۔ نارتھ بیچ +
پرتگال :- وائس کانسل = ایچ ای ڈی کلورٹ +
جرمنی :- امپیریل جنرل کانسل = البرٹ گروس
مقام ۱۰۶۔ آرمینئین سٹریٹ +
ڈنمارک :- کانسل = ایچ۔ ڈی کلوزٹ۔ مقام
۹۔ آرمینئین سٹریٹ +
سویڈن ناروے :- کانسل = پیٹرک سیکنیڈن۔ یورپ +
آربتھناٹ فا مقام بنٹنگ بلڈنگ نارتھ بیچ
فرانس :- کانسولر ایجنٹ = ای۔ ڈی گوئن مقام نارتھ بیچ

نیدرلینڈ :- کانسل = آنریبل ایس آرٹرن بل۔
مقام ۷۵ و ۸ سیکنڈ لائن بیچ +
ہسپانیہ :- وائس کانسل = جی۔ ڈی کولمین مقام
۱۴ سیکنڈ لائن بیچ +

(متعینہ کراچی)

ایران :- آنریری وائس کانسل = مرزا محمد صادق
خان۔ مقرب الخاقان +
ٹرکی :- آنریری وائس کانسل =
خان بہادر حسن علی خاں
آفندی +

ہندوستان - برہما اور سیلون میں بینکوں کی فہرست

اجمیر الائنس بینک شملہ لمیٹڈ۔
احمد آباد۔ بینک آف بمبئی۔
اکیاب۔ بینک آف بنگال۔
چارٹرڈ بینک آف انڈیا آسٹریلیا اینڈ چائنا
آگرہ بینک آف بنگال۔
آگرہ بینک۔
الہ آباد بینک آف بنگال۔
آگرہ سیونگس بینک۔
الہ آباد بینک۔
الہ آباد ٹریڈنگ اینڈ بینکنگ
کارپوریشن لمیٹڈ۔

امراوتی بینک آف بمبئی۔
انبالہ الائنس بینک آف شملہ لمیٹڈ۔
اندور بینک آف بمبئی۔
اوٹاکمنڈ بینک آف مدراس۔
بروچ بینک آف بمبئی۔
برہام پور بینک آف مدراس۔
بریلی الہ آباد بینک لمیٹڈ۔
بینک آف اپر انڈیا لمیٹڈ۔
بلاری بینک آف مدراس۔
بمبئی بینک آف بمبئی۔
بینک آف بنگال

بینک آف چائنا جاپان اینڈ دی
سٹریٹس لمیٹیڈ۔
آگرہ بینک۔
چارٹرڈ بینک آف انڈیا آسٹریلیا
اینڈ چائنا کمپٹوئیر نیشنل ڈی اسکومپٹ ڈی پیرس
ہانگ کانگ اینڈ شنگھائی بینک۔
امپیریل بینک آف پرشیا۔
لینڈ مارٹگیج بینک۔
مرکنٹائل بینک آف انڈیا لمیٹڈ۔
نیشنل بینک آف انڈیا لمیٹیڈ۔
نیشنل مارٹگیج بینک لمیٹڈ۔
علی پچم۔ بینک آف مدراس۔
بنارس بینک آف بنگال۔
بنگلور بینک آف مدراس۔
بنگلور بینک۔
پٹنہ بینک آف بنگال۔
پشاور پنجاب بینکنگ کمپنی لمیٹڈ۔
پونا بینک آف بمبئی۔
پانڈیچری بینک آف مدراس۔
ٹوٹی کورن بینک آف مدراس۔
جلپائی گوڑی الائنس بینک۔
جھانسی الہ آباد بینک لمیٹڈ۔
حیدرآباد دکن بینک آف بنگال۔

دارجیلنگ لائنڈس بینک۔
دھارواڑ بینک آف بمبئی۔
دہلی بینک آف بنگال۔
دہلی اینڈ لنڈن بینک۔
نیشنل بینک آف انڈیا لمیٹڈ۔
پراونشل بینک آف انڈیا لمیٹیڈ۔
ڈلہوزی پنجاب بینکنگ کمپنی لمیٹیڈ۔
ڈھاکہ بینک آف بنگال۔
راولپنڈی الائنس بینک آف شملہ لمیٹڈ۔
کمرشل اینڈ لینڈ مارٹگیج بینک لمیٹیڈ۔
رنگون آگرہ بینک لمیٹڈ۔
بینک آف بنگال۔
چارٹرڈ بینک آف انڈیا آسٹریلیا اینڈ چائنا
نیشنل بینک آف انڈیا لمیٹڈ۔
شملہ الائنس بینک آف شملہ لمیٹڈ۔
بینک آف اپر انڈیا لمیٹیڈ۔
دہلی اینڈ لنڈن بینک لمیٹیڈ۔
سیالکوٹ پنجاب بینکنگ کمپنی لمیٹیڈ۔
فیروزپور پنجاب بینکنگ کمپنی لمیٹیڈ۔
فیض آباد دی اودھ کمرشل بینک لمیٹیڈ۔
کالی کٹ بینک آف مدراس۔
کانپور الہ آباد بینک لمیٹڈ۔
الائنس بینک آف شملہ لمیٹیڈ۔

بینک آف بنگال۔
بینک آف اپر انڈیا۔
کانڈی بینک آف مدراس۔
دی مرکنٹائیل بینک آف انڈیا لمیٹڈ
کراچی بینک آف بمبئی۔
آگرہ بینک۔
پنجاب بینکنگ کمپنی لمیٹڈ۔
نیشنل بینک آف انڈیا لمیٹڈ۔
کشمیر پنجاب بینکنگ کمپنی لمیٹڈ۔
کلکتہ بینک آف بنگال۔
آگرہ بینک۔
الائنس بینک آف شملہ لمیٹڈ۔
بینک آف چائنا جاپان اینڈ دی سٹریٹس لمیٹڈ
چارٹرڈ بینک آف انڈیا اسٹریلیا اینڈ چائنا
کمپٹوار نیشنل ڈی اسکومپ ڈی پیرس۔
دہلی اینڈ لنڈن بینک لمیٹڈ۔
ہانگکانگ اینڈ شانگھی بینک۔
امپیریل بینک آف پرشیا۔
لینڈ مارٹگیج بینک۔
دی مرکنٹائل بینک آف انڈیا لمیٹڈ
نیشنل بینک آف انڈیا لمیٹڈ۔
کوچین بینک آف مدراس۔
کوکوناڈا بینک آف مدراس۔

کولمبو۔ بینک آف مدراس۔
بینک آف رشیا۔
سیلون سیونگس بینک۔
چارٹرڈ بینک آف انڈیا۔ اسٹریلیا اینڈ چائنا
چارٹرڈ بینک آف السٹن سکاٹ اینڈ کمپنی۔
کمپٹوار نیشنل ڈی اسکومپ ڈی پیرس
لنڈن چارٹرڈ بینک آف اسٹریلیا۔
دی مرکنٹائل بینک آف انڈیا لمیٹڈ۔
نیشنل بینک آف انڈیا لمیٹڈ۔
نیشنل بینک آف نیوز لمیٹڈ۔
کوئٹہ پنجاب بینک کمپنی لمیٹڈ۔
کھان گام بینک آف بمبئی۔
گالی مرکنٹائل بینک آف انڈیا لمیٹڈ۔
گنتور بینک آف مدراس۔
لاہور بینک آف بنگال۔
آگرہ بینک + ونیشنل بینک۔
الائنس بینک آف شملہ لمیٹڈ۔
پنجاب بینکنگ کمپنی لمیٹڈ۔
لکھنؤ الہ آباد بینک لمیٹڈ۔
بینک آف بنگال۔
بینک آف اپر انڈیا لمیٹڈ۔
دہلی اینڈ لنڈن بینک۔

مانڈلے نیشنل بینک آف انڈیا لمیٹڈ۔

مدراس بینک آف مدراس۔

آگرہ بینک۔

کمرشل اینڈ لینڈ مارٹگیج بینک لمیٹڈ۔

دی مرکنٹائل بینک آف انڈیا لمیٹڈ

نیشنل بینک آف انڈیا لمیٹڈ۔

مری الائنس بینک آف شملہ لمیٹڈ۔

مسوری دہلی اینڈ لنڈن بینک لمیٹڈ۔

الائنس بینک آف شملہ۔

مسوری بینک۔

منگلور بینک آف مدراس۔

مولمین بینک آف بنگال۔

میانمیر پنجاب بینکنگ کمپنی لمیٹڈ۔

میرٹھ بینک آف اپر انڈیا۔

نارتھ ویسٹ کمرشل بینکنگ کارپوریشن لمیٹڈ+

ناگپور بینک آف بنگال۔

نیگاپٹم بینک آف مدراس۔

نینی تال الہ آباد بینک لمیٹڈ۔

بینک آف اپر انڈیا لمیٹڈ۔

ہوبلی بینک آف بمبئی۔

دنیا کی بڑی بڑی سلطنتوں کے کوائف ضروری

نمبر شمار	ممالک	آبادی	رقبہ مربع میل	پایۂ تخت	طریق حکومت	موجودہ حکمران	تخت نشینی	عمر	خطاب
۱	سلطنت چین	۴۰۴۱۸۰۰۰۰	۴۱۷۹۵۵۹	پیکن	کامل خود مختاری	ٹسیینٹن	سنہ ۱۸۷۵ء	۲۱	شہنشاہ (فغفور)
۲	سلطنت انگریزی معہ مقبوضات	۳۱۵۸۸۵۰۰۰	۹۵۹۹۳۰۶	لنڈن	محدود الاختیار سلطنت	وکٹوریا	سنہ ۱۸۳۷ء	۶۲	ملکہ (قیصرۂ ہند)
۳	سلطنت روس	۱۰۲۹۶۰۰۰۰	۸۶۴۴۱۰۰	سینٹ پیٹرزبرگ	حکومت خود مختاری	الکزینڈر سوم	سنہ ۱۸۸۱ء	۴۶	شہنشاہ (زار)
۴	فرانس اور نو آبادیاں	۶۳۶۷۲۰۴۸	۹۶۰۴۷۷	پیرس	جمہوری	سیڈی کارنوٹ	سنہ ۱۸۸۷ء	۵۲	پریسیڈنٹ (میر مجلس)
۵	اضلاع متحدہ	۵۰۱۵۵۷۸۳	۳۶۰۲۹۹۰	واشنگٹن	جمہوری	بنجمین ہیریسن	سنہ ۱۸۸۹ء	۵۸	پریسیڈنٹ
۶	سلطنت جرمنی	۴۵۲۳۴۰۶۱	۲۱۲۰۲۸	برلن	محدود الاختیار سلطنت	ولیم دوم	سنہ ۱۸۸۸ء	۳۲	شہنشاہ (قیصر)
۷	سلطنت آسٹریا ہنگری	۳۹۲۰۶۰۵۲	۲۶۱۵۹۱	وینا	محدود الاختیار سلطنت	فرانسس جوزف اول	سنہ ۱۸۴۸ء	۶۱	شہنشاہ آسٹریا و بادشاہ ہنگری
۸	جاپان	۳۶۷۰۰۱۱۸	۱۴۷۶۶۹	ٹوکیو	حکومت خود مختاری	متسو ہیتو	سنہ ۱۸۶۷ء	۳۹	مکاڈو
۹	ہالینڈ اور نو آبادیا	۳۳۰۴۲۲۳۸	۷۷۸۱۸۷	دی ہیگ	محدود الاختیار سلطنت	ولیم سوم	سنہ ۱۸۴۹ء	۷۴	بادشاہ
۱۰	سلطنت عثمانیہ (ٹرکی)	۳۳۲۶۸۳۶۱	۱۷۳۱۲۸۰	قسطنطنیہ	حکومت خود مختاری	عبد الحمید دوم	سنہ ۱۸۷۶ء	۴۹	سلطان
۱۱	اٹلی	۲۸۴۵۹۴۵۱	۱۱۱۴۱۰	روم	محدود الاختیار سلطنت	ہمبرٹ اول	سنہ ۱۸۷۸ء	۴۷	بادشاہ

١٢	ہسپانیہ اور نوآبادیاں	٢٨٤٠٣٦٢١	٣٦١٩٥٣	میڈرڈ	محدود الاختیار سلطنت	الفانسو سیزدہم	سنہ ١٨٨٦ء	٥	بادشاہ
١٣	سکوٹو	١٢٧٠٠٠٠٠	١٧٨٠٠٠	سکوٹو	کامل خود مختاری	״	״	״	سلطان
١٤	کوریا	١٠٥١٩٠٠٠	٩١٤٣٠	سی اُل	کامل خود مختاری	״	״	״	״
١٥	برازیل	١٠٢٠٠٠٠٠	٣٢١٩٠٠٠	رائیوڈی جنیرو	عارضی جمہوری	ڈیوڈورو ڈافونسیکا	سنہ ١٨٨٩ء	״	پریسیڈنٹ
١٦	مکسیکو	١٠٠٩٦٠٠٠	٧٥١١٧٧	مکسیکو	جمہوری	پورفریو ڈیئیزآز	سنہ ١٨٨٤ء	״	پریسیڈنٹ
١٧	کونگو	٢٧٠٠٠٠٠٠	١٠٥٦٣٠٠	بناتا	آزاد ریاست	لیوپولڈ ثانی	سنہ ١٨٨٥ء	٥٦	سوورن (شہریار)
١٨	ایران	٧٦٥٣٦٠٠	٦٣٦٠٠٠	طہران	کامل خود مختاری	ناصر الدین	سنہ ١٨٤٨ء	٦٠	شاہ
١٩	پرتگال اور آبادیاں	٧٢٤٦٠٥٠	٣٢٠٦٩١	لزبن	محدود الاختیار سلطنت	لوئیس اول	سنہ ١٨٦١ء	٥٣	بادشاہ
٢٠	سویڈن اور ناروے	٦٥٥٤٤٤٨	٢٩٥٧١٤	سٹاک ہوم	محدود الاختیار سلطنت	اوسکار دوم	سنہ ١٨٧٢ء	٦٢	بادشاہ
٢١	مراکو	٦٥٠٠٠٠٠	٣١١٠٠٠	فیض	کامل خود مختاری	مولائے حسن	سنہ ١٨٧٣ء	٦٠	سلطان
٢٢	بلجیم	٥٧٢٠٨٠٧	١١٣٧٣	برسلز	محدود الاختیار سلطنت	لیوپولڈ دوم	سنہ ١٨٦٥ء	٥٦	بادشاہ
٢٣	سیام	٥٧٠٠٠٠٠	٢٨٠٥٥٠	بنکوک	کامل خود مختاری	کھولالونکورن اول	سنہ ١٨٦٨ء	٣٨	بادشاہ
٢٤	کولمبیا	٤٠٠٠٠٠٠	٣٣١٤٢٠	بگوٹا	جمہوری	رافیل نونز	سنہ ١٨٨٧ء	״	پریسیڈنٹ
٢٥	افغانستان	٤٠٠٠٠٠٠	٢٧٩٠٠٠	کابل	کامل خود مختاری	عبد الرحمن خان	سنہ ١٨٨٠ء	״	امیر
٢٦	جمہوریہ ارجنٹائن	٣٠٢٦٠٠٠	٦٠٩٣٨٦	بوانیس ایریس	جمہوری	جوآریز سلمن	سنہ ١٨٨٦ء	״	پریسیڈنٹ

۲۷	مڈغاسکر		۳۰۰۰۰۰۰	۲۲۸۵۷۰	انٹانانی ناری وو	کامل خود مختاری	رانا ویلونا - سوم	سنہ ۱۸۸۳ء	۳۰	ملکہ
۲۸	حبشستان		۳۰۰۰۰۰۰	۱۱۹۰۰۰	گوندر	کامل خود مختاری	جوہنس - دوم	سنہ ۱۸۷۲ء	״	سلطان
۲۹	پیرو		۲۹۷۰۰۰۰	۴۰۵۰۴۰	لیما	جمہوری	اینڈرس - ایسے کیریز	سنہ ۱۸۸۶ء	״	پریسیڈنٹ
۳۰	سوئیٹزرلینڈ		۲۸۴۶۱۰۲	۱۵۹۸۱	برن	جمہوری	بیلے ہیمر	سنہ ۱۸۸۹ء	״	پریسیڈنٹ
۳۱	بولوویا		۳۲۲۵۰۰۰	۴۸۱۶۰۰	لاپاز	جمہوری	گریگوریا پے کیٹیڈو	سنہ ۱۸۸۸ء	״	پریسیڈنٹ
۳۲	بخارا		۲۱۳۰۰۰۰	۹۲۳۰۰	سمرقند	کامل خود مختاری	سید عبدالاحد	״ ״	״	خان
۳۳	وینیزوایلا		۲۱۲۱۹۸۸	۵۶۶۱۵۹	کیریکاس	جمہوری	جوآکین - کرسپو	سنہ ۱۸۸۸ء	״	پریسیڈنٹ
۳۴	چلی		۲۵۱۵۳۴۰	۳۰۷۵۲۵	سینٹیاگو	جمہوری	ڈونراجی مونٹ	سنہ ۱۸۹۱ء	״	پریسیڈنٹ
۳۵	ڈنمارک		۲۰۴۵۱۷۲	۱۴۸۴۲	کوپن ہیگن	محدود الاختیار سلطنت	کرسچین - نہم	سنہ ۱۸۶۳ء	۷۲	بادشاہ
۳۶	یونان		۱۹۷۹۴۵۳	۲۴۹۷۷	ایتھنز	محدود الاختیار سلطنت	جارج اول	سنہ ۱۸۶۳ء	۴۶	بادشاہ
۳۷	سروِیا		۱۸۲۰۰۰۰	۱۸۷۵۷	بلگریڈ	محدود الاختیار سلطنت	الگزینڈر	سنہ ۱۸۸۹ء	۱۵	بادشاہ
۳۸	عُمّان		۱۶۰۰۰۰۰	۸۱۰۰۰	مسقط	حکومت خود مختاری	سید ترکی	״ ״	״	سلطان
۳۹	گواٹی مالا		۱۲۷۸۳۱۱	۴۶۷۷۴	نیو گواٹی مالا	جمہوری	منوایل لیزایل بیریلاس	سنہ ۱۸۸۵ء	״	پریسیڈنٹ
۴۰	ایکواڈور		۱۱۰۴۹۰۰	۲۴۸۳۷۰	کوائیٹو	جمہوری	انٹونیو فلورس	سنہ ۱۸۸۷ء	״	پریسیڈنٹ
۴۱	ٹرنسوال		۸۰۰۰۰۰	۱۱۰۱۹۳	پریٹوریا	جمہوری	ایس جے پال کروگر	سنہ ۱۸۸۳ء	״	پریسیڈنٹ

۴۲	سالویدر	۵۵۴۰۰۰	۷۲۲۸	سین سالوڈور	جمہوری	فرانسسکس مینینڈز	سنہ ۱۸۸۷ء	..	پریسیڈنٹ
۴۳	یوریاگوئی	۵۲۰۵۳۶	۷۲۱۱۲	مونٹے ویڈیو	جمہوری	میکسیمو ٹجیس	سنہ ۱۸۸۶ء	..	پریسیڈنٹ
۴۴	ہانڈورس	۴۵۸۰۰۰	۴۲۶۵۸	ٹیگوکی گالپا	جمہوری	لوئیز ـ بوگرن	سنہ ۱۸۸۳ء	..	پریسیڈنٹ
۴۵	نکاراگوآ	۴۰۰۹۰۰	۵۱۶۶۰	مینجن گوآ	جمہوری	ایورسٹو کیرینزو	سنہ ۱۸۸۷ء	..	پریسیڈنٹ
۴۶	ڈومینگن ریپبلک	۳۰۰۰۰۰	۲۰۵۹۶	سین ڈومنگو	جمہوری	الگزینڈر ہیوروسی گگ	...	..	پریسیڈنٹ
۴۷	مانٹی نیگرو	۲۴۵۳۰۰	۱۳۴۸۶	سٹینیکٹو	حکومت خودمختاری	نکولس ـ اول	سنہ ۱۸۶۰ء	۵۰	پرنس
۴۸	کوسٹاریکا	۱۸۰۰۰۰	۴۹۹۸۵	سین جوس	جمہوری	برنارڈو ـ سوٹو	سنہ ۱۸۸۵ء	..	پریسیڈنٹ
۴۹	اورینج فری سٹیٹ	۱۳۳۵۳۸	۸۱۴۸۴	بلوم فونٹین	جمہوری	ایٹ	سنہ ۱۸۸۹ء	..	پریسیڈنٹ
۵۰	ہیٹیائی	۹۳۲۰۰	۹۸۳۰	پورٹ اوپرنس	جمہوری	الیف ـ ڈی ـ لیگی ٹائم	سنہ ۱۸۸۸ء	..	پریسیڈنٹ
۵۱	ہوائی	۶۶۰۹۷	۶۵۸۷	ہونولولو	محدود الاختیار سلطنت	ڈیوڈ ـ کیلے آکوآ	سنہ ۱۸۷۴ء	۵۵	بادشاہ
۵۲	بلگیریا	۲۰۰۷۹۱۹	۲۴۳۶۹	صوفیہ	خودمختار (شاہزادہ مطیع بادشاہ)	پرنس فرڈی نینڈ	سنہ ۱۸۸۷ء	۳۰	پرنس (شہزادہ)
۵۳	مصر	۳۹۶۵۶۶۴	۱۲۱۲۹۷۶	قاہرہ	بادشاہ (سلطان روم کا نائب)	محمد توفیق پاشا	سنہ ۱۸۷۹ء	۳۹	خدیو
۵۴	رومانیا	۵۵۰۰۰۰۰	۴۸۳۰۷	بخارسٹ	محدود الاختیار سلطنت	کیرول اول	سنہ ۱۸۶۶ء	۵۲	بادشاہ
۵۵	طرابلس (ٹرپولی)	۱۰۰۰۰۰۰	۳۹۸۸۷۳	طرابلس	خودمختار سلطنت	احمد رسیم	...	..	نائب السلطنت

ہندوستان کے اعلیٰ احکام کے مشاہرے

نام عہدہ	تنخواہ ماہوار بحساب روپیہ	نام عہدہ	تنخواہ ماہوار بحساب روپیہ
گورنر جنرل و وائسرائے ہند	۲۵۸۰۰	ہر ممبر کونسل بمبئی	۵۱۲۰
سٹاف واخراجات خانگی	۳۲۴۹۳	رزیڈنٹ حیدرآباد دکن	۴۸۴۰
گورنر مدراس	۱۰۰۰۰	ایجنٹ گورنر جنرل راجپوتانہ	۴۰۰۰
بھتہ واخراجات سفر	۸۰۰۰	ایجنٹ گورنر جنرل وسط ہند	۴۰۰۰
گورنر بمبئی	۱۰۰۰۰	ایجنٹ گورنر جنرل بڑودہ	۲۵۰۰
بھتہ واخراجات سفر	۸۰۰۰	ایچ۔ای کمانڈر انچیف	۵۸۳۴
پریزیڈنٹ کونسل آف گورنر جنرل	۶۴۰۰	ایڈیشنل ممبر کونسل بمبئی	۴۴۳۵
لفٹنٹ گورنر بنگال	۸۳۳۳	چیف سکرٹری بمبئی	۳۷۵۷
اخراجات خانگی و سفر خرچ	۲۷۲۹	پولیٹیکل سکرٹری	۳۱۲۵
لفٹنٹ گورنر ممالک مغربی و شمالی	۸۳۳۳	جنرل کمانڈنگ ڈویژن	۳۵۰۰
اخراجات خانگی و سفر خرچ	۸۰۰۰	جنرل کمانڈنگ ڈویژن	۳۵۰۰
لفٹنٹ گورنر پنجاب	۸۳۳۳	ہر جج ہائیکورٹ	۳۷۵۰
اخراجات خانگی و سفر خرچ	۷۱۸۸	کمشنر پرمٹ وغیرہ	۲۵۰۰
چیف جسٹس بنگال	۶۰۰۰	سروے اینڈ سیٹلمنٹ کمشنر	۳۰۰۰
ہر ایک ممبر کونسل آف گورنر جنرل	۶۴۰۰	فرسٹ گریڈ جج و سشن جج	۳۷۵۰
چیف جسٹس مدراس	۵۰۰۰	پولیٹیکل رزیڈنٹ عدن	۳۰۰۰
چیف جسٹس بمبئی	۵۰۰۰	پولیٹیکل ایجنٹ کاٹھیاواڑ	۲۵۰۰
چیف کمشنر آسام	۴۱۶۶	پولیٹیکل ایجنٹ کولہاپور	۲۲۰۰
چیف کمشنر ممالک متوسط	۴۱۶۶	منٹ ماسٹر	۳۰۰۰
		کمشنر سالٹ ریونیو	۲۵۰۰
چیف کمشنر برہما	۶۶۶۶	ڈائرکٹر سررشتہ تعلیم	۲۵۰۰
ہر ممبر کونسل مدراس	۵۱۱۶	سرجن جنرل	۲۵۰۰

خانگی ڈاکٹر

اس کتاب میں اُن ضروری ادویات اور امراض پر مختصر اور عام فہم حالات درج ہیں جن سے ہر شخص کو ہر موسم اور ہر وقت میں سابقہ پڑتا ہے اور بعض ضروری امور حفظ صحت کے ہدایات اور امراض عامہ یا اتفاقی حادثات کے فوری علاج جو ڈاکٹر تک کی طرف رجوع کرنے سے پہلے مفید ہو سکتے ہیں اس حصہ میں درج کئے جاتے ہیں۔ چنانچہ اس حصہ میں پہلے حفظ صحت کا ایک قابل دید مضمون ایک لایق فایق ڈاکٹر صاحب کا لکھا ہوا شامل کیا جاتا ہے اور پھر کئی ایک عام امراض مثل تپ۔ طحال کھانسی پھوڑا پھنسی وغیرہ بیماریوں کے علاج مجرب اور سادہ درج کئے جاتے ہیں۔ اب کیا ضرورت ہے کہ ان امراض کے لئے خواہ مخواہ ڈاکٹر کی فیس دیجاوے یا بڑی بڑی کتابیں لیکر چھانی جاویں *

حفظان صحت ذاتی

تمہید یہ مضمون ایسا وسیع ہے کہ کئی جلدیں اسپر لکھی جاویں تو پھر بھی اسکے داد کا حق ادا ہونا محال ہے اور ناممکن۔ اس علم فن کے زمانہ میں جس قدر ترقی اس فن میں ہوئی ہے اتنی اور کم امور میں ہوئی ہوگی ہم کو اپنے ناظرین کی خاطر کا خیال ہے مضمون گو بہت طویل اور وسیع ہے مگر ہم بحکم مَالَا یُدْرَکُ کُلُّہٗ لَا یُتْرَکُ کُلُّہٗ اس سے قطعی سکوت کرنا واجب نہیں سمجھتے ہم نہایت اختصار کے ساتھ لکھیں گے مگر ہم لکھیں گے وہی ٹھکانے کی باتیں *

روزمرہ کے لئے کارآمد ہدائتیں۔ حفظان صحت کے اصول مبادی *

تجربہ بہ نہایت عمدہ اُستاد ہے ایسے قاعدے حفظان صحت کے بن نہیں سکتے جو بالکل محدود و مختصر ہوں اور پھر تمام افراد بنی نوع انسان کے لئے ہر حالت میں یکساں طور پر درست آسکیں۔ ہاں اگر حفظان صحت کے اصول و اغراض کو ہاتھ سے

ندیا جاوے اور ہر حالت میں اُس کا لحاظ رکھا جاوے تو ہر ایک آدمی خود اپنے لئے قواعد بنا سکتا ہے مثلاً غذا کے مقدار کے تعین کے لئے کوئی قاعدہ کلیہ قرار نہیں دیا جا سکتا۔ ہر ایک آدمی اپنی ضروریات کے لحاظ سے خود مقدار معین کر سکتا ہے۔ کونسی غذا کھانی چاہیئے؟ کس مقدار میں کھانی چاہیئے اور کیوں؟ ان باتوں پر ہر وقت سوچتے رہنا اور انہیں خیالات میں وہمی بنجانا ضروری نہیں بلکہ صرف اسی قدر خیال کر لینا کافی ہے کہ تجربہ سے کون کون سی غذا مضر اور ناموافق طبع ثابت ہوئی ہے پس اس سے پرہیز کرنا کافی ہوگا +

غذا اچھی طرح چبا کر کھانی چاہیئے

غذا کے بارہ میں ایک عام غلطی ہمارے ملک کی رسم و رواج سے بھی پیدا ہوتی ہے یہ رسم میں داخل ہے کہ غذا جلد جلد کھائی جاوے۔ بعض صحبتوں میں غذا کا جلدی نہ کھانا داخل عیب و بدتہذیبی سمجھا جاتا ہے حالانکہ یہ نہایت ضروری امر ہے کہ غذا کو خوب چبایا جاوے اور لعاب دہن کو اسمیں اچھی طرح سے آمیز ہونے دیا جاوے کئی ایک بیمار بدہضمی کے ایسے بھی نظر آوینگے جنمیں سوء ہضم کا سبب سوائے اسی خراب عادت کے کوئی اور نہ ملیگا

فربہی اور لاغری

بہت سے آدمی جو سوکھ کر کانٹا ہو رہے ہیں۔ جو ہزال بدن اور زوال قوائے کے شاکی ہیں اپنی عادات کے سبب اس مصیبت میں گرفتار ہیں یا وہ گوشت کھاتے ہیں اس جلدی سے کہ گویا ایک مشین ہے جو گوشت کو چبائے اور اوڑائے جاتی ہے اگر وہ اس عادت کو بدل دیں اور آہستہ آہستہ کھا سکیں اور گوشت کی بہ نسبت نشاستہ دار چیزیں زیادہ کھاویں تو وہ زیادہ تنومند اور فربہ نظر آویں اسی طرح اگر کوئی آدمی اپنی فربہی سے لاچار ہو تو اُس کو مناسب ہے کہ وہ نشاستہ دار اغذیہ سے پرہیز کرے اور ریاضت پر خاص توجہ کرے

ورزش جسمانی

ریاضت یعنی ورزش جسمانی بھی صحت کے لئے ایک نہایت ضروری چیز ہے اسکی نوعیت اور مقدار کا تعین بھی ہر ایک شخص کے حالات خاص سے تعلق رکھتا ہے اُسکے لئے کوئی قاعدہ کلیہ نہیں بنایا جا سکتا تحقیقات سے

ثابت ہوا ہے کہ جب ایک آدمی کسی ہموار سطح پر تین میل فی گھنٹہ کی رفتار سے چلتا ہے تو اُسقدر مسافت طے کرنے سے اس قدر ورزش ہو جاتی ہے کہ گو یا اُس نے اُسقدر فاصلہ پر اپنے جسم کا ۱/۲۰ حصہ بوجھ بھی اُٹھایا ہے بعض لوگوں کے پیشے بہت محنت اور مشقت والے ہوتے ہیں ان جملہ امور کا لحاظ کر کے ہر ایک آدمی اپنے لئے ورزش کی مقدار معین کر سکتا ہے ۔

جسم اور جلد کی صفائی اور حفاظت

ایک اور نہایت ضروری امر حفظان صحت ذاتی کا یہ ہے کہ آدمی اپنی جلد کی صفائی کا پورا پورا لحاظ رکھے ۔ جلد کی صفائی کا قدر لوگوں کے دلوں میں بہت کم ہے اسمیں کچھ شبہہ نہیں کہ بلحاظ اُن نہایت ضروری افعال کے جو جسم کی بہتری و بہبودی کے لئے جلد نے اپنے ذمہ لئے ہوئے ہیں وہ اعضائے رئیسہ میں سے شمار ہو سکتا ہے جسم انسانی کی سطح بیرونی ۲۵۰۰ انچ مربع ہے ۔ ہزارہا طرح کے مواد فاسد بصورت بخارات یا مائیات بذریعہ جلد کے خارج ہوتے ہیں جسم کے فضلات رویہ اور مواد فاسدہ کے خارج کرنے کے لئے جلد میں ۷۰۰۰۰۰ فوارے موجود ہیں چنانچہ ان فواروں کا مجموعی طول ۲۸ میل کے برابر ہے ۔ عرف عام میں ان روئیں فوارں کو مسامات کہتے ہیں گو یا حکیم علے الاطلاق نے ہمارے بدن کی صفائی کے لئے اتنی بدر ویں بنائی ہیں پھر ادنے سے تامل سے معلوم ہو سکتا ہے کہ ان بدروں کا صفا رکھنا اور جسم انسانی کے ان مخارج فضلات کی نگہداشت کیسی ضروری ہے نہ صرف صفا رکھنا ہی ضروری ہے بلکہ گرد و غبار اور شدائد موسم کے اثروں سے بھی انہیں محفوظ رکھنا اشد ضروری امر ہے اگر کسی وجہ سے ان بدروں کے دہانے بند ہو جاویں ۔ گرد و غبار اُن کے مُنہ بند کر دے یا سردی سے وہ سکڑ جاویں تو پھر اعضائے اندرونی طرح طرح کی آفات میں مبتلا ہونے لگتے ہیں جب ایک ایسے چھوٹے سے قصبے کا جیسا کہ وزیر آباد ہے جسمیں متعدد بدرویں اور نالیاں ہیں صفا دس بارہ سقوں کی روزانہ محنت کے سوائے کام صفائی کا پورا نہیں ہو سکتا تو اس سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ جسم انسانی کی صفائی کے لئے کسقدر احتیاط اور خرم در کار ہے

لباس کے فوائد

بعض مصنفین حفظ صحت کا قول ہے کہ اگر غذا عمدہ اور بکثرت ملے تو پھر کپڑوں کی زیادہ ضرورت نہیں ہوتی مگر جمہور کی رائے اسکے برخلاف ہے رائے مختار یہی ہے کہ کپڑوں کی مقدار کافی وافی ہونی چاہئے لباس پہننے سے بلحاظ حفظان صحت مفصلہ ذیل اغراض کا پورا کرنا مقصود و مدعا ہوتا ہے۔ اول سردی سے بچاؤ۔ دوئم گرمی سے حفاظت۔ سوئم سرد و تند باد سے حفاظت جسم۔ چہارم پسینے کا جذب کرنا۔ پنجم عفونت ناک مواد کا جذب کرنا +

سردی سے بچانیوالے کپڑے

بلحاظ غرض اول (سردی سے جسم کا محفوظ رکھنا) پشمین کپڑا سوتی اور ریشمی سے افضل ہے اور اس واسطے پشمیں کپڑے کا جسم کے ساتھ ہونا نہایت ضروری ہے خصوصاً سردی کے موسم میں جب نہایت ہی سخت سردی پڑتی ہو یعنی برف پڑتی ہو کہر دیر تک منظر عام کو تاریک رکھتا ہو تو ایسی حالت میں علاوہ پشمیں لباس کے چمڑے یا واٹر پروف (مانع نفوذ الماء) کپڑے بھی استعمال کرنے چاہئیں +

گرمی سے بچانے والے کپڑے

غرض دوئمی (یعنی گرمی سے بچانے) کے لئے کسی خاص قسم کے کپڑے کی ضرورت نہیں۔ سورج کی گرم شعاعوں سے جسم کو محفوظ رکھنا کپڑے کی ساخت و بافت سے تعلق نہیں رکھتا بلکہ اسکا زیادہ تر واسطہ رنگ سے ہے اس غرض کے لئے سب سے عمدہ رنگ سفید ہے اُسکے بعد خاکی پھر زرد۔ مقیشی۔ نیلا اور سیاہ ترتیب وار سمجھنے چاہئے اسلئے گرم موسم میں ہمارے ملک کیلئے سب سے موزون رنگ سفید ہے یا خاکی اور سب سے ردی سیاہ جس کا بدقسمتی سے بہت زیادہ رواج ہے +

منع باد تند جذب عرق و مواد ردیہ کیلئے موزون کپڑے۔

غرض سوئمی (یعنی سرد ہواؤں سے بچانا) کے لحاظ سے سب سے اول درجہ پر چمڑے کے کپڑے اُسکے بعد انڈیا ربڑ کے اور پھر پشمیں کپڑے۔ غرض چہارم کے لحاظ سے بھی پشمین کپڑے کی طاقت روئی کے کپڑے کی بہ نسبت دوگنی سمجھی جاتی ہے۔ غرض پنجم (عفونت ناک

مواد کا جذب کرنا) کا انحصار زیادہ تر رنگ پر منحصر ہے پروفیسر سٹارک کے مشاہدات سے ثابت ہوتا ہے کہ طاقت جذب اس ترتیب سے ہے اول سیاہ۔ پھر نیلا۔ سُرخ۔ سبز۔ زرد اور سفید۔ جہاں تک بافت سے تعلق رکھتا ہے پشمیں کپڑے بہ نسبت روئی کے کپڑوں کے بہتر ہوتے ہیں +

قبض کی شکایت اور مسہلات کے مفرات

آلات غذا کی طرف کامل توجہ ہونی چاہئے قبض کا رہنا اچھا نہیں اگر براز زیادہ دیر تک امعا میں رہے تو اسمیں نقص پیدا ہوکر انجرات پیدا ہوتے ہیں جنسے پیٹ پھول جاتا ہے درد شکم ظاہر ہوتا ہے پھر کبھی اُن سے بواسیر پیدا ہو جاتی ہے اور اور طرح طرح کے آلام و اسقام مترتب ہوتے ہیں اسلئے ضرور ہے کہ قبض سے اپنے آپ کو بچایا جاوے مگر یہ بھی یاد رہے کہ بار بار مسہلات کا استعمال کرنا دست آور ادویات کا برتنا برباد کنندہ ہضم ہے اور خانہ برانداز طاقت بدن اور اسی واسطے مربلائے ہلیلہ وغیرہ کا بطور عادت کے استعمال کرنا ہرگز مناسب نہیں۔ الغرض قبض کی شکایت کا دفعیہ بہت کچھ امورات حفظ صحت پر کافی توجہ رکھنے سے ہو جاتا ہے۔ مثلاً ورزش کرنا خصوصاً ایسی ورزش جس سے شکم کے عضلات کو حرکت ہو کھانے کے ساتھ خالص اور صاف پانی کا بمقدار کافی پینا۔ موٹے آٹے کی روٹی کھانا یا اَن چھنے آٹے کی روٹی کھانا۔ شہد اور اقسام میوجات کا استعمال ان امورات حفظان صحت پر عمل کرنے سے قبض کی شکایت بہت کچھ کم ہو جاویگی مگر اس میں کچھ شبہہ نہیں بلکہ مسہلات کے عادی طور پر استعمال کرنے سے تو تھوڑا بہت قبض کا رہنا ہی بہتر ہے +

جذبات نفسانی کا انتظام

جذبات نفسانی کا انتظام بھی نہایت ضروری امر ہے۔ بزرگان دین کے وعظ اور مدبران ملک کی تدبیریں شہوت نفسانی کی خطرات سے محفوظ رکھتے ہیں بہت کم کامیاب ہوتی ہیں۔ اسمیں کچھ شبہہ نہیں کہ اگر عام طور پر اُن مصائب و تکالیف کی دردناک تصویریں بذریعہ اخبارات دنیا کو دکھلائی جاویں جو شہوت نفسانی کے غلط استعمال سے ناشی ہوتی ہیں۔ تو شاید اس طرح سے بہت کچھ

فائدہ مترتب ہو سکے ٭

نوجوانی میں کثرت مجامعت اور جلق کے نقصانات

بلوغت کا زمانہ نشو ونما کا نہایت ضروری زمانہ ہوتا ہے اسوقت ہڈیاں محکم اور مضبوط ہونے لگتے ہیں اُنکے جکڑ بند چست اور اُنکی ساخت کامل ہونا شروع ہوتی ہے عضلات و اعصاب بکثرت غذا جذب کرتے ہیں اور اُس کمال کے حصول کے لئے تیار رہوتے ہیں جو فطرت اللہ نے اُنکے لئے مشیّت کیا ہے ایسے نازک زمانہ میں اعضائے تناسل سے زیادہ کام لینا اور وظیفہ زوجیت میں انہماک کرنا حصول قوت و طاقت کا مانع اور تاب جفاکشی و تحمل تکلیف کا مزاحم ہے جن سے زندگی میں چار و ناچار مقابلہ آن پڑتا ہے پھر اسپر غضب یہ ہے کہ نوخیز لڑکے اور بالخصوص طلبا اس نازک زمانہ میں بدقسمتی سے ایک اس سے بھی زیادہ مکروہ اور مضر عادت میں مبتلا ہو جاتے ہیں جس کا نام لیتے ہوئے بھی ہمیں ڈر لگتا ہے اور جس کے نقصانات وظیفہ زوجیت سے ہزار در ہزار زیادہ ہیں کیا خوب کہا ہے کسی نے ؎ گر بقربت مردہ را در آغوش کسی ٭ زاں بہ کہ بدست خویش خود را بکشی ٭

بے احتیاطی سے خوفناک امراض کا پیدا ہونا

اُن امراض و اسقام کی فہرست میں جو اس بچپن کی نادانی اور ناسمجھی کا نتیجہ ہوتے ہیں ایک مد امراض متعدی (وی نیریل ڈزیز) مثلاً آتشک۔ سوزاک وغیرہ کی بھی ہے۔ آہ خود ہم نے اپنی آنکھوں کتنی ہی نونہالان چمن زندگانی و نوباوگان حدیقہ جوانی اپنی زندگی کا آرام۔ لطف و بشاشت ان امراض کی نظر کرتے ہوئے دیکھے ہیں۔ مردوں سے چلکر یہ امراض عورتوں تک پہنچی اور پھر اُن سے آگے بچوں میں یہانتک کہ خاندانوں کی زندگیاں ناگوار ہو گئیں اور وہ بلا جو ایک نوخیز ناسمجھ لڑکا شائد انارکلی بازار سے لیکر نکلا تھا۔ کئی ناکردہ گناہوں کی تکلیف اور رنج کا باعث ہوئی ٭

نیند کا وقت

حفظان صحت ذاتی کی ضروریات میں سے نیند بھی ایک ضروری چیز ہے اس امر پر بحث کرنا فضول ہے کہ نیند ہماری زندگی کے لئے ضروری ہے

یا کہ نہیں جس شخص کے دل میں یہ شبہہ پیدا ہو وہ خود اپنے آپ سے ہی سوال کرے اُسے اپنی زندگی کے روزانہ حالات سے جواب شافی ملجائیگا نیند کے لئے سب سے زیادہ موزون وقت رات ہے کیونکہ خاموشی سنسان عالم رات کو موجود ہوتا ہے اُس سے خواب نوشین و فرح بخش کو خوب تقویت ملتی ہے جو لوگ ارام طلبی یا وضعداری کے لحاظ سے دن کو سوتے ہیں وہ گو یا نظام آفرینش کو بدل کر دن کو رات اور رات کو دن بنانا چاہتے ہیں مگر ایسا کرنے سے وہ آئیندہ زندگی کے لئے ایک نہایت خراب اصول کی بنیاد ڈالتے ہیں۔ نہایت سخت گرمی کے دنوں کے سوائے دوپہر کا سونا سراسر مضعف ہے اور محض آرام طلبی اور ان لوگوں کو جو ازدیاد عمر کے طالب صادق ہیں اور صحت کامل کے عاشق ہیں اُس سے مجتنب رہنا چاہئے تاوقتیکہ وہ اپنی عمر کا دور وسطی پورا نہ کرلیں ÷

نیند کی غرض اور اسکے پورا کرنیکے ہدایات

نیند کا منشا یہ ہے کہ جسمانی یا دماغی محنت سے جس قدر اجزاء بدنی تحلیل ہوئے ہیں اُنکی تلافی اور جبیر نقصان کے لئے موقعہ ملجاوے پس نیند کا وقت بھی اُسی مناسبت سے ہونا چاہئے جس قدر کہ محنت کی جاچکی ہے اسی واسطے نیند کا زمانہ ہر ایک کے لئے یکساں نہیں ہوسکتا نیند کا وقت ہر ایک آدمی کے لئے بلحاظ عمر۔ مزاج۔ عادات۔ عام صحت۔ مقدار محنت (جسمانی یا دماغی) متفاوت ہوتا ہے بہر حال اسقدر کہدینا غلطی سے خالی ہے کہ آدمی کو ۶ گھنٹہ سے کم نہیں سونا چاہئے اور آٹھ سے زیادہ نہیں۔ انگریزی میں ایک ضرب المثل ہے چھ گھنٹے کی نیند مرد کے لئے، ۷ گھنٹے کی نیند عورت کیلئے اور آٹھ گھنٹے کی نیند پاگل کے لئے اُن لوگوں کو جو نیند کی لذتوں کی پوری کیفیات سے متمتع ہونا چاہتے ہیں جو نیند کے پورے اغراض حاصل کرنا چاہتے ہیں ہم مفصلہ ذیل سفارشیں کرتے ہیں ÷

خوابگاہ میں خاموشی اور امن

(۱) ہمارے سونے کا کمرہ بالکل سنسان اور پرسکوت ہونا چاہئے جس قدر ہمارے حواس خارجی اشیا کے اثر سے محفوظ رہیں اُسی قدر

کامل آرام ہمارے روح کو میسر آئیگا اس سے ظاہر ہے کہ اب جو نئی روشنی والے بزرگواروں میں خوابگاہ کے اندر لیمپ روشن رکھ کر سونے کا رواج ہوتا جاتا ہے کیسا غلط ہے *

خوابگاہ کی ونٹی لیشن (۲) لوگوں کو یہ سمجھ لینا چاہیئے کہ اُنکی خوابگاہیں ایسے مکانات ہیں جنمیں انھوں نے اپنی زندگیوں کا زیادہ حصہ گذارنا ہے کیونکہ اتنی دیر تک کوئی شخص کسی ایک مقام میں نہیں رہتا جتنی دیر کہ وہ خوابگاہ میں رہتا ہے اسی لئے نہایت ضروری ہے کہ وہ کمرہ ایسا ہو جس میں تازہ اور خالص ہوا اچھی طرح سے آسکے اور فاسد ہوا نکل سکے *

خواب صالح کے لئے کھانیکی مقدار (۳) پیٹ بھر کر کھانا اور خوب کس کر شکم سیری کرنا بھی مانع خواب نوشین ہے اسی لئے ضروری ہے کہ حسب ضرورت کھانا کھایا جاوے اور کھانے کے چند گھنٹے بعد سونے کا عزم کیا جاوے *

سونے کی وضع (۴) بستر پر دراز ہو کر لیٹنا چاہیئے اور خوب ہاتھ پاؤں پھیلا کر سونا چاہئے اکٹھے ہو کر لیٹنا اور گچھا مچھا (ریقچیا) ہو کر سونا مضر ہے۔ آرام چوکی پر سونا یا چارپائی یا بنچ پر ایسے وضع سے سونا کہ گویا آدمی آدھا بیٹھا ہوا اور آدھا لیٹا ہوا ہے تو اُس سے نہ صرف نیند مضطرب ہوتی ہے بلکہ خود منشائے خواب فوت ہوتا ہے اصلی غرض نیند کی آرام ہے کہ جس سے جسم کو اپنے اجزائے تحلیل شدہ کی جبر و نقصان کا وقت ملے۔ مگر مذکورہ بالا وضع پر سونے سے خود یہ منشا ہی فوت ہو جاتا ہے اس وضع پر سونے سے کل جسم ایک خط مستقیم کی صورت نہیں ہوتا بلکہ جسم اعلیٰ کا جسم اسفل کے ساتھ ایک زاویہ بنجاتا ہے جس زاویہ بنجانے کی وجہ سے دوران خون جسم اسفل میں اُس آزادی کے ساتھ نہیں ہوتا جیسا کہ ہونا چاہیئے اور ہوتا ہے *

سونیکے تفکرات سے فارغ رہو (۵) رات کو سونیکے لئے جب کپڑے اوتارو تو افکار و ترددات کا بوجھ بھی اُنکے ساتھ ہی اُتار کر پھینکدو اور اپنی خوابگاہ میں اُسے ہرگز ساتھ نہ لیجاؤ۔

شاید شروع میں کچھ تکلیف ہو مگر رفتہ رفتہ جب عادت ہو جاویگی تو یہ ایک معمولی بات بنجاویگی عموماً طلبا میں ایک نہایت نامعقول عادت رائج ہے کہ جب وہ سونے لگتے ہیں تو لیٹے لیٹے کتاب کا مطالعہ کرتے رہتے ہیں یہانتک کہ نیند آنکر اُن کی آنکھوں کو بند کردے وہ ایسے وقت میں جبکہ کل نظام بدن آرام کا خواستگار اور مستدعی ہوتا ہے دماغ کو منتقل کرتے ہیں اور اُس کا لازمی نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ مضامین کتاب بصورت خیالات پریشان دماغ کو برابر ستاتے رہتے ہیں صرف بدن کا سونا ہی کافی نہیں بلکہ دماغ کا آرام کرنا بھی لازمی امر ہے جس طرح کوئی آدمی کسی یکہ پر بیٹھا ہوا اونگتا جاتا ہے کہ جہاں بدن کو ہچکولے پر ہچکولا لگتا ہے مگر اودھر حضرت دماغ ہیں کہ خواب استراحت فرما رہے ہیں اسکے خواب بلحاظ حفظ صحت "بجوے نمے ارزد" کی مصداق ہوتی ہے ویسی ہی اُس خواب مضطر سے کوئی فایدہ حاصل نہیں ہو سکتا جسمیں بدن تو سوتا ہو مگر دماغ طلاطم خیالات سے حیران ہو رہا ہو ÷

بیکاری نیند کے لئے مضر ہے	(۶) نیند سے متمتع ہونیکے لئے کسی قدر محنت کاروبار - ورزش کا کرنا بھی لازمی امر ہے کیونکہ آخر نیند کا منشا یہی ہے کہ محنت کرنے

جو تحلیل اجزائے بدن میں ہوتی ہے اُسکے تلافی کا وقت ملجاوے یہ امر یہانتک صحیح اور مسلم الثبوت ہے کہ اکثر حکما کی رائے میں، درصورت نہونے کسی اور منتجکہ سبب کے علی العموم یہی اکثر سبب بدخوابی ہوتا ہے ÷

اوقات خواب	(۷) سونے کے لئے رات کا وقت عموماً دس بجے سے شروع کر کے

بہت مناسب وقت ہے بعض لوگ دن میں سونا پسند کرتے ہیں۔ بعض رات کے کسی اور حصہ کو پسند کرتے ہیں مگر جیسے کہ ہمنے شروع مضمون میں ذکر کیا ہے یہ رائیں عمدہ نہیں۔ مثال کے طور پر ہم ایک دن کو ایک انسان کی زندگی کا نمونہ قرار دے لیں تو صبح کا وقت مشابہ ہوگا طفولیت سے دوپہر جوانی سے اور شام بڑھاپے سے۔ تو پھر اُس شخص کو کون عقلمند کہیگا جو اپنی جوانی کا

زمانہ جو عین کام کرنیکا زمانہ ہے سو کر ضائع کردے خدا کے سب نیک بندے
اور دنیا کے مشہور نیک نام سب کا یہی دستور رہا کہ رات کو سویرے سو جاتے
اور صبح کو بہت سویرے اُٹھکر خدا کی یاد یا دنیا کے کاموں میں مصروف ہوجاتے
کسی مرد خدا نے کیا عمدہ بات کہی ہے ؎

کسے کز تنگ دستی مینر ند دستے بداما نے ✲ نمیدانم چرا دامان شب محکم نمیگیرد

دامان شب سے مراد پچھلی رات ہے اسیطرح صبح خیزی کے فائدہ کو ایک صاحب اس شعر
میں بیان کرتے ہیں ؎

رات کا سونا سویرے صبح کا اُٹھنا شتاب ✲ عقل کو بخشی ہے تیزی چہرہ کو بخشی ہے تاب

بعینہ انہیں معنوں کا انگریزی زبان میں بھی ایک شعر مشہور ہے جو یہ ہے :-

Early to bed and erly to rise
Is the way be healthy wealthy & wise

معالجات ضروری

اس مضمون میں کئی ایک ضروری امراض کے سہل الحصول علاج درج کئے گئے ہیں اگر سال آئندہ تک زندگی باقی ہے تو انشاء اللہ اس میں تمام ضروری اور عام امراض کے علاج درج کئے جائینگے ع تا سال دگر کہ خورد زندہ کہ ماند ✲

پھوڑا ۔ دنبل

جب کہیں مواد غلیظ جمع ہوجاوے ۔ ٹیسیں پڑنے لگیں ۔ جگہ سوج جاوے ۔ ہاتھ لگانے سے گرمی محسوس ہو تو اُسے دنبل کہتے ہیں اگر اُسکی حالتیں جلد جلد بدلتی جاویں ۔ مواد کے نضج پانے میں اور مُنہ بنجانے میں دیر نہ لگے تو اُسے دنبل حاد کہتے ہیں اور اگر اسکے برعکس ہو تو دنبل مزمن ہو دنبل جسم کے کسی حصہ میں ہو سکتا ہے پس یا تو وہ داخلی ہوگا یا خارجی ۔ بعض دفعہ

اُسکے پیدا ہوجانے کا سبب کوئی مقامی ضرب یا چوٹ ہوتی ہے لیکن عموماً اُس کا کوئی سبب معلوم نہیں ہوسکتا بعض اوقات صحت عامہ میں نقص آجاتا یا خون میں کسی خراب مادہ کا موجود ہونا دنبل ہائے کثیر التعداد کا باعث ہوتا ہے۔ علاج بعض دفعہ سرجن کو بذریعہ نیشتر کے دنبل کھولنا پڑتا ہے۔ مگر عموماً نیشتر زنی کی ضرورت نہیں ہوتی اگر ایک سے زیادہ دنبل ہوں یا اُن کے ظہور کا سبب فساد خون ہو تو ایک دوائی جو عام انگریزی دوافروشوں کے پاس ہوتی ہے اور جسے سلفائیڈ آف کیلسیم کہتے ہیں اور جسکے ۱/۴ گرین کے قرص بکتے ہیں اندرونی استعمال کے لئے بہت مفید پائی گئی ہے۔ مقامی علاج درد کی جگہ پر بلاڈونا اور گلیسرین بحصہ مساوی ملا کر لگا دو اور اُسکے اوپر ایک موٹا تہ السی کے آٹے کے پولٹس کا لگا دو پولٹس کی تہ خوب موٹی ہونی چاہئے اور گرما گرم۔ جب پولٹس ٹھنڈا ہو جاوے تو اُسے فوراً بدل ڈالنا چاہئے ٹھنڈا پولٹس بجائے فائدہ کے نقصان کرتا ہے کیونکہ پولٹس کا منشا ہے گرم اور مرطوب ٹکور اگر درست طور پر اور باقاعدہ پولٹس بنانے کی فرصت نہ ہو تو بازار کا گرم گرم حلوا بھی وہی کام دیسکتا ہے *

موسمی بخار یا حمی وبائی

یہ مرض اس ملک میں بہت عام ہے ہندوستان کا کوئی حصہ اس سے بچا ہوا نہیں مختلف صوبجات میں کم وبیش کثرت کے ساتھ سب جگہ شدت کے ساتھ پائی جاتی ہے اس کا سبب ایک قسم کا زہر ہے جو نباتات کے تعفن سے تعلق رکھتا ہے۔ ہندوستان میں موسم برسات کے بعد اس بیماری کا موسم شروع ہوتا ہے اس بخار کی کئی قسمیں اور صورتیں ہیں مگر سب میں زیادہ تر نوبتی قسم کا بخار ہوتا ہے اسی لئے ہم اُسی کا ذکر کرینگے نوبتی بخار میں تپ اوقات مقررہ پر ہو جاتا ہے۔ درمیانی وقفہ میں مریض بالکل تندرست نظر آتا ہے بخار کے

تین درجے ہوتے ہیں۔ اول سردی کا درجہ جسمیں جاڑا لگتا ہے۔ لرزہ آتا ہے دوسرا گرمی کا درجہ اس میں مریض کو جسم جلتا ہوا اور گرم محسوس ہوتا ہے شدت پیاس منہ خشک زبان میلی نبض تیز پیشاب مقدار میں کم مگر سرخ اور گاڑھا تیسرا درجہ پسینہ کا۔ اسپر جسم پر نمی نمودار ہونے لگتی ہے پہلے پیشانی پر عرق آتا ہے۔ پھر تدریجاً تمام جسم عرق میں غرق ہوجاتا ہے اگر ملیریا (جو اس بخار کے سمیت کا علمی نام ہے) کی مقدار جو خون میں سرایت کر چکی ہے تھوڑی ہو تو دو چار نوبتیں آکر آرام ہوجاتا ہے ورنہ بیمار مدت تک اسکے ہاتھوں سے لاچار رہتا ہے اور دوسرے عارضات شامل حال ہوکر اُس کا خاتمہ کر دیتے ہیں ✢

علاج۔ سردی کے درجہ میں گرم گرم کافی (قہوہ) کے پینے سے تکلیف میں بہت کچھ تخفیف ہوجاتی ہے اور اس درجہ کے دوران میں بھی کوتاہی واقع ہوتی ہے۔ درجہ دوم میں جنکو عوام الناس اصل بخار خیال کرتے ہیں ایسے ادویات استعمال کرنے چاہئے جن سے مفصلہ ذیل اغراض حاصل ہوسکیں (۱) جلد کا فعل برقرار کیا جاوے (کیونکہ جلد اس حالت میں خشک اور گرم ہوجاتی ہے جو اُسکے لئے ایک غیر طبعی حالت ہے) (۲) گردے۔ جگر۔ امعاء اور تمام آلات انہضام میں جو اجتماع خون کا ہوجاتا ہے اُسے رفع کیا جائے (۳) قبض۔ پیاس۔ بیقراری وغیرہ علامات کو رفع کیا جائے ان بڑے بڑے اصول علاج کو مدنظر رکھکر ذیل میں چند نسخے درج کئے جاتے ہیں جو بخار کے اس درجہ میں جمہور اطبا کے نزدیک بڑے مفید خیال کئے گئے ہیں ✢

نسخہ نمبر (۱)

لائیکوار امونی ای سی ٹے ٹس	ایک ڈرام
نائی ٹریٹ آف پوٹاش	دس گرین
اسپرٹ ایتھر نیٹر وسائی	دس قطرے

کیمفر واٹر ملاکر ایک اونس (یعنی ڈھائی تولہ ایک اونس) ✢

نسخہ نمبر (۲)

دائی نائی اپیکاک ... ... ایک ڈرام
اسپرٹ ایتھر نیٹروسائی ... ... ۱ $\frac{1}{2}$ ڈرام
پوٹاسی آئی نائی ٹرے ٹس ... ... ۱ $\frac{1}{2}$ ڈرام
اسپرٹ کلورائی ... ... $\frac{1}{2}$ اونس
پانی ملاکر ... ... ۱-$\frac{1}{2}$ اونس

(خوراک ایک ڈرام دن میں دو مرتبہ)

یہ نسخہ خوردسال بچوں کے لئے جنکی عمر ایک سے دو سال تک ہو نہایت مفید خیال کیا گیا ہے +

اگر بخار بہت تیز ہو تو اینٹی فائی برین ۱۰ گرین ہمراہ لائیکوار ایمونی اسی ٹاٹی ٹس $\frac{1}{2}$ ڈرام ۔ سپرٹ ایمونیا ایرو میٹک ۲۰ بوند اور پانی ایک اونس کے دیویں + اگر انگریزی ادویہ دستیاب نہ ہو سکیں تو دیسی ادویات کا مندرجہ ذیل نسخہ دیویں +

نسخہ دیسی

شربت بنفشہ ۔ شربت نیلوفر ۔ عرق گاؤزبان ۔ عرق کیوڑا ملاکر پلاویں اگر یہ چیزیں بھی دستیاب نہو سکیں (جیساکہ پنجاب کے بعض دیہات کا حال ہے) تو مفصلہ ذیل ترکیب کو کام میں لاویں جو دیہات میں بھی بافراط میسر آسکتی ہے پتلی لسی میں شورہ قلمی بمقدار ۵ گرین فی اونس پلاویں ۔ ایسی نازک حالت میں یہ بھی فیور مکسچر کا کام دے جائیگا +

وقفہ کی حالت میں ادویہ دافعہ نوبت دینی چاہئیں مگر ان کے دینے سے پہلے یہ امر بخوبی دیکھ لینا چاہیئے کہ قبض موجود نہو اور زبان میلی نہو رفع قبض کے لئے کوئی ایسا نسخہ جیسا کہ ذیل میں درج ہے کافی ہو گا ۔ مثلاً

میگنیشی آئی سلفیٹس ... ... ایک اونس

ایسی ڈائی سلفیورسی آئی ایبرومے ٹی سائی ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۱½ ڈرام

سرپ زنجی برس ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ایک اونس

ایکوا کلوروفارم ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۶- اونس

ایک اونس دو دو یا تین تین گھنٹہ بعد +

بخار کی موجودگی میں اگر نسخہ ذیل دیاجائے تو اس سے دو مطلب ایک جا حاصل ہوسکیں گے بخار بھی اُتر جائیگا اور تلیین بھی ہوجائیگی +

نسخہ

سلفٹ آف میگیشا ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۳- ڈرام

سلفیٹ اوف سوڈا ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۳- ڈرام

اسپرٹ ایتھر نائی ٹراس ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۲۰- بوند

لائکوار ایمونی ای سی ٹیٹ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ½ اونس

کیمفر واٹر ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ایک اونس

ایسی ایک خوراک تین تین گھنٹے کے بعد دیجائے +

اگر مذکورہ بالا انگریزی نسخے مہیا نہو سکیں تو بھی مدعا رفع قبض بہ تلیین مفصلہ ذیل دیسی تدبیر سے بھی ممکن ہے :-

بنفشہ ایک تولہ- گلقند ایک تولہ- سونف ۶ ماشہ- کاسنی ۴ ماشہ- چہار مغز ۶ ماشہ اسکو کوٹ کر چھان کر استعمال میں لادیں +

دافع نوبت دوامی باتفاق جمہور اطبا کونین سے بڑھکر کوئی نہیں- ابھی کوئی ایسی چیز دریافت نہیں ہوئی جو اس کا ہم پلہ خیال کی جاسکے- کونین کے استعمال کے لئے صدہا ترکیبیں تجویز کی گئی ہیں بلحاظ تاثیر کے سب سے عمدہ طریقہ یہ ہے کہ اُسے کسی چیز میں حل کرکے دیا جاوے بعض نازک طبیعتیں بوجہ تلخی ذائقہ اس صورت میں اس کا استعمال پسند نہیں کرتیں چنانچہ اسوقت کو رفع کرنیکے لئے کئی طرح کی گولیاں بنائی گئی ہیں جن کے اوپر طرح طرح کے روغنی

اور رنگوں کا غلاف کیا گیا ہے۔ معدہ میں جا کر ان غلافوں کے حل ہونے میں دیر ہوتی ہے درآنحالیکہ حل شدہ کونین فوراً اپنا عمل شروع کر دیتی ہے مفصلہ ذیل نسخہ بلحاظ جملہ مراتب کے بہت مناسب ہوگا +

کونین	۵ گرین
ایسڈٹے تک	۵ گرین
سرپ سنا موما ی	ایک ڈرام
ایکوا کلورافارمائی	ایک اونس

اگر ترکیب کے لئے اجزا میسر نہ آسکیں تو کونین کھانے کی نہایت عمدہ تدبیر یہ ہوگی کہ لیموں یا سنگترے کے ٹکڑوں پر ڈالکر اُسے چوس لیں۔ بچوں کے لئے کونین کھلانے کا سب سے عمدہ طریق یہ ہے کہ اُسے دودھ کے ساتھ دیا جاوے اس طرح بچے خوب اچھی طرح سے کھا لیتے ہیں ٹے نین ایک ایسی چیز ہے جو کونین کے ذایقہ کو چھپا لیتی ہے۔ چنانچہ اسی واسطے نسخہ مذکورہ بالا میں ہم نے ٹے نک ایسڈ کو منتخب کیا ہے +

پرانے بخار میں بعض اوقات کونین بھی خطا جاتی ہے کتنا ہی کونین کو دیا جاوے نوبت نہیں رُکتی ایسی حالتوں میں سنکھیا کے مرکبات بہت ہی مفید ثابت ہوتے ہیں۔ ہمارے تجربہ میں سنکھیا اور کونین ملا کر دینے سے ایسی حالتوں میں بہت ہی زیادہ فائدہ ہوتا ہے۔ جہاں مذکورہ بالا ادویات دستیاب نہ ہو سکیں وہاں مفصلہ ذیل نسخہ کارآمد ثابت ہوگا +

نسخہ نمبر (۱)

دار فلفل ایک تولہ۔ مغز نجوہ ایک تولہ۔ زیرہ سفید ۶ ماشہ۔ برگ تازہ مغیل ۶ ماشہ۔ کوفتہ بیختہ بقدر نخود گولی بنا دیں ایک صبح ایک دوپہر ایک شام کو تین روز تک کھائیں +

+ + + + +

نسخہ نمبر (۲)

کافور ۳ ماشہ۔ طباشیر سفید ۹ ماشہ۔ صندل سفید ۹ ماشہ۔ کشنیز خشک ۹ ماشہ۔ مغز تخم کدو شیریں ا تولہ۔ مغز تخم پیٹھہ سفید ا تولہ۔ گل ارمنی ۴ ماشہ۔ زہر مہرہ خطائی ۴ ماشہ گوند ببول ۱۰ ماشہ۔ بدستور گولیاں خورد بناویں ۳ ماشہ صبح و شام +

عظم طحال یعنی تلی کا بڑھ جانا

ہمارے ملک میں عظم طحال کے مریضوں کی تعداد سینکڑوں نہیں ہزار دن تک پہنچ گئی ہے جس ملک میں ملیریا کی یہ کثرت ہو اور بخار کی افراط ہو وہاں تلی کا بڑھ جانا معمولی امر ہے۔ چنانچہ صدہا آدمی ہر سال اسے بیماری کے ذریعہ سے طعمہ اجل ہوتے ہیں۔ مفصلہ ذیل نسخے اسکے لئے بہت مفید ہیں:۔

نسخہ نمبر (۱)

سنکونا ایل کلائیڈ	۵ گرین
سلفیٹ آف آیرن	۳۔ گرین
ڈائلیوٹ سلفیورک ایسڈ	½ بوند
سلفیٹ آف میگنشیا	۱۲ گرین
ٹنکچر اوف کیپ سی کم	۳ بوند
پانی	ایک اونس
خوراک	ایک اونس

نسخہ نمبر (۲)

سنکونا ایل کلائیڈ	۲ گرین
سلفیٹ آف آیرن	ایک گرین
ارگوٹین	ایک گرین
اکسٹریکٹ نیکس ویکا	ایک گرین

ملا کر ایک گولی بنائیں ایسی دو گولیاں ایک صبح اور ایک شام کھائیں +

نسخہ نمبر (۳)

سہاگہ بریان ایک تولہ خردل ۲ تولہ سفوف بنا کر نصف صبح نصف شام ہمراہ عرق کیوڑہ استعمال میں لاویں *

نسخہ نمبر (۴)

پوست ہلیلہ زرد۔ سونٹھ۔ شیطرج۔ سہاگہ بریان۔ سجی سفید۔ قلمی شورہ۔ بابرنگ۔ سفید زیرہ۔ سیاہ زیرہ۔ سیندھیہ نمک (مساوی الوزن) دو چند گڑ یا اگر گولیاں بنا کر دو ماشہ سے ۴ ماشہ تک گرم پانی کے ساتھ کھائیں *

انیمیا

اصطلاح طب میں اس سے مراد وہ حالت ہے جبکہ خون کم ہو جاوے یا یوں کہو کہ خون کے سرخ ذرے کم ہو جاویں اس ملک میں جب موسمی بخار کے متواتر حملے کسی آدمی پر ہوتے ہیں تو اسکو اکثر یہ بیماری ہو جاتی ہے۔ چہرہ کا رنگ زرد ہو جاتا ہے پٹھے پڑ جاتے ہیں۔ بھوک کم ہو جاتی ہے۔ ضعف ہو جاتا ہے۔ ذرا ادنے محنت سے آدمی تھک جاتا ہے چند قدم چلنے سے سانس چڑھ جاتا ہے اکثر دل دھڑکنے لگتا ہے اور خفقان ہو جاتا ہے جب مرض بڑھ جاوے تو پپوٹے اکثر سرخ ہو جاتے ہیں کبھی چہرہ پر یا ٹانگوں اور گھٹنوں پر بھی سوجن نظر آتی ہے *

علاج۔ سٹریٹ آف ایرن اینڈ کونین دو رتی صبح و شام ہمراہ دودھ کے چار پانچ ہفتہ استعمال کرنے سے آرام ہو جائیگا۔ غذا مقوی اور کھلے میدان میں مناسب ورزش کا کرنا بھی مفید ہوگا *

برانکائیٹس یعنی سرفہ (کھانسی)

یہ بیماری یا حاد ہوتی ہے یا مزمن۔ حالت حاد میں بخار ہوتا ہے نبض تیز چلتی ہے

جلد گرمی رہتی ہے کھانسی ہوتی ہے۔ بلغم تھوڑی خارج ہوتی ہے پہلو میں درد ہوتا ہے سانس دقت سے لیا جاتا ہے سرفہ مزمن مدتوں چلا جاتا ہے خصوصاً سردی میں کھانسی ہوتی ہے بلغم بکثرت خارج ہوتا ہے (بلغم میں گاہے گاہے خون کے داغ بھی ہوتے ہیں) تنگی متنفس بالخصوص کام کرتے وقت بدن لاغر ہو جاتا ہے یہ مرض اکثر بڈھوں اور غریبوں میں پایا جاتا ہے جنکو موسم کے شدائد کا سامنا بہت کرنا پڑتا ہے +

علاج۔ حالت حاد میں یہ گولی بہت مفید ہوگی +

نسخہ

پلوس سلا (سفوف اصقیلیام)	۲ گرین
پلوس اپی کاک	۱/۴ گرین
اوپیم (افیون)	۱/۹ گرین
کیمفر (کافور)	ایک گرین
ریکٹیفائڈ اسپرٹ	ایک بوند
گلیسرین آف ٹراگاکنتھ	کافی مقدار

ملاکر ایک گولی بناؤ دن میں تین ایسے گولیاں +

مزمن حالت میں نسخہ ذیل کام میں لایا جاوے :۔

کاربونٹ آف امونیا	۵ گرین
ٹنکچر سنیگا	۱/۲ ڈرام
کیمفر واٹر	ایک اونس

ایسی تین خوراکیں دن میں +

اگر ان نسخوں کیلئے ادویہ دستیاب نہو سکیں تو مفصلہ ذیل نسخہ تو سب جگہ دستیاب ہو سکتا ہے۔ گوند کیکر۔ گوند کتیرا۔ ملٹھی۔ جلوتری۔ خشخاش۔ افیون برابر وزن لیکر پیسکر گولی بقدر موٹھ کے دانہ کے بنالیں خوراک ایک سے تین گولی تک +

زکام اور ٹھنڈک

سردی اگر سر کو لگے تو اُس سے زکام ہو جاتا ہے اگر چھاتی کو لگے تو اُس سے برنکائٹس ہو جاتا ہے زکام میں ناک اور آنکھ سے پانی آتا ہے چھینکیں آتی ہیں ناک میں جلن محسوس ہوتی ہے سر میں گرانی اور درد ہوتا ہے جب سردی سینہ کو لگے تو کھانسی ہو جاتی ہے۔ بلغم خارج ہوتا ہے۔ پہلو میں درد اور بوجھ محسوس ہوتا ہے۔ ٹھنڈک کے ساتھ کبھی بخار ہوتا ہے کبھی نہیں ہوتا بیمار کا کام کاج بہ جی نہیں لگتا گلے میں خون کا اجتماع ہو جاتا ہے آسانی سے بولا نہیں جا سکتا علاج۔ قبض کو رفع کریں پسینہ لانیوالی ادویات استعمال کریں ڈوورس پوڈر ۵ گرین۔ ہمراہ گرما گرم دودھ کے عام دوائی ہے۔ گرم پانی میں ٹینگچر آف آیوڈین ۱ قطرہ ڈالکر استنشاق کریں۔ نوشادر ۵ گرین۔ سہاگہ ۵ گرین۔ عرق گاؤزبان ایک اونس ملاکر استعمال کریں تو گلے کو فائدہ ہوگا +

زہر اور اُن کے مصلح

ذیل میں ایک فہرست چھپی ہوئی اور سادے تریاق یا مصلح ادویات کی درج ہے۔ جو ایسے زہروں کے اُتارنے کے واسطے ہیں کہ جن کو کاریگر استعمال کرتے ہیں اکسیر ہے فہرست کو ڈاکٹر فرانسس وائیٹ نے مرتب کیا ہے ضرورت کے وقت کہ جہاں کہیں لایق ڈاکٹر موجود نہو یا اُسکے آنے میں دیر ہو استعمال کرنے سے ضرور فائدہ ہوگا +

زہر	مصلح
(۱) تیزاب۔ کاربالک گندہک شورہ۔ نمک۔ شورہ و نمک کریازوٹ آئیوڈین فاسفورس	(۱) انڈے کی سفیدی پانی میں خوب پھینٹ کر چاء چمچہ بھرائی کا سفوف پیالے بھر گرم پانی میں نہایت گاڑھا چونہ کلپانی گر۔ گندہک کا تیزاب۔ شورہ اور نمک کے تیزآب کا اثر دور کرنا ہو +

(۲) کروبک ایسڈ (تیزاب) کرومیٹس جملہ مرکبات کریم انٹی منی - تانبا - پارہ یا جست کے	(۲) انڈے کی سفیدی کثرت سے پانی کے ساتھ چائے چمچہ بھر رائی کا سفوف پانی میں نمکین بوٹیوں کا نقوع کثرت سے دیا جائے +
(۳) نوسادر سوڈا - پوٹاش - انکلائین سیلکٹس اور سلفیٹس	(۳) تیز سرکہ اور پانی زیادہ مقدار میں نیل زیادہ مقدار میں دودھ دیا جائے -
(۴) ہرو سک ایسڈ (تیزاب) اسکے نمک کل اقسام سائنڈس اور سلفو سائنڈس روغن تلخ بادام اور ٹیرو نیزائیر	(۴) برف کے ایسے پرانے کا ٹھنڈا متواتر سر اور پشت پر زور سے ڈالا جائے رائی کا پلاسٹر معدہ اور پیروں کے تلووں پر لگایا جاوے - سونے نہ پائے -
(۵) انیتھر ٹیٹرولیم بنزائیں فروٹ اسمیں گارڈ ہے یا خالص الکوحل -	(۵) کثرت سے رائی کا سفوف زیادہ مقدار گرم پانی میں دیا جائے تازی ہوا سرد پانی کا تریڑا ڈالا جائے سونے بالکل نہ پائے -
(۶) مرکبات بریٹیا اور سیسہ -	(۶) چائے چمچہ بھر رائی کا سفوف گنگنے پانیمیں زیادہ مقدار میں اسیم سالٹ اور گلابرٹ سالٹ سرد پانیمیں یعنی وسنت آور نمک جو عموماً گلابرٹ سالٹ کے نام سے مشہور ہے گھولکر دیا جائے -
(۷) مرکبات سنکھیا -	(۷) چائے چمچہ بھر رائی کے سفوف گنگنے پانیمیں چائے کے چمچہ بھر ڈیالائیزڈ آئرن اور اسیقدر کاسائیڈ مگنیشیا ملاکر ہر پانچ منٹ کے بعد ایک گھنٹے تک دیجائے اسکے بعد کثرت سے تیل یا دودھ یا لعاب دار غذا -
(۸) اگزلک ایسڈ (تیزاب) اور اسکے نمک -	(۸) نہایت گاڑھی پسی چونہ کی اور پانی بڑی چمچہ بھر متعدد بار اسکو دیکر زیادہ مقدار میں چونہ کا پانی اسکے بعد وہ چھٹانک ہنڈی کا تیل دیا جائے
(۹) نیٹریٹ آف سلور کاشک	(۹) زیادہ مقدار میں کھانے کا نمک پانیمیں گھولکر اسکے بعد چائے کے چمچہ بھر رائی کا سفوف گنگنے پانیمیں
(۱۰) سخت ہوا یا انجاکہ جو ٹیرہ یا دوسرے کیمیائی چیزوں کی تیاری کے وقت پیدا ہوتا ہے -	(۱۰) جلد جلد لیکن قلیل مقدار میں سرکہ جس قدر قوی ہو اسیقدر بہتر ہے +

مختلف عمروں کیلئے دوائی کی مقدار

اگر کسی انگریزی دوائی کی مقدار ایک اکیس سال کی عمر کے جوان آدمی کے لئے ایک ڈرام ہو تو مندرجہ ذیل کم و بیش عمروں کے لئے حسب ذیل نسبت سے دوائی کی مقدار ہونی چاہیئے

ایک سال سے کم ۱/۱۲ حصہ یا ۵ گرین		چودہ سال سے کم ½ حصہ یا ۳۰ گرین
دو سال سے کم ۱/۸ حصہ یا ۷½ گرین		بیس سال سے کم ۲/۳ حصہ یا ۴۰ گرین
تین سال سے کم ۱/۶ حصہ یا ۱۰ گرین		اکیس سال سے اوپر ۱/۱ حصہ یا ۷۰ گرین
چار سال سے کم ۱/۴ حصہ یا ۱۵ گرین		پینسٹھ سال سے اوپر برعکس نسبت سے درکار ہے
سات سال سے کم ۱/۳ حصہ یا ۲۰ گرین		عورتوں کو مردوں کی نسبت کسیقدر کم مقدار ہوتی ہے

احتیاط اغذیہ*

(۱) مولی و دہی و پنیر ایک ساتھ کھانے سے قولنج کے درد کا اندیشہ ہے +

(۲) دودھ کے ساتھ ترشی کھانے سے درد معدہ و احتراق خون کا خوف ہے +

(۳) مچھلی کے ساتھ دودھ یا رس نیشکر پینا یا شہد کھانا جذام و برص و قولنج کا خوف ہے +

(۴) گوشت طیور کے ساتھ دہی کھانے سے درد فالج وغیرہ کا خوف ہے +

(۵) چاول کے ساتھ سرکہ کھانے سے درد معدہ کا خوف ہے +

(۶) گوشت کے بعد شہد کھانے سے درد معدہ کا خوف ہے +

(۷) بچہ کبوتر کے ساتھ پیاز لہسن اور خردل کھانے سے درد معدہ کا خوف ہے +

(۸) گوشت بریان نمکین و سرکہ ایک ساتھ کھانے سے درد معدہ اور قولنج کا خوف ہے +

(۹) دودھ و شراب معدے میں جمع ہونے سے مرض نقرس کا اندیشہ ہے +

(۱۰) لہسن اور شہد اور خربوزہ ایک ساتھ کھانے سے درد معدہ اور احتراق خون کا اندیشہ ہے

(۱۱) لہسن و پیاز فندق و بادام باہم ملا کر کھانا منع ہے +

*چونکہ حکماء اور تجربہ سے مندرجہ ذیل غذائیں ایک ہی وقت اکٹھی کھانی بوجہ پیدا ہونے کسی تکلیف یا عارضہ کے منع لکھی ہیں +

(۱۲) خربوزہ کے ساتھ دہی کھانے سے درد معدہ کا خوف ہے +

(۱۳) کیلے کے ساتھ لسّی پینے سے درد معدہ اور ہیضہ کا خوف ہے +

(۱۴) گرم کھانے کے ساتھ دہی کھانے سے درد معدہ کا خوف ہے +

(۱۵) کھچڑی ساتھ کھیر کھانے سے مرض قولنج کا خطرہ ہے +

(۱۶) شہد اور گھی ایک ساتھ کھانے سے مرض فالج کا خوف ہے +

(۱۷) گوشت بکری کے ساتھ کبوتر کا گوشت کھانے سے درد قولنج کا خوف ہے +

(۱۸) گوشت چکور کے ساتھ پنیر کھانے سے درد معدہ کا خوف ہے +

(۱۹) گوشت مرغ کیساتھ مولی کھانا اور باسی غذا گرم کر کے کھانا مضر ہے +

چار موسموں کی ابتدا

موسم بہار ۲۱ مارچ کو شروع ہوتا ہے جبکہ آفتاب برج حمل میں داخل ہوتا ہے +

موسم گرما ۲۱ جون (سب سے لمبا دن) کو شروع ہوتا ہے جبکہ آفتاب برج سرطان میں داخل ہوتا ہے +

موسم خزاں ۲۳ ستمبر کو شروع ہوتا ہے جبکہ آفتاب برج میزان میں داخل ہوتا ہے

موسم سرما ۲۱ دسمبر (سب سے چھوٹا دن) کو شروع ہوتا ہے جبکہ آفتاب برج جدی میں داخل ہوتا ہے +

رات اور دن کتنے لمبے ہوتے ہیں

(۱) جتنے بجے آفتاب غروب ہو اُسکو دوچند کر لو تو دن کی لمبائی معلوم ہو جائیگی۔

(۲) جتنے بجے آفتاب طلوع ہو اُسکو دوچند کر لو تو رات کی لمبائی معلوم ہو جائیگی +

مثلاً چھ بجے آفتاب غروب ہوتا ہے تو دن ۱۲ گھنٹے کا تھا اور ۷ بجے آفتاب طلوع ہوتا ہے تو رات ۱۴ گھنٹے کی ہے +

مقدار غذائیت

مفصلہ ذیل حیوانی اور نباتاتی اشیاء کے ایک ہزار حصوں میں حسب تفصیل ذیل

پرورش کنندہ غذا موجود ہے:۔

گیہوں	۹۵۰	انگور	۲۷۰	لوبیا	۱۶۰
مٹر خشک	۹۳۰	مرغی کا گوشت	۲۷۰	چقندر	۱۴۸
جَو	۹۲۰	گوشت گاؤ	۲۶۰	انڈے کی سفید	۱۴۰
لوبیا خشک	۸۹۰	گوشت گوسالہ	۲۵۰	آلو	۱۲۰
چاول	۸۸۰	آلو بالو	۲۵۰	سٹرویری (قسم میوہ)	۱۲۰
رائی	۷۹۲	گوشت	۲۴۰	گاجریں	۹۸
جئی	۷۴۲	مچھلی (تقریباً)	۲۰۰	گوبی	۷۳
بادام	۶۵۶	شفتالو	۲۰۰	دودھ	۷۲
بیر	۲۹۰	گُوسبیری (قسم میوہ)	۱۹۰	شلجم	۴۲
بھیڑی کا گوشت	۲۹۰	سیب	۱۷۰	خربوزہ	۳۰
				ککڑی	۲۵

طلوع و غروب مہتاب

چار دن کا چاند ... ... دس بجے شب کو غروب ہوتا ہے

پانچویں کا ... ... ۱۱ بجے " " "

چھٹی کا ... ... ۱۲ بجے " " "

ساتویں کا ... ... ۱ بجے صبح کے قریب " "

چودھویں پندرھویں کا چاند ... ... تمام شب ۶ بجے شام سے سحر تک رہتا ہے

سولھویں کا چاند ... ... سوا سات بجے شام کے چڑھتا ہے۔

سترھویں کا چاند ... ... ساڑھے آٹھ بجے " " "

اٹھارہویں کا چاند ... ... ۱۰ بجے " " "

اُنیسویں کا چاند ... ... ۱۱ بجے " " "

بیسویں کا چاند ... ... ۱۲ بجے شام کے چڑھتا ہے +

مختلف اجسام و عناصر کی رفتار کی مقدار

میٹر فی سیکنڈ

مرد چار سے پانچ میل فی گھنٹہ کے حساب سے چلنے والا	۱۱ر۱ سے ۲۰ر۱
جہاز نو گانٹھ فی گھنٹہ چلنے والا	۴ر۶۳
معمولی	۵۰ سے ۶
موج بحر ۲ میٹر بلند ۳۰۰ میٹر عریض	۶ر۸۱
جہاز ۱۷ گانٹھ فی گھنٹہ چلنے والا	۸ر۷۵
گھوڑا ۲ منٹ ۱۴ سیکنڈ میں ایک میل پورا کرنیوالا	۱۲
گھوڑا ۹۰۰ میٹر فی منٹ دوڑنے والا	۱۵
نامہ بر کبوتر	۱۸
سمندر کی موج طوفان کیوقت	۲۱ر۸۵
ڈاک گاڑی ۶۰ میل فی گھنٹہ کی رفتار کی	۳ر۹۱
طوفان باد	۲۵ سے ۳۰
انسانی رگوں میں احساس	۳۳
ابابیل کی پرواز	۸۸
زلزلہ کا صدمہ (۳۱ اگست ۱۸۶۶ء)	۲۷۳۵
مریخ کے خط استوا پر نقطہ	۲۴۴
زہرہ کے خط استوا پر نقطہ	۴۵۴ر۵۸
ارض کے خط استوا پر نقطہ	۴۶۳
توپ کا گولہ	۶۳۳
چاند کی گردش زمین کے گرد	۱۰۱۲
زلزلے کا صدمہ لوزن سے جنیوا تک ۲۵ جولائی ۱۸۵۵ء	۱۳۶۸
آفتاب کے خط استوا پر نقطہ	۲۰۲۸۰
یورینس کی گردش آفتاب کے گرد	۶۷۳۰
زحل کے خط استوا پر نقطہ	۱۰۵۴۱
مشتری کے خط استوا پر نقطہ	۱۲۴۹۱
مشتری کی گرد آفتاب کے گرد	۱۲۹۲۴
مریخ کی گردش آفتاب کے گرد	۲۳۸۹۲
زمین کی گردش آفتاب کے گرد	۳۹۵۱۶
زہرہ کی گردش آفتاب کے گرد	۳۴۶۳۰
عطارد کی گردش آفتاب کے گرد	۴۷۳۲۷
قطبی ہوا کی معمولی حرکت	۴۰۰۰۰ سے ۶۵۰۰۰ تک
قطبی ہوا میں طوفان	۴۰۲۰۰۰
بحری تار میں برقی رفتار	۴۰۰۰۰۰
ہوائی تار میں برقی رفتار	۳۶۰۰۰۰۰
روشنی کی رفتار	۳۰۰۴۰۰۰۰

سونے کی تعداد حسب عمر جس سے صحت رہ سکتی ہے

نو عمر بچہ	۲۰ گھنٹہ
۱۰ برس کی عمر تک	۱۲ ″
۱۰ سے ۱۵ تک	۱۲ سے ۱۰ ″
۱۵ سے ۲۰ تک	۸ گھنٹہ
۲۵ سے ۵۰ تک	۷ ″

مائعات کے منجمد کرنے کا درجہ

درجہ انجماد فارن ہیٹ

روغن ([illegible])	۵۰ درجہ صفر سے اوپر	
روغن زیتون	۳۶	″
پانی	۳۲	″
دودھ	۳۰	″
سرکہ	۲۸	″
شورہ	۲۶	″
خون	۲۵ درجہ صفر سے اوپر	
روغن	۲۳	″
تیز شرابیں	۲۰	″
روغن تارپین	۱۴	″
برومائن	۴	″
برانڈی	۷ درجہ صفر سے نیچے	
سیماب	۳۹	″
سیال امونیا	۴۶	″

وزن جسم انسان

مندرجہ ذیل جدول سے انسان کے جسم کا حالت صحت کا وزن بمناسبت بلندی جسم کے معلوم ہو سکتا ہے

صحیح قامت		اوسط وزن	وزن ۷ فیصدی بڑھا یا گیا	صحیح قامت		اوسط وزن	وزن ۷ فیصدی بڑھایا گیا
فیٹ	انچہ	پونڈ	کل پونڈ	فیٹ	انچہ	پونڈ	کل پونڈ
۵	۱	۱۲۰	۱۲۸	۵	۷	۱۴۸	۱۵۸
۵	۲	۱۲۶	۱۳۵	۵	۸	۱۵۵	۱۶۶
۵	۳	۱۳۳	۱۴۲	۵	۹	۱۶۲	۱۷۳
۵	۴	۱۳۹	۱۴۹	۵	۱۰	۱۶۹	۱۷۹
۵	۵	۱۴۲	۱۵۲	۵	۱۱	۱۷۴	۱۸۶
۵	۶	۱۴۵	۱۵۵	۶	۰	۱۷۸	۱۹۰

مثال ۵ فیٹ ۸ انچہ کا آدمی کپڑوں سمیت ۱۵۵ پونڈ ہو اسپر سات فیصدی بوجھ بڑھ سکتا ہی اور اسکی صحت میں فرق نہیں آئیگا لیکن اس سے زیادہ بڑھنے کی صورت میں اسکا تنفس کم ہو جائیگا عام طور پر آدمیوں میں بوٹ سمیت کپڑوں کا بوجھ اُنکے جسم کے کل بوجھ سے ۱/۱۸ [illegible] آتا ہے ٭

صحیح وسالم آدمی کے اعضا کا تناسب

ذیل کے جدول سے معلوم ہوگا کہ پانچ فیٹ سے چھ فیٹ تک کے آدمیوں کے فلاں فلاں اعضا کتنے بڑے ہوتے ہیں اور ان کا وزن کیا ہوتا ہے :-

بالائی یعنے قامت	وزن	چھاتی	بازو	کلائی	گردن	ران	پنڈلی
۵ فٹ	۷ سٹون ۵ پونڈ تک	۳۲-انچہ سے ۳۳-انچہ	۱۱ انچہ	$8\frac{1}{2}$ انچہ	۱۱ انچہ	۱۵ انچہ	۱۱ انچہ
۵ فٹ ۱-انچہ	۷س ۵پ سے ۷س ۱۲پ تک	۳۳ سے ۳۴ انچہ	$11\frac{1}{2}$ //	۹ //	$11\frac{1}{2}$ //	۱۶ //	$11\frac{1}{2}$ //
۵ فٹ ۲-انچہ	۷س ۱۳پ سے ۸س ۲پ تک	۳۴ سے ۳۵ //	۱۲ //	$9\frac{1}{2}$ //	۱۲ //	۱۷ //	۱۲ //
۵ فٹ ۳-انچہ	۸س ۴پ سے ۹س ۱پ تک	۳۵ سے ۳۶ //	$12\frac{1}{2}$ //	۱۰ //	$12\frac{1}{2}$ //	۱۸ //	$12\frac{1}{2}$ //
۵ فٹ ۴-انچہ	۹س ۱پ سے ۹س ۷پ تک	۳۶ سے ۳۷ //	۱۳ //	$10\frac{1}{2}$ //	۱۳ //	۱۹ //	۱۳ //
۵ فٹ ۵-انچہ	۹س ۷پ سے ۱۰س $\frac{1}{2}$پ تک	۳۷ سے ۳۸ //	$13\frac{1}{2}$ //	$10\frac{7}{8}$ //	$13\frac{1}{2}$ //	۲۰ //	$13\frac{1}{2}$ //
۵ فٹ ۶-انچہ	۱۰س $\frac{1}{2}$پ سے ۱۰س ۷پ تک	۳۸ سے ۳۹ //	۱۴ //	۱۱ //	۱۴ //	۲۱ //	۱۴ //
۵ فٹ ۷-انچہ	۱۰س ۷پ سے ۱۱س ۱پ تک	۳۹ سے ۴۰ //	$14\frac{1}{2}$ //	$11\frac{1}{2}$ //	$14\frac{1}{2}$ //	۲۲ //	$14\frac{1}{2}$ //
۵ فٹ ۸-انچہ	۱۱س ۱پ سے ۱۱س ۱۰پ تک	۴۰ سے ۴۱ //	۱۵ //	$11\frac{7}{8}$ //	۱۵ //	۲۳ //	۱۵ //
۵ فٹ ۹-انچہ	۱۱س ۱۰پ سے ۱۲س ۱پ تک	۴۱ سے ۴۲ //	$15\frac{1}{2}$ //	۱۲ //	$15\frac{1}{2}$ //	۲۴ //	$15\frac{1}{2}$ //
۵ فٹ ۱۰-انچہ	۱۲س ۱۰پ سے ۱۳س ۲پ تک	۴۲ سے ۴۳ //	۱۶ //	$12\frac{1}{2}$ //	۱۶ //	۲۵ //	۱۶ //
۵ فٹ ۱۱-انچہ	۱۳س ۲پ سے ۱۴س $\frac{1}{2}$پ تک	۴۳ سے ۴۴ //	$16\frac{1}{2}$ //	$12\frac{6}{8}$ //	$16\frac{1}{2}$ //	۲۶ //	$16\frac{1}{2}$ //
۶ فٹ	۱۴س ×پ سے ۱۴س ۸پ تک	۴۴ سے ۴۵ //	۱۷ //	۱۳ //	۱۷ //	۲۷ //	۱۷ //

ایک سٹون = ۱۴-پونڈ — وایک پونڈ = نصف سیر

صحت کی حالت میں مختلف عمر و نیز قد اور وزن کی مقدار

مرد: اوسط وزن مرد کا جس کا قد حسب ذیل ہو	سٹون	پاؤنڈ
۵ فیٹ ۲ انچ	۹	۰
۵ ״ ۳ ״	۹	۷
۵ ״ ۴ ״	۹	۱۳
۵ ״ ۵ ״	۱۰	۲
۵ ״ ۶ ״	۱۰	۵
۵ ״ ۷ ״	۱۰	۸
۵ ״ ۸ ״	۱۱	۱
۵ ״ ۹ ״	۱۱	۸
۵ ״ ۱۰ ״	۱۲	۱
۵ ״ ۱۱ ״	۱۲	۶
۵ ״ ۰ ״	۱۲	۱۰

لڑکے: عمر	سٹون	پاؤنڈ
تولد	۰	۷
۶ ماہ	۰	۱۵ ۱/۴
ایک سال	۰	۲۱
دو سال	۰	۲۵
تین سال		۳۱ ۱/۲
پانچ سال	۳	۸
چھ سال	۳	۱۲
سات سال	۴	۱۰
آٹھ سال	۴	۴
نو سال	۴	۹
دس سال	۴	۱۳
گیارہ سال	۵	۳
بارہ سال	۵	۹
تیرہ سال	۶	۰
چودہ سال	۶	۸
پندرہ سال	۷	۵

ایک سٹون = ۱۴ پونڈ۔
ایک پونڈ قریب نصف پونڈ۔
ایک تندرست شیر خوار بچہ کا وزن ۵ ماہ میں دو چند اور بارہ ماہ میں سہ چند ہو جاتا ہے ٭

لڑکیاں			عورتیں		
عمر	سٹون	پونڈ	اوسط وزن عورت کا جس کا قد حسب ذیل ہو	سٹون	پونڈ
تولد	۰	۶½	۴ فٹ ۱۰- انچہ	۷	۰
۶ ماہ	۰	۱۴	۴ " ۱۱ "	۷	۴
ایک سال	۰	۱۸½	۵ " ۰ "	۷	۷
دو سال	۰	۲۳½	۵ " ۱ "	۷	۱۲
تین سال	۰	۲۸½	۵ " ۲ "	۸	۲
پانچ سال	۲	۱۲	۵ " ۳ "	۸	۹
چھ سال	۳	۱	۵ " ۴ "	۹	۲
سات سال	۳	۶	۵ " ۵ "	۹	۹
آٹھ سال	۳	۱۰	۵ " ۶ "	۹	۱۳
نو سال	۴	۱	۵ " ۷ "	۱۰	۸
دس سال	۴	۶	۵ " ۸ "	۱۱	۴
گیارہ سال	۴	۱۳			
بارہ سال	۵	۸			
تیرہ سال	۶	۵			
چودہ سال	۷	۰			
پندرہ سال	۷	۸			

اوسط پیمایش سینہ ساڑھے سات لاکھ آدمیوں کی ۳۴½- انچہ نکلی +

اوسط بلندی ۱۵ لاکھ کی ۵½ فیٹ

اوسط وزن ۱۰ لاکھ کا ۱۰ اسٹون -

مختلف ورزشوں اور کاموں میں کسقدر طاقت خرچ ہوتی ہے

اس حساب میں "فٹ ٹن" کے حساب سے طاقت کا خرچ بتلایا جاتا ہے فٹ ٹن کا مطلب یہ ہے کہ ایک ٹن یعنی ۲۷ من ۲ من وزن کو ایک فٹ کے برابر بلند اٹھانے پر جتنی طاقت خرچ ہوتی ہے۔

ایک میل تک چلنا ... ۱۷½ فٹ ٹن	قیدی کا دن بھر کا کام ... ۱۳۰ فٹ ٹن
میل تک چلنا ... ۷۰ فٹ ٹن	عام مزدوروں کا دن بھر کا کام ... ۳۱۵ فٹ ٹن
سیر کا بوجھ اٹھاکر ایک میل چلنا ... ۲۷ فٹ ٹن	ٹوکری ڈھونے والے کا کام ... ۳۳۲ فٹ ٹن
بوجھ اٹھاکر چار میل چلنا ... ۱ فٹ ٹن	معمولی دن کا کام ... ۳۰۰ فٹ ٹن
کا دن بھر کا کام ... ۳۰۳ فٹ ٹن	سخت محنت ... ۴۰۳ فٹ ٹن

معدنیات کے پگھلانے کا درجہ

درجہ فارن ہیٹ

بسمتھ	۴۷۰	پوٹاسیئم	۱۳۶
کیڈمیئم	۵۹۲	فاسفورس	۱۱۱
تانبا	۲۰۰۰	چاندی	۱۸۷۰
سونا	۲۴۰۰	چاندی کا محلول	۳۸۹
آئوڈین	۲۳۹	سوڈیئم	۱۹۴
لوہا	۲۸۰۰	فولاد	۳۳۰۰
سیسہ	۶۱۷۰	گندھک	۱۹۴
		ٹین	۴۴۲
		جست	۷۰۰

ماہتاب جب بارہ برجوں میں سے گزرتا ہے تو جسم انسان کے کس کس حصے میں اسکا مقام ہوتا ہے

(انگلستان کے مشہور منجم زڈکیل کی جنتری سے جو دیڑھ لاکھ چھپتی ہے)

نام برج	علامت برج	جسم کے حصوں کے نام	چاند کے مقام کے درجے		
حمل	♈	سر اور چہرہ	۰ درجہ	تا	۳۰ درجے
ثور	♉	گردن اور حلق	۳۰ ”	تا	۶۰ درجے
جوزا	♊	بازو اور کندھے	۶۰ درجے	تا	۹۰ درجے
سرطان	♋	سینہ اور معدہ	۹۰ درجے	تا	۱۲۰ درجے
اسد	♌	دل اور پیٹھ	۱۲۰ درجے	تا	۱۵۰ درجے
سنبلہ	♍	دھڑ کے جوارح	۱۵۰ درجے	تا	۱۸۰ درجے
میزان	♎	کمر اور گردے	۱۸۰ درجے	تا	۲۱۰ درجے
عقرب	♏	مثانہ وغیرہ	۲۱۰ درجے	تا	۲۴۰ درجے
قوس	♐	کولہے اور رانیں	۲۴۰ درجے	تا	۲۷۰ درجے
جدی	♑	گھٹنے اور پنڈلیاں	۲۷۰ درجے	تا	۳۰۰ درجے
دلو	♒	ٹانگیں اور ٹخنے	۳۰۰ درجے	تا	۳۳۰ درجے
حوت	♓	پانوں	۳۳۰ درجے	تا	۳۶۰ درجے

ہر ایک جنس کے بیج کا وزن موسم بونے اور کاٹنے کا بیان

عموماً اجناس کی کاشت کیواسطے اساڑہ میں زمین کو ہلیاتے ہیں نیل کیلیئے چیت میں اور تمباکو کیواسطے پھاگن میں تردد کیا جاتا ہے ہر ایک جنس کی زمین میں باہ یا پانی دیئے جاتے ہیں نیز جس ماہ میں زراعت کی کاشت ہوتی یا وہ پکتی اور کٹتی ہے معہ تعداد تخم ریزی کے ہم ذیل میں لکھتے ہیں تاکہ زمیندار ایسی پابندی سے فائدہ اُٹھاویں ان سب امور کا موقع مناسبہ پر ہونا ترقی پیداوار کیلیئے نہایت عمدہ نتیجہ دیتا ہے یہ ضروری ہے کہ سرد ملک میں زراعت دیر سے پختہ ہوتی ہے اور گرم ملک میں جلد تیار ہوتی ہے

نمبر	نام جنس	تعداد باہنے زمین کی	ایام تخم ریزی	تعداد بیج فی بیگہ خام وزن پختہ	تعداد سنچائی کی کہ کے دفعہ ہوتی ہے	ایام پختگی کھیتی کے
۱	کپاس	پانچ چھ	اساڑہ ساون	ــ ثار	+	آدھا کاتک
۲	جوار	ایضاً ۴	ایضاً	ــ ثار	+	کاتک
۳	باجرہ	″	″	ــ ؍	+	″
۴	چری	″	″	۱ ثار	+	″
۵	آرٹو	″	″	؍ ثار	+	کاتک واگھن
۶	موٹھ	″	″	۱ ثار	+	″
۷	مونگ	پانچ چھ ۴	اساڑہ ساون	ــ ؍	+	″
۸	ارہر	″	″	ــ	+	بیساکھ جیٹھ
۹	دھان	دو تین	″	۵	″	کوار کاتک
۱۰	آلو	دس بارہ	کوار	۲۱ سیر	پندرہ سولہ	پوس ماگھ
۱۱	پوست افیون	″	″	۱ ثار	دس گیارہ	پھاگن
۱۲	مکی	۵ - ۶	اساڑہ	۱ ثار	+	بھادوں
۱۳	شالح	″	″	ــ ؍	+	″
۱۴	منڈوہ	″	″	ــ ؍	+	″
۱۵	نیل پیٹوا	۵	چیت	۱ ثار	برابر پانی دیتے ہیں	ساون
۱۶	نیل جموا	″	اساڑہ	۱ ثار	+	کنوار
۱۷	گیہوں	۱۶ - ۱۷	کاتک	۱۰ ثار	تین	چیت بیساکھ
۱۸	جو	″	″	″	دو	پھاگن چیت
۱۹	چنا	۸ - ۹	کنوار	۵	+	″
۲۰	تمباکو کاتکی	۱۰ - ۱۲	اساڑہ	″	پندرہ بیس	کاتک
۲۱	تمباکو گکڑا	۴ - ۵	پھاگن	″	″	بیساکھ
۲۲	تمباکو ماہو	″	کاتک	″	″	ماگھ

ترکاریوں کے خواص

(۱) مولی - مقوی باہ - بادانگیز مضر معدہ ہے

(۲) شلغم - مقوی باہ و بصر و صدر ہے -

(۳) ساگ سویا - مدر بول و حیض ہے -

(۴) ساگ چولائی - ملین دافعہ نفخ اور بواسیر ہے -

(۵) ساگ پالک دافع تشنگی ہے اور تپ میں مفید ہے

(۶) کدو - مضر معدہ ہے -

(۷) گوبھی - ثقیل اور قابض ہے -

(۸) کریلہ - دافع بلغم اور ملین -

(۹) چقندر - مصفی خون ہے -

(۱۰) ٹینڈے - قاطع صفرا مگر دیر ہضم ہیں -

(۱۱) توری - سرد تر - دافع صفرا ہے -

(۱۲) بینگن - ریح پیدا کرتے ہیں اور دیر ہضم ہوتے ہیں

(۱۳) آلو - سرد خشک ہیں -

حیوانات کی عمریں

گدھے کی عمر ۲۵ سے ۵۰ سال تک ہوتی ہے - ہرن کی عمر ۱۶ سال سے ۱۸ سال - مکھی (مادہ) ۴ سال - ریچھ ۲۰ سال - سگ آبی ۵۰ سال - گوبریلا ایک سے ۲۰ سال - سانڈ (بیل) ۲۰ سال - اونٹ ۵۰ سے ۶۰ سال تک - کنیری (ایک پرند) اگر جوڑہ نہ لگائے تو ۲۴ سال تک کارپ (ایک مچھلی) ۱۰۰ سال سے ۱۵۰ سال - بلی ۱۸ سال - شموآئے (ایک قسم کی پہاڑی بکری) ۲۵ سال - جنگلی بلی ۱۲ سے ۲۴ سال - کاڈ (مچھلی) ۱۴ سے ۱۷ سال - گائے (کبھی کبھی اس سے زیادہ بھی) ۲۰ سال - لقلق ۲۴ سال - نہنگ ۱۶ سال - کوا (زاغ) ۱۰۰ سال - عام ہرن ۲۰ سال ڈالفن مچھلی ۳۰ سال - کتا ۲۳ سے ۲۸ سال - ایل (مچھلی) ۱۰ سال - عقاب ۱۰۰ سال - عام گھر کی مکھی (انڈے اور اس سے نکلنے کی حالت) ۲ روز اور اسکے بعد کی عمر ۳ روز - کئی قسم کے پروانے ۲ گھنٹے سے ۳ گھنٹے تک - ہاتھی کی عمر ۱۵۰ سے ۲۰۰ سال - لومڑی ۱۵ سال - مرغا ۱۰ سال - بکری ۱۰ سال - بطخ ۵۰ سال - خرگوش ۷ سے ۸ سال - بگلا ۶۰ سال - سور ۲۰ سال گھوڑا ۲۵ سے ۳۰ سال - لگڑ بگڑ (ترخ) ۲۵ سے ۳۰ سال - سلار (ابابیل) ۱۶ سے ۱۸ سال شیر ۶۰ سال - لاما (بکری) ۱۵ سال - بندر ۱۶ سے ۱۸ سال - بلبل ۱۶ سے ۱۸ سال - بیل (جو عموماً زراعت میں مصروف رہے) حد درجہ ۱۹ سال - طوطی ۱۰۰ سال - مور ۲۴ سال کبوتر ۲۰ سال - تیتر ۱۵ سال - پائک مچھلی (کبھی کبھی زائد از) ۱۰۰ سال - خرگوش ایک قسم ۸ سے ۹

زغن ۱۰۰ سال ۔ رینڈیر (ممالک برفانی کا بارہ سینگا ہرن) ۱۶ سال ۔ گینڈا ۲۰ سال ۔ سالمن مچھلی ۱۰۰ سال ۔ بچھو ایک سال ۔ بھیڑی (گوسپند) ۱۰ سال ۔ نوعی ابابیل اسی ۸۰ سال ۔ باز ۴۰ سال ۔ عنکبوت ۱ سال ۔ گلہری ۷ سال ۔ بارہ سینگا ۵ سال سے کم ۔ راج ہنس ۱۰۰ سال ۔ ممولا ۸ سے ۱۰ سال ۔ چیتا ۲۵ سال ۔ جنگلی بلی (نہایت وحشی) ۱۶ سے ۱۸ سال ۔ غوک (مینڈک) ۴۰ سے ۸۰ سال ۔ کچھوا ۱۰۰ سال ۔ ایک قسم کا سانپ ایک سے ۷ سال بھیڑیا ۲۰ سال تک +

حیوانات ۔ چرند و پرند ایک مرتبہ کس قدر انڈے بچے دیتے ہیں

ریچھ ایک جھول میں ۲ بچے ۔ ہاتھی ایک مرتبہ ایک بچہ ۔ دریائی گھوڑا ایک ۔ چیتا ۲ سے ۴ تک شیر ۲ سے ۴ تک ۔ گینڈا ایک ۔ عقاب ایک مرتبہ ۲ سے ۳ انڈے ۔ خانگی مرغیاں ۶ سے ۱۳ باز ۳ سے ۴ ۔ اُلو ۲ سے ۶ ۔ تیتر ۱۴ سے ۲۰ ۔ چڑیا ۴ سے ۶ ۔ کبوتری ۲ ۔ بحری ۲ سے ۵ ۔ لقلق ۲ سے ۳ ۔ ابابیل ۵ سے ۶ ۔ بگلا ۱۰ سے ۱۶ +

شاخدار حیوانات کی صحت کا موازنہ عموماً اُنکے سینگ کو چھونے سے ہو سکتا ہے

ممالک یوروپ میں ماہران فن بیطاری کی تحقیقات سے ثابت ہوا ہے کہ جس طرح سینگ والے حیوانات کی نبض سے اُنکی صحت اور علت کا حال معلوم ہو سکتا ہے اسی طرح اُنکے سینگ کو چھونے سے بھی بڑی آسانی سے تجربہ کار معالج پر واضح ہو جاتا ہے کہ حیوان کی صحت کا کیا حال ہے یا بیماری کس قدر ہے اور اس کا باعث یہ ہے کہ سینگ کا قاعدہ جس ہڈی کی سطح پر قایم ہوتا ہے اور جس ہڈی سے کہ سینگ نکلتا ہے اُسمیں خون سے بھری ہوئی بہت سی چھوٹی چھوٹی رگیں (وریدیں) موجود ہوتی ہیں اور جس جگہ پر سینگ سر پر قائم ہوتا ہے وہ جگہ نہایت مسامدار اور سینگ بھی اس مقام پر بڑا باریک ہوتا ہے چنانچہ سینگ کو چھونے سے دوران خون کی حالت (جسپر صحت کا تمامہ مدار ہے) معلوم ہو جاتی ہے اسلئے اگر سینگ سرد معلوم ہو تو ثابت ہوتا ہے کہ حیوان کے کسی نہ کسی عضو میں خون منجمد ہو گیا ہے اور اُس عضو میں سوزش واقع ہو جانے سے حیوان کی صحت میں فرق آگیا ہے لیکن اگر سینگ میں اپنی معمولی

حیوانی حرارت موجود ہو تو وہ اُسکی صحت پر دال ہے÷

وحوش وطیور کے حرکات سے موسم کا اظہار

ہوا کی تبدیلیاں جو آنے والے موسم کا اظہار کرتی ہیں ہم لوگوں کو بہت کم معلوم ہوتی ہیں۔ مگر جانور ان کو بہت جلد جان جاتے ہیں۔ اسکے دو سبب ہیں اول تو ہم لوگ زیادہ تر گھروں کے اندر اس قدر رہتے ہیں کہ ان علامات کو بہت کم دیکھتے ہیں۔ یہی سبب ہے کہ کسان۔ ملاح۔ ماہی گیر اور سب سے بڑھ کر گڈریے اور چرواہے جو بہ نسبت اور لوگوں کے بہت زیادہ میدانوں اور کشادہ مقامات میں رہتے ہیں ان اسباب سے اچھی طرح واقف ہوتے ہیں اور بہت جلد اُن علامات کو جو موسم میں تبدیلی کرنیوالے ہیں سمجھ لیتے اور جان جاتے ہیں یہ لوگ اُن لوگوں سے جو مکانوں میں رہتے ہیں یا کبھی کبھی میدانوں میں جلتے ہیں اس لحاظ سے لاکھ درجہ اچھے ہیں علاوہ اسکے ہمیں اس قدر باتوں کا خیال کرنا پڑتا ہے اور درمیان رکھنا ہوتا ہے ہمارے تمام دن گھنٹے۔ منٹ اور سکنڈ خالی نہیں ہوتے اس سبب سے ہم وہ نشانات یا یوں کہئے قدرتی تار جو موسم کی تبدیلی کی اطلاع دیتے ہیں نہیں دیکھ سکتے جب ہمارے کوئی پرانا زخم پھوڑا یا گھاؤ ہوتا ہے یا جب گٹھیا پکڑے ہوتا ہے تو ہم لوگ ہوا ناپنے کے آلہ کا کام دیتے ہیں ہم کو موسم کے آنے والی تبدیلی کی خبر بہت جلد ہو جاتی ہے کیونکہ ہمارے زخم وغیرہ میں اسقدر درد پیدا ہو جاتا ہے کہ ہم برداشت نہیں کر سکتے÷

ایک پرانے مصنف کا قول ہے کہ ہر شخص بخوبی واقف ہے کہ ہوا ناپنے کے آلہ کی پارہ بھری ہوئی نلی میں ذرا سا بھی موسم کا بدلنا کس قدر بڑی لیکن درست تبدیلی کر دیتا ہے یہ صرف ہماری لاپروائی اور غیر معتدل طریقہ ماند و بود کا اثر ہے کہ ہم کو اس قدر بڑی اور درست تبدیلی اپنے بدن کی رگوں۔ ریشوں اور پٹھوں کی نہیں معلوم ہوتی÷

بس ہم کو زیادہ تر اُس عقل حیوانی سے جو قادر مطلق نے دوسرے جانوروں کو موسم کی تبدیلی کا اظہار کرنے کے لئے دی ہے فائدہ اُٹھانا چاہیئے ؎

جب پانی برسنے کے قریب ہوتا ہے تو کوئیل کوکتی ہے۔ ابابیل شور و غل کرتی ہیں بلی اپنا مُنہ دھوتی ہے۔ چھوٹی چڑیاں جُھک جاتی ہیں اور خاک میں لوٹتی ہیں شام کے وقت کوّے بڑا شور مچاتے ہیں۔ بط معمول سے زیادہ آواز کرتی ہے اس کا سبب یہ ہے کہ یہ سب جانور سردی پسند کرتے ہیں اور اسی وجہ سے سردی کی آمد پر خوشی کرتے ہیں ؎

بھیڑیاں خراب موسم کے آنے سے پہلے خوب دبکر چلتی ہیں اور اپنی دُم اُسی طرف کر لیتی ہیں جدھر سے خراب موسم آنے والا ہے۔ سمندر کی سطح پر جہاز میں طوفان آنے سے پیشتر بلی جہاز کے تختہ پر مثل بڑے جری شیر کے اپنی دُم اُٹھائے ہوئے اِدھر اُدھر گھومتی ہے۔ گھر گھریا جسے روک کہتے ہیں طوفان سے پہلے لوٹ لوٹ چلتی ہے جب سُور اپنے باڑے کو تنکے اور پھونس لیجاوے تو خراب موسم کی توقع رکھنی چاہیئے ؎

اگر جونکیں ایک شیشہ میں پانی کے اندر رکھی جاویں اور وہ نیچے بیٹھی رہیں تو عمدہ موسم کی دلیل ہے اور اگر وہ اوپر سطح پر آجاویں تو آندھی یا مینہ کا پیغام دیتی ہے کتے اور بلیاں پانی برسنے کے قبل بہت سُست اور اونگھتے معلوم ہوتے ہیں اس کا سبب یہ ہے کہ ہوا میں اکسیجن کی کمی کے سبب سے تری آجاتی ہے اور تری ہمیشہ جوش دل کو کم کر دیتی ہے۔ گھوڑے بھی ہنہنانے لگتے ہیں گائے اور بیل ہموانے لگتے ہیں۔ بھیڑیاں بابا کرنے لگتی ہیں آدمی جمائی لینے لگتے ہیں۔ اور اونگھتے ہیں۔ اس کا سبب بھی وہی ہے یعنی سردی کی وجہ سے یہ لوگ کافی طور سے سانس نہیں لے سکتے ؎

پانی برسنے کے قبل بلی اپنی پیٹھ آگ کی طرف کر لیتی ہے اور اپنے کان ملنے لگتی ہے۔ اس کا سبب اول تو بہت زیادہ سردی ہے جو بالوں میں بوجہ موسم کے پیدا ہو جاتی ہے دوسرا یہ سبب ہے کہ ہوا میں برقی طاقت بہت زیادہ ہوتی ہے یہ دونوں ملکر

خارش پیدا کردیتی ہیں۔ ہم لوگوں کو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گویا جال گھری ہوئی ہیں۔ خارش کی حالت سے قریب قریب ہر شخص واقف ہے بلی کو بجلی بہت زیادہ معلوم ہوتی ہے۔ کیونکہ اُسکے بال میں خود بجلی بہت کثرت سے موجود ہے یہ ثابت ہوسکتا ہے کہ اگر ہم بلی کے بالوں کو زیادہ دیر تک ہاتھ سے ملیں تو ہمارے ہاتھ میں بڑی گرمی معلوم ہوکر کھجلی معلوم ہونے لگتی ہے۔ بلی چونکہ ایک ہوشیار جانور ہے صرف اپنے بال رگڑ لیتی ہے تاکہ بال ملائم رہیں اور کھڑے نہوں۔ ایسی حالت میں اکثر بال کھڑے ہوجاتے ہیں اور تب اولجھ جاتے ہیں +

جب بلندی پر اوڑنے والے پرند جیسے چیل ابابیل وغیرہ مکانوں کے قریب گھرے رہیں اور بالکل قریب اوڑیں تو ضرور آندھی اور پانی کی امید رکھنا چاہئے اس کا سبب یہ ہے کہ چھوٹے چھوٹے کیڑے جو ان جانوروں کی خوراک ہیں اوپر کے طبقہ کی سرد ہوا سے نیچے کی طبقہ کی گرم ہوا میں آکر پناہ لیتے ہیں اور جب اُن پرندوں کی خوراک نیچے آجاتی ہے تو وہ خود بھی نیچے اوڑنے لگتے ہیں موسم بہار میں اگر میگ پائی اکیلی اوڑے تو یا تو موسم طوفانی ہوگا یا آنیوالا ہے۔ لیکن اگر جوڑا ساتھ نظر آئے تو یا تو عمدہ موسم موجود ہے یا بہت جلد آئیگا۔ یہی سبب ہے کہ جب ماہی گیر ایک میگ پائی دیکھتا ہے تو اپنی بدقسمتی سمجھتا ہے کیونکہ یہ مچھلی مارنے کے لئے خراب موسم کا پیغام دیتا ہے اسباب یہ کہ اکیلا پرند کیوں اوڑتا ہے زیادہ بحث کرنے کی کوئی ضرورت نہیں کیونکہ جب ایک باہر جاتا ہے تو دوسرا اس غرض سے گھونسلہ میں رہتا ہے کہ اُسے اپنے بچوں کے لئے گرم رکھے +

جب بہت تیز ہوا چلتی ہے اور موسم طوفانی ہوتا ہے تو بحری پرند بگلا وغیرہ زمین کے قریب یا بعض اوقات زمین پر آجاتے ہیں اس کا سبب یہ ہے کہ وہ مچھلیاں جو اُنکی خوراک ہیں گہرے پانی میں بوجہ موسم کی خرابی اور طوفانی کے بیٹھی رہتی ہیں اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ بگلا کہیں نہ کہیں اپنی خوراک تلاش کرتا ہے بس وہ زمین کے کیڑوں پر اپنا دانت رکھتا ہے۔ یہ عجیب بات ہے کہ اس قسم کے

موسم سے زمین کے اندر کے کیڑے گھبرا جاتے ہیں اور پریشان ہوجاتے ہیں۔ پس باہر نکل آتے ہیں تاکہ بگلا اُنہیں کھاجائے اس طرح پر قدرت اپنی گونگی خلقت کو کھانا پہنچاتی ہے خداوند کریم نے اپنے جانور لیپ ونگ کو یہ سکھلادیا ہے کہ وہ زمین کو کھودے جب اُسے بھوک لگے اور ضرور کیڑے نکل آویں گے +

جب بگلا ذرا پہلے اوڑنے لگے اور سمندر پر دور تک جائے تو معتدل ہوا چلے گی اور موسم عمدہ ہوگا کیونکہ اگر موسم عمدہ ہونے کو نہ ہوتا تو وہ مچھلیوں کو سطح سمندر پر پانی کی امید نہ رکھتا +

طوفانی پٹیرل۔ یا مدر کیریس چکن جو ملاح کے لئے اس قدر بُرا ہوتا ہے یا طوفان کا پیغام دیتا ہے یا یہ ظاہر کرتا ہے کہ جس عرض البلد میں وہ سمندر کی سطح پر ٹہلتا ہوا نظر آتا ہے۔ طوفان ہے یہ پٹرریل اس وجہ سے کہلاتا ہے کہ اسکی چال اس طرح کی ہے جیسی سینٹ پٹیر کے بائبل میں سمندر پر بیان کیگئی ہے انکے نظر آنیکا سبب اول سمندری جانوروں کی موجودگی ہے جنہیں یہ کھاتے ہیں یہ جانور بوجہ طوفان کے پریشان لہروں سے سمندر کی سطح پر ٹھہرے رہتے ہیں +

جب جانور گھونسلے کے عوض سایہ دار محفوظ جگہ تلاش کریں اور اُسی میں رہیں تو سمجھ لو کہ خراب موسم آنے والا ہے خواہ پانی برسے یا نہ برسے اور طوفان آئے یا نہ آئے +

اگر بیل دہنے پہلو بیٹھے دکن کی طرف دیکھے اور اپنے کھر چاٹے اگر گائے ہوا کی طرف دیکھے اور اُسے سونگھے۔ اگر گدھا زور سے رینگے۔ اگر مُرغا غیر معمولی وقت پر آواز کرے اگر مُرغی معہ اپنے بچوں کے مکان میں سکڑ کر بیٹھے تو سمجھ لو کہ پانی ضرور برسے گا یہی سبب ہے کہ مُرغ کی جاپان میں زیادہ قدر کیجاتی ہے +

کیڑے بھی موسم کی ایسی تبدیلی کو جلد جان لیتے ہیں۔ مکھیاں یا تو چھت میں چپٹ جاتی ہیں یا غائب ہوجاتی ہیں۔ بھڑیں اور ماکھی سرد موسم میں بہ نسبت عمدہ موسم کے زیادہ ڈنک مارتی ہیں۔ مکڑیاں بھی پریشان اور بے چین ہوجاتی ہیں اکثر دیوار سے گر پڑتی ہیں کیونکہ سرد ہوا اُنکے جالے میں بھر جاتی ہے اور

اُسے بھاری کر دیتی ہے مینڈک نہایت کریہ آواز سے بولتا ہے کیڑے زمین کے اندر سے باہر رینگ آتے ہیں چھچھوندر معمول سے زیادہ مٹی کھودتی ہے۔ گبریلا اور جھینگر بڑا شور کرتے ہیں سب سے عمدہ اور معتبر علامت پانی برسنے کی شہد کی مکھی ظاہر کرتی ہے جو نہی مینہ آنے والا ہوتا ہے وہ اپنے چھتے سے باہر نہیں نکلتیں یا تو دن بھر اُسے میں رہتی ہیں یا تھوڑی دور تک اُسی کے ارد گرد اڑتی ہیں پانی برسنے سے تھوڑی دیر پیشتر گھوڑے اپنی گردن پھیلاتے ہیں اور ہوا کو سونگھتے ہیں درحقیقت وہ پودہوں اور گھاس کی خوشبو سونگھا کرتے ہیں۔ تری کے سبب سے ان میں زیادہ خوشبو ہو جاتی ہے کیونکہ انکی خوشبو اوپر اُٹھکر اُڑنے نہیں پاتی۔

چند قانونی اور تجاتی ہدایات

قانون کی ناواقفی کا عذر کبھی نہیں مانا جاتا۔

جو چیز دراصل صحیح نہیں قانوناً انقضائے میعاد کے بعد جائز نہیں ہو سکتی۔

نابالغ کی وصیت جائز نہیں۔ اگر وصیت نابالغی میں کیگئی ہے وہ کبھی جائز نہیں ہو سکتی۔

کسی کام کا حق اُسی شخص کے ساتھ مر جاتا ہے۔

کوئی شخص ایک عذر یا جرم کے لئے دوبارہ نہیں پوچھا جا سکتا۔

معاہدے قانون پر غالب آجاتے ہیں۔

جو فائدہ اُٹھاتا ہے نقصان کا ذمہ وار بھی ہوتا ہے۔

کوئی شخص اپنی غلطی سے فائدہ نہیں اُٹھا سکتا۔

قانون کسی شخص کو ناممکن باتیں کرنے پر مجبور نہیں کر سکتا۔

فریب کا چھپانا بھی فریب ہے۔

امور خلاف قانون کے ارتکاب میں نیت کا بہت حصہ ہے مثلاً اگر کوئی شخص اپنے بیٹے کو تنبیہہ کے خیال سے مُکا مارے کہ جس سے لڑکا مر جاوے تو باپ جسکی نیت

صرف بیٹے کو سزا دینے کی بھی بیٹے کے قتل کا مجرم نہیں سمجھا جاویگا +

کوئی آقا مجبور نہیں ہے کہ اپنے ملازم کو چالچلن کا سرٹیفکیٹ دے لیکن جب دیا جاوے تو نہایت صحیح ہونا چاہئے +

قانون اُنکی مدد کرتا ہے جو ہوشیار رہتے ہیں اور جو اپنے حقوق حاصل کرنیکے لئے سو رہتے ہیں قانون اُنکی مدد سے قاصر ہے +

ملازم کے صندوق وغیرہ میں تلاشی لینے کے لئے پہلے تلاشی کا وارنٹ حاصل کرنا چاہئے +

جب کوئی ملازم بلا اطلاع مناسب نوکری چھوڑ کر خود بخود چلا جائے کہ جس سے مالک کو نقصان یا تکلیف ہو تو اُسپر ہرجانہ کی نالش ہو سکتی ہے البتہ اگر نوکر کی جان یا جسم اُسوقت معرض خطر میں تھے کہ جس وقت وہ بھاگ گیا تھا تو وہ معذور ٹھہر سکتا ہے +

مالک کو اختیار ہے کہ ہر وقت نوکر کو موقوفی کی اطلاع یا ایک مہینے کی تنخواہ دیکر موقوف کر دے۔ پہلے تنخواہ خواہ سہ ماہی وار یا ہفتہ وار دیا کرتا ہو اِس کا مضائقہ نہیں +

اگر کوئی ملازم جان بوجھ کر آقا کی حکم عدولی کرتا ہے یا کسی نوع کی بدچلنی کا مرتکب ثابت ہوا ہے تو وہ فوراً موقوف کیا جا سکتا ہے +

بیماری کی وجہ سے نوکر کی تنخواہ رُک نہیں سکتی +

نوکر کا اختیار ہے کہ جس کام کے لئے اُسکو نوکر نہیں رکھا گیا تھا اُس کے کرنے سے انکار کر دے +

نوکر جو نقصان اپنے آقا کی جائداد کو پہنچائے اُس کا عوض دینے پر مجبور ہے لیکن آقا کا اختیار نہیں کہ بلا منشاء اُسکے اُسکی تنخواہ سے نقصان کی رقم وضع کرے +

مالکان مکان اگر کرایہ داروں سے ایسے مکان چھوڑوانا چاہیں کہ جنکے لئے کرایہ میں کسی میعاد کی شرط نہیں تو وہ دو ہفتہ کا تحریری نوٹس دے سکتے ہیں

لیکن کرایہ دار اگر ثابت کر سکے کہ اتنی جلدی مکان کے چھوڑ دینے سے اُس کا نقصان ہوتا ہے تو وہ اتنی جلدی مکان خالی کرنے پر مجبور نہیں کیا جا سکتا تنازعہ مدت میں بدستور مقررہ کرایہ ادا کرنا پڑیگا۔

اگر کوئی چیز پڑی پائی جاوے تو مالک کے تلاش کرنیکی کوشش کرنی چاہئے۔

زمین پر جانوروں کے پھانسنے کے لئے تیز بودار طعمے لگانا یا جانوروں اور مویشی کو مسموع کرنا قانوناً منع ہے۔

کھیتوں میں خوشہ چینوں کو کوئی قانونی حق سِلا چننے کا نہیں۔

اگر شارع عام ناصفا یا مرمت طلب یا قابل گذر ہے تو راہرو کو حق حاصل ہے کہ پاس کی اُفتادہ زمین پر سے گذر جاوے۔

شارع عام میں خلاف تہذیب حرکات کرنا داخل جرم ہے۔

کوڑھی یا دوسرے گداگر مثل گرزماروں کے جو امن عامہ کے مخل ہوں یا دہمکا خیرات لینا چاہیں وہ سزا کے سزاوار ہیں۔

کرایہ دار کے کرایہ کے عوض مالک مکان اُس کا اسباب نہیں چھین سکتا۔

لاٹری ڈالنا قانوناً ممنوع ہے۔

تعطیل کے دن قرضہ کا ادا کرنا لازمی نہیں ٹھہر سکتا ہے۔

عمر کے بیسویں سال کے آخری روز ہر شخص قانوناً بالغ ہوجاتا ہے اگر کوئی شخص ایک گز کے فاصلہ کے اندر کسی کو دہمکاوے تو وہ حملہ کرنیکا قصوروار ہے۔

ہر قسم کی شرط ناجائز ہے۔ شرط میں ہارا یا جیتا ہوا روپیہ نہیں دلایا جاتا البتہ دھوکہ دینے والے کو سزا مل سکتی ہے۔

قانوناً رات غروب آفتاب سے دو سہ گھنٹے شروع ہو کر طلوع آفتاب سے دو گھنٹے پہلے ختم ہوتی ہے۔

قانوناً مہینے کی مدت سے مراد تیس دن کی میعاد ہوتی ہے۔

ہر شخص اپنا نام بدل سکتا ہے لیکن اسکے لئے ایک اطلاع عام مشتہر کرنا ضروری ہے۔

لائبل کی نالش دو سال تک دائر ہو سکتی ہے +
اگر کسی عورت کا شوہر گم ہو جاوے تو جبتک اُس کا مرنا یا تباہ ہونا ثابت نہو جاوے عورت دوسری شادی نہیں کر سکتی +
انگریزوں میں سات سال تک اگر میاں بیوی کی خبر نملے تو نکاح کر لینا جائز ہے +
جو شخص کسی کام کو نہیں روکتا کہ جو اُسے روکنا چاہیئے سمجھا جائیگا کہ وہ اُس کے کرانے پر رضامند ہے +
جو متقاطع قوانین پیش ہو جائیں تو ادنے قانون اعلے کی تابع ہونا چاہیئے۔ عام قانون خاص کی اور پورانا قانون نیئے کے اور انسانی قانون قانون الٰہی کے +
جہاں تک ممکن ہو کوئی چٹھی یا اقرار نامہ لکھتے وقت اپنے آپ کو عدالت کے سامنے بیٹھا ہوا سمجھو اور سب کچھ بچا بچا کر لکھو کہ کبھی پچھتانا نہ پڑے +
اگر ممکن ہو تو کسی کو کوئی تحریر نہ دو +
اگر روپیہ بذریعہ ڈاک کسی کے طلب کرنے پر بھیجا جاوے جو ڈاک میں گم ہو جاوے تو وہ فرستندہ بری الذمہ ہے +
کسی شریک کی موت پر فوراً شراکت فسخ ہو جاتی ہے +
جس چیز کے بیچتے وقت بائع اُس چیز کے ایسے نقص سے واقف ہو کہ جس سے مشتری نہیں تو بعد میں ایسی بیع فسخ ہو جاتی ہے +
کوئی ماں اپنے حرامی بیٹے سے مدد کی مستحق نہیں ٹھہر سکتی +
دوکاندار مجبور نہیں کہ ہر چیز جو اُسکی دوکان میں موجود ہے بیچڈالے +
جو جانور تمہارے کھیت یا باغ میں گھُسکر نقصان کرے اُسے مار ڈالنا اور نقصان پہنچانا نہیں چاہیئے صرف مالک پر نقصان کا دعوے دائر کرنا چاہیئے +
خیات ممات کا رجسٹر نہ کرانا جرم ہے +
وصیت تحریری ہو اور وصی کے دستخطی، اور دو شخصوں کی گواہی ہو ورنہ غیر معتبر وصیت پر اسٹامپ کی حاجت نہیں +

جان کی حفاظت کے لئے رات کو اپنے مکان پر چور کا مقابلہ کرتے ہیں اگر چور کو ضرب شدید لگ جاوے یا مر جاوے تو مالک مکان بری الذمہ ہے +

لبسندار مکانات کے اندر پولیس ہر وقت داخل ہو سکتی ہے +

بارہ سال سے کم عمر کی اپنی بیوی سے ہم بستری کرنا بھی قانوناً داخل جرم ہے +

اگر کسی فریق کا نامرد (ناکارہ) دیوانہ یا جذامی وغیرہ ہونا ثابت ہو تو شادی ناجائز ہے

خواہ کوئی شخص بیگناہ بھی ہو گرفتاری کے وقت حکم عدولی نہیں کرنا چاہیئے +

بلا اسٹامپ کے کاغذ کی رسید کے لئے صرف قانونی تاوان دینا پڑتا ہے ورنہ رسید مجرا ہو جاتی ہے +

کسی کتاب کا حق تصنیف بیالیس سال تک قائم رہتا ہے +

خواہ کتنا روپیہ ادا کرنا ہو روپیہ کی صورت میں ادا کر سکتے ہیں۔ ہم نوٹ یا سونا دینے پر مجبور نہیں البتہ آنہ سے زیادہ پیسے نہیں دے سکتے اور کوڑی کوئی قانونی سکہ نہیں یہانتک کہ کوڑیوں سے جوا کھیلنا ناجائز نہیں سمجھا گیا +

آلات پیشہ اور سامان پوشش قرقی سے بری ہیں +

سرکاری ملازموں کا خرچہ عدالت وغیرہ سرکار میں جمع ہوتا ہے +

ہر چوتھے سال ماہ فروری ۲۹ روز کا کیوں ہوتا ہے

(سنہ ۹۶ میں فروری ۲۹ دن کا آیا ہے)

عام مشہور ہے کہ سال شمسی کے ۳۶۵ دن ہوتے ہیں اور چوتھے سال یعنی اس سال کو جو چار پر پورا بلا باقی تقسیم ہو سکے بجائے ۳۶۵ دنوں کے ۳۶۶ دن ہو جاتے ہیں کیونکہ اس سال ماہ فروری ۲۸ دن کی بجائے ۲۹ دن کا ہو جاتا ہے بہت کم لوگ اس امر سے واقف ہونگے کہ سال لیپ کو یعنی اس سال کو جو پورا بلا باقی چار پر تقسیم ہو سکتا ہے ماہ فروری میں کیوں ایک روز ایزاد کر کے سال ۳۶۶ روز کا بنا دیتے ہیں اسکی وجہ یہ ہے کہ شمسی سال ۲۴۲۲۱۸ء۳۶۵ شمسی دنوں یا ۳۶۵ دن

۵ گھنٹے ۴۸ منٹ اور قریب ۴۷ ۱/۲ سیکنڈ کا ہوتا ہے لیکن یہ بڑی مشکل بات ہے کہ روزمرہ کے کاروبار اور استعمال کے لئے دنوں یا گھنٹوں کی ایسی کسر لگائی جاوے اس غیر موزونیت کو رفع کرنیکے لئے جولیس قیصر نے مسیح سے ۴۴ سال پیشتر سال کو ۳۶۵ دن کا قرار دیدیا اور اُس قریباً ۶ گھنٹے ہر سال کی کمی کو پورا کرنے کے لئے چوتھے سال ایک دن ماہ فروری پر بڑھا دینے کا قاعدہ مقرر کردیا ۳۶۶ روز کا سال لیپ پونڈ کا سال کہلاتا ہے اور یہ لیپ کا سال وہ سال ہوتا ہے جو چار پر بلا باقی تقسیم ہوسکے تو اس طرح گویا سال بلاوسط ۳۶۵٫۲۵ دن کا ہوا لیکن اصل میں ٹھیک سال ۳۶۵٫۲۴۲۲۱۷ روز کا ہے تو گویا قیصر جولیس کا قرار ملوہ سال ۳۶۵٫۲۰ - ۳۶۵٫۲۴۲۲۱۸ یا ۳۶۵٫۰۰۷۷۸۲ دن کے برابر اصل سال سے بڑھا ہے اس طرح چار سو سال میں یہ تھوڑی کسر کی غلطی ۴۰۰ × ۰٫۰۰۷۷۸۲ یا ۳٫۱۱۲۸ دن تک پہنچ جاتی ہے اور اسواسطے اعتدال ربیعی تین روز پیشتر واقع ہوتا ہے +

پوپ گریگری سیزدہم نے دیکھا کہ کونسل آف نیس سے ۳۲۵ء سے لیکر اس کے عہد یعنی ۱۵۸۲ء تک قریب دس روز کے غلطی ہوگئی ہے اسلئے اُس نے ۲۱ مارچ کو ۱۱ مارچ کہدینے کا حکم دیا چنانچہ تمام حساب کتاب میں ۲۱ مارچ ۱۱ مارچ ہوگیا مگر اس غلطی کو آیندہ کے واسطے بھی اُٹھا دینے کے لیے اُس نے ہر سال چار سو سال کے انقضاء کے بعد تین دن کم کروا دینے کا حکم دیا اسلئے اس قاعدہ کی تعمیل کے لحاظ سے واجب ہوا کہ ہر ایسے سال لیپ کو جو صدی کے آخر پر واقع ہو اور ۴۰۰ پر پورا تقسیم نہو سکے مثلاً ۱۷۰۰ و ۱۸۰۰ و ۱۹۰۰ وغیرہ وہ سال لیپ نہیں ہونگے اور نہ اُنمیں فروری ۲۹ روز کا ہوگا بلکہ ۱۶۰۰ و ۲۰۰۰ و ۲۴۰۰ لیپ کے سال حسب معمول ہونگے اس تصحیح کو بنام تصحیح گریگری یا طرز نو کے شہرت ہوگئی اور یورپ کے رومن کیتھلک مذہب والے ممالک نے علی الفور تسلیم کرلیا۔ جرمنی سوٹزرلینڈ کے فرقہ کیتھولک نے ۱۵۸۴ء میں قبول کرلیا لیکن پروٹسٹنٹ لوگوں نے

۱۶۹۹ء میں رواج دیا گیا جبکہ غلطی ۱۱ روز تک پہنچ گئی تھی روس اور دیگر ممالک متعلقہ گریک چرچ ابھی اُس پُرانی لکیر کے فقیر چلے جاتے ہیں +

برطانیہ کا شاہی خاندان

حضور ملکہ معظمہ وکٹوریا۔ الگزینڈرینا۔ قیصرہ ہند دام اقبالہا

۲۴ مئی ۱۸۱۹ء کو متولد ہوئیں۔ ۲۰ جون ۱۸۳۸ء کو تاج شاہی زیب سر کیا۔ ۱۰ فروری ۱۸۴۰ء کو پرنس البرٹ آف ساکسکوبرگ گوتھا سے شادی ہوئی ۲۱ فروری ۱۸۸۷ء کو تمام دنیا میں آپ کی جوبلی کا جشن ہوا۔ خدا نے اولاد مندرجہ ذیل بخشی ہے:-

(۱) شہزادی وکٹوریا ایڈیلیڈ میری لوئیسا (پرنسس رائل) ۲۱ نومبر ۱۸۴۰ء کو پیدا ہوئیں۔ ۲۵ جنوری ۱۸۵۸ء کو شہنشاہ فریڈرک ولیم آف پرشیا کے ساتھ بیاہی گئیں اُن کے آٹھ بال بچے ہیں کہ جنمیں سے بڑا بیٹا اب شہنشاہ جرمنی ہے اور باقی یہ ہیں (۱) شہنشاہ ولیم (۲) پرنسس شارلٹ (۳) پرنس البرٹ ڈبلیو ہنری (۴) پرنس سگسمانڈ (۵) پرنسس وکٹوریا۔ (۶) پرنس والڈیمار۔ (۷) پرنس فریڈرکا پرنسس صوفیا (۸) پرنسس مارگیریٹ (افسوس کہ اب آپ بیوہ ہو گئیں +

(۲) شہزادہ البرٹ ایڈورڈ (پرنس آف ویلز):- ۹ نومبر ۱۸۴۱ء کو پیدا ہوئے ۱۰ مارچ ۱۸۶۳ء کو شہزادی الگزینڈرا (دختر کرسچن نہم بادشاہ ڈنمارک) کے ساتھ ان کی شادی ہوئی اولادیں یہ پانچ ہیں:- (۱) پرنس البرٹ وکٹر (۲) پرنس جارج (۳) پرنسس لوئیس وکٹوریا (۴) پرنسس وکٹوریا۔ (۵) پرنسس ماڈ +

(۳) شہزادی ایلیس ماڈ میری:- ۲۵ اپریل ۱۸۴۳ء کو پیدا ہوئیں یکم جولائی ۱۸۶۲ء کو شہزادہ لوئیسی والی ہیسی کے ساتھ شادی ہوئی مگر کہ ۱۴ دسمبر ۱۸۷۸ء کو اس جہان سے گذر گئیں اب اُن کی یہ سات اولادیں یادگار ہیں:- (۱) پرنسس وکٹوریا (۲) پرنسس الیزبیتھ (۳) پرنسس آئرین (۴) پرنس ارنسٹ

(۵) پرنس فریڈرک (۶) پرنسس ایلکس (۷) پرنسس میری ٭

(۴) شہزادہ الفرڈ ارنسٹ۔ البرٹ (ڈیوک آف ایڈمبرا) ۶ اگست ۱۸۴۴ء کو پیدا ہوئے۔ ۲۳ جنوری ۱۸۷۴ء کو شہزادی گرانڈ ڈچز میری الگزینڈر رینا (دختر متوفی شہنشاہ روس) کے ساتھ شادی ہوئی۔ ان کے یہ پانچ بچے ہیں:-

(۱) پرنس الفرڈ (۲) پرنسس میری (۳) پرنسس وکٹوریا (۴) پرنسس الگزینڈرا (۵) پرنسس بیٹرس ٭

(۵) شہزادی ہیلینا۔ آگسٹا وکٹوریا:- ۲۵ مئی ۱۸۴۶ء کو پیدا ہوئیں ۵ جولائی ۱۸۶۶ء کو شہزادہ کرسچین والی شلسوگ ہولسٹن کے ساتھ بیاہی گئیں ان کی یہ پانچ اولادیں ہیں (۱) پرنس کرسچین (۲) پرنس البرٹ جان (۳) پرنسس وکٹوریا (۴) پرنسس لوئیس آگسٹا (۵) پرنس ہیرلڈ ٭

(۶) شہزادی لوئیسا کیرولین البرٹا:- ۱۸ مارچ ۱۸۴۸ء کو پیدا ہوئیں ۲۱ مارچ ۱۸۷۱ء کو جان مارکوئیس آف لورن کے ساتھ بیاہی گئیں ٭

(۷) شہزادہ آرتھر ولیم پیٹرک البرٹ (ڈیوک آف کناٹ)۔ یکم مئی ۱۸۵۰ء کو پیدا ہوئے ۱۳ مارچ ۱۸۷۹ء کو شہزادی لوئیسی (پرشیا) کے ساتھ شادی ہوئی تین بال بچے یہ ہیں (۱) پرنسس مارگریٹ (۲) پرنس آرتھر (۳) پرنسس وکٹوریا ٭

(۸) شہزادہ لیوپولڈ جارج ڈنکن (ڈیوک آف البنی)۔ ۷ اپریل ۱۸۵۳ء کو پیدا ہوئے۔ ۲۷ اپریل ۱۸۸۲ء کو شہزادی ہیلن آف والڈن پایرمونٹ کے ساتھ شادی ہوئی۔ افسوس کہ دو بچے چھوڑ کر عین عالم شباب میں ۲۸ مارچ ۱۸۸۴ء کو فوت ہوئے (۱) پرنسس ایلس میری (۲) پرنس لیوپولڈ ٭

(۹) شہزادی بیٹرس۔ میری۔ وکٹوریا۔ فیوڈور۔ ۱۴ اپریل ۱۸۵۷ء کو پیدا ہوئیں ۲۳ جون ۱۸۸۵ء کو شہزادہ ہنری آف بٹین برگ سے بیاہی گئیں اب انکی چار اولادیں یہ ہیں (۱) پرنس البرٹ الگزینڈر (۲) پرنس لیوپولڈ آرتھر (۳) پرنسس وکٹوریا (۴) پرنس (نو مولود ۳ نومبر ۱۸۹۱ء) ٭

اسکے علاوہ شاہی خاندان کے دیگر اراکین جو اسوقت زندہ ہیں حسب ذیل ہیں:-

ڈیوک آف کمبرلینڈ ... ۲۱ ستمبر ۱۸۴۵ء کو پیدا ہوئے +

ڈیوک آف کیمبرج ... ۱۶ مارچ ۱۸۱۹ء کو پیدا ہوئے۔

ڈچز آف کیمبرج ... ۲۵ جولائی ۱۷۹۷ء کو پیدا ہوئے

ڈچز آف میکلن برگ ... ۱۹ جولائی ۱۸۲۲ء کو پیدا ہوئیں

ڈچز آف ٹیگ ... ۲۷ نومبر ۱۸۳۳ء کو پیدا ہوئیں

سامدرک یعنی دست شناسی

یہ علم اہل ہند کا ایجاد کیا ہوا ہے لیکن اہل یوروپ نے اپنے تجربات اور دقیقہ رسی سے جہانتک اسکو درست کیا ہے ہم ناظرین کیلئے اسکا خلاصہ لکھتے ہیں جو کہ اس فن کی انگریزی کی ایک معتبر کتاب سے اخذ کیا جاتا ہے۔ پنجہ کی تصویر جو ذیل میں درج کیجاتی ہے اسمیں حسب دستور عام پنڈتوں اور جنتریوں کے کوئی فرضی تصویریں مثل ہاتھی اور مچھلی اور پنجرہ وغیرہ کے محققان یورپ نے قائم نہیں کیں بلکہ صرف انہیں لکیروں (ریکھاؤں) اور چکروں سے جو بادی النظر میں ہر ایک دیکھنے والے کو نظر آتے ہیں ہر قسم کے حالات صحیح صحیح تبلادئیے ہیں وھوھذا



چھوٹے ہاتھ۔ بغیر فراز و نشیب سوچنے کے غیر مکمل یا مستقل رائے +

لمبے ہاتھ۔ تفصیل کی لیاقت +

سخت۔ مضبوط ہاتھ۔ پھرتی اور استقلال۔

نرم۔ پھیلے ہوئے ہاتھ۔ سستی +

صاف ہاتھ۔ تاثیر۔ فراست اور ژرف نگاہی +

گٹھیلے ہاتھ۔ غور۔ ترتیب۔ علوم +

انگوٹھا (نرانگشت) :۔ پہلا پور مرضی۔ دوسرا عقل اور تیسرا محبت ظاہر کرتا ہے +

پہلی انگلی (سبابہ جو مشتری کی انگلی کہلاتی ہے) :۔ اگر لمبی ہو تو سوجھ اور کفایت شعاری ظاہر کرتی ہے۔ نوکدار تیز فہمی۔ مربع راستی کی محبت۔ کدال کی شکل کے مبالغہ کے کام +

دوسری انگلی (وسطی جو زحل کی انگلی کہلاتی ہے) :۔ نوکدار ہو تو بے حقیقی مربع دانشمندی۔ کدال کی شکل کی چالاکی +

تیسری انگلی (بنصر جو اپالو کی انگلی کہلاتی ہے)۔ نوکدار شوقین خیالات مربع راستی اور دانش کدال کی شکل کی خوب نقل اوتارنے کی لیاقت +

چھنگلیا یعنی چوتھی انگلی (خنصر جو عطارد کی انگلی کہلاتی ہے) :۔ نوکدار نصاحت۔ مربع پختہ رائے +

اگر ہاتھ کو پھیلایا جاوے اور پہلی اور دوسری انگلی میں بہت فرق رہے۔ تو خیال کی آزادی متصور ہے اگر تیسری اور چوتھی میں بہت فرق ہو تو کام کی آزادی اور دونوں کا آپسمیں بہت فاصلہ ہو تو طبیعت مضمون زا اور اپنی ذات پر بھروسہ رکھنے والی عادت پر دلالت کرتی ہیں +

اگر تیسری پور تمام نیچے کی طرف سے اوپر کی نسبت موٹی ہوں تو کھانے پینے کا شوق اگر پہلی پور اندر کو جھکی ہوئی اور ٹیڑھی ہوں تو حرص اور اگر باہر کو مائل اور پیچھے کو مڑی ہوئی ہوں تو فضول خرچی مقصود ہے +

اگر نرانگشت یعنی انگوٹھا اندر کو جھکا ہو تو حرص اور باہر کو مائل ہو تو فیاضی پردال ہے،

مشتری کا چکر۔صفات۔مذہب۔عالی حوصلگی۔افراط۔غرور۔طاقت۔اور حکومت کا شوق۔اور تعصّب۔فقدان۔بیدینی۔سُستی۔جہالت +

زُحل کا چکر۔صفات۔دانش۔فراست۔افراط۔کم گوئی۔غمگینی۔فقدان۔بدنصیبی یا گمنامی کی زندگی +

اپالو کا چکر۔صفات۔ہنر و فن کا شوق۔عقلمندی۔ذہوشی۔افراط۔زر کی محبت دروغگوئی وغیرہ۔فقدان۔سُستی وغیرہ +

عطارد کا چکر صفات۔علوم کی محبت۔زیرکی۔طاقت ایجاد وغیرہ۔افراط دروغگوئی چوری۔مکر۔فقدان۔بے حقیقتی کی زندگی +

مریخ کا چکر۔پہلا مشتری کے نیچے دیری۔دوسرا عطارد کے نیچے جوش۔جرات

زہرہ کا چکر۔صفات۔عیش اور خوبصورتی کی محبت۔افراط۔متغیر و متبدل فقدان سرد مہری +

لونا کا چکر۔صفات۔غور و فکر۔اعلےٰ تہذیب۔نظم۔افراط مایوسی۔تلوّن وغیرہ فقدان۔سُستی اور سختی +

عمر کی ریکھا۔سے عمر کی درازی اور صحت وغیرہ کی حالت معلوم ہوتی ہے۔اگر یہ لمبی باریک اور گہری ہو تو معلوم ہوتا ہے کہ عمر لمبی ہوگی اور مرض سے محفوظ رہیگی

سر کی ریکھا ہموار لمبی اور باریک ہونی چاہیئے جس سے معلوم ہو کہ رائے کی قوت مضبوط اور دل صاف ہے۔اگر یہ عمر کی ریکھا سے جدا ہوگئی ہو تو اپنی ذات پر بھروسہ رکھنے والا معلوم ہوتا ہے اگر ملی ہوئی ہو تو اسکے برعکس +

دل کی ریکھا۔تنگ گہری اور صاف ہونی چاہیئے۔جو مشتری کے چکر سے عطارد کے چکر تک جاتی ہے وہ مضبوط اور دل خوش کن محبت ظاہر کرتی ہے +

قسمت کی ریکھا۔جو دنیاوی کامیابی اور ناکامی ظاہر کرتی ہے چار جگہ سے الگ ہوتی ہے اگر عمر کی ریکھا سے تو اچھی ہے اگر مریخ کے مقام سے تو تکلیف دیتی ہے مگر اُمید بہتری کی ہوتی ہے۔اگر کنگنا سے تو نرالی تقدیر ہوتی ہے اگر لونا کے

چکر سے تو قسمت کا اختیار کسی دوسرے کے ہاتھ میں ہوتا ہے +

خوش قسمتی کی ریکھا۔ شان۔ شوکت۔ شہرت اور دولت ظاہر کرتی ہے یہ ریکھا لمبی۔ گہری۔ تنگ اور سیدھی ہونی چاہیئے اور اپالو کے چکر تک اوپر کو جانی چاہیئے +

صحت کی ریکھا۔ اگر موجود نہیں تو ظاہر ہے کہ قوائے بہت مضبوط ہونگے +

انسان کی مختلف عمروں میں کس تعداد سے نبض چلتی ہے

دل کی حرکت پیدا ہونیکے وقت سے لیکر پیری تک کم ہوتی چلی جاتی ہے اور کہتے ہیں کہ پیری میں پھر کچھ بڑھنے لگتی ہے +

پیدا ہونے سے پہلے اوسط تعداد نبض کے چلنے کی ہے۔ فی منٹ	۱۵۰
تولد ہونے کے بعد	۱۴۰ سے ۱۳۰
پہلے سال میں	۱۳۰ سے ۱۱۵
دوسرے سال میں	۱۱۵ سے ۱۰۰
تیسرے سال میں	۱۰۰ سے ۹۰
ساتویں سال کے قریب	۹۰ سے ۸۵
چودھویں سال کے قریب	۸۵ سے ۸۰
جوانی میں	۸۰ سے ۷۰
پیری میں	۷۰ سے ۶۰
کہولیت اور انحطاط کے وقت	۷۵ سے ۶۵

اناث میں ذکور کی نسبت ۸ سے ۱۴ اسال تک نبض تیز چلتی ہے مگر چھوٹے بچوں میں اس فرق کی تمیز نہیں ہو سکتی گرم چائے یا پانی پینے سے نبض کی تیزی بڑھتی ہے اور سرد پینے سے کم ہوتی ہے اگر بدن پر زیادہ گرم کپڑے پہنے جائیں تو نبض قریباً بحساب فی منٹ دس دفعہ اور بڑھ جاتی ہے جاگنے کی نسبت سونے میں نبض سست ہو جاتی ہے +

فرینالوجی یعنی علم قیافہ متعلق بہ تحقیقات دماغ



انگلستان کے ڈاکٹر گال صاحب نے جو ۱۷۵۸ء میں پیدا ہوئے اور ۱۸۲۸ء میں وفات پائی علم قیافہ کی اس شاخ کو ایجاد کیا۔ اہل یونان نے جو کچھ چہرے کے خط و خال اور پیشانی کی ساخت سے اور اہل ہند نے جو کچھ ہاتھ پاؤں کی لکیروں سے انسانی جبلت اور اُسکے افعال و کردار کی بابت معلوم کیا تھا وہ اہل فرنگ نے دماغ کی ساخت اور اُسکی بیرونی شکل و صورت سے معلوم کر لیا ہے۔ یعنے ایک واقفکار شخص صرف کسی دوسرے کے سر کو ٹٹول کر بتلا سکتا ہے کہ وہ کس قماش کا آدمی ہے۔ نہیں بلکہ سر کا بڑا ہونا چھوٹا ہونا۔ چاند کا چپٹا ہونا۔ یا گول ہونا سامنے یا پچھلی طرف یا کسی پہلو کی طرف کا ابھرا ہوا ہونا پیشانی اور کانوں کی ساخت وغیرہ مراتب ایسے بھی ہیں کہ جن کے صرف ایک نظر دیکھ لینے سے عموماً اس فن کے واقفکار بتلا سکتے ہیں کہ فلاں شخص کس قسم کی عادات یا حالات یا کردار یا گفتار رکھتا ہے۔ المختصر فرینالوجی کا مقصد یہ ہے کہ انسان کی کھوپری کے کئی حصوں کی مقدار اور شکل صورت کو دیکھ کر اُسکی ذہنی یا اخلاقی صفات کا اندازہ لگایا جاوے چنانچہ اس غرض کے لئے اس فن کے علمانے کھوپری کے ۳۵ حصے کئے ہیں کہ جن میں سے ہر ایک کے حجم اور مقدار سے

اسکی خاص صفت کی کمی بیشی سمجھی جاتی ہے بعض لوگوں نے کل کھوپری کو ۲۴ حصوں میں بھی تقسیم کیا ہے لیکن ان میں بعض حصے وہی دوبارہ شامل ہیں جو ۳۵ حصوں میں آچکے ہیں اسلئے اوپر ہمنے انسان کے سر کے دو نقشے درج کئے ہیں کہ جنمیں وہی ۳۵ حصے جُدا جُدا دکھلائے گئے ہیں اور ہر ایک حصہ میں نمبر دیا گیا ہے چنانچہ انہیں نمبروں کے ذریعہ سے مندرجہ ذیل جدول سے معلوم ہو سکتا ہے کہ ان کے متعلق حصے کن کن صفات کے لئے مخصوص ہیں جس نقشہ میں مُنہ سامنے کی طرف ہے وہاں بالمقابل دونوں طرف کی طاقتوں کو دکھلایا گیا ہے اسلئے ایک ہی نمبر دو جگہ دیا گیا ہے +

نمبر شمار	سر کا حصہ	تشریح صفات
۱	تعشق	محبت جو مرد کو عورت یا عورت کو مرد سے ہوتی ہے +
۲	محبت طفلان	جو اولاد یا بچوں سے متعلق ہو +
۳	توجّہ	کسی خاص چیز سے محبت رکھنا +
۴	بقائے محبت	محبت کا مدت تک جاری رہنا +
۵	مقاومت	بر حملہ کسی مقابلہ کی خواہش رکھنا +
۶	مزہ	خورد نوش کی محبت +
۷	اخفائے راز	زیادہ مکر کی علامت ہے. متوسط عقلمندی کی کمتر نادانی کی +
۸	امساک	ہر چیز کے یا کسی خاص چیز کے جمع کرنیکی خواہش +
۹	تعمیر	عمارت وغیرہ بنوانے کی خواہش +
۱۰	اپنی عزت کا خیال	یعنی اپنی عزت بحال رکھنے کا ہر وقت خیال ہونا +
۱۱	خود پسندی	اپنی تعریف کا خیال رکھنا +
۱۲	احتیاط	ہر کام میں خصوصاً جان بچانے میں محتاط رکھنا +
۱۳	فیاضی	اَوروں کی بہتری پر آمادگی +
۱۴	عزت	ہر کسی کی عزت کو دلمیں بہت جگہ دینا +

۱۵	مضبوطی	اپنی رائے کے فیصلہ کو مضبوطی سے قائم رکھنا
۱۶	نیکی	نیکی کی پیروی کرنا
۱۷	اُمید	اگر کم ہو تو نا امیدی کا غالب ہونا
۱۸	تعجب	عجیب عجیب چیزوں کے دیکھنے یا سُننے کا شوق
۱۹	حُسن	خوبصورت اور کامل سے دلچسپی اور شوق رکھنا
۲۰	ظرافت	دل لگی بازی اور تمسخر
۲۱	آخذہ	ہر چیز کی نقل اُتار دینے کی مہارت
۲۲	خصوصیت	کسی چیز کی ذاتی خصوصیت کا ادراک
۲۳	شکل	شکل کی ذہنی اور جسمانی قدردانی
۲۴	پیمائش	حجم اور فاصلہ کا امتیاز
۲۵	وزن	وزن کا اندازہ لگا سکنے کی لیاقت
۲۶	رنگ	امتیاز الوان کی طاقت
۲۷	ادراک	امتیاز مقامات متعلق جغرافیہ
۲۸	تعداد	حساب اور ریاضی کے متعلق قوت
۲۹	ترتیب	ترتیب اور انتظام اسباب
۳۰	خیال	واقعات وغیرہ کا یاد رکھنا اور کاروبار کی لیاقت
۳۱	اوقات	وقت کی تمیز اور قدر کی لیاقت
۳۲	الحان	نغمہ و سرود کی موزونیت اور موسیقی سے دلچسپی
۳۳	بیان	اظہار خیالات کی طاقت
۳۴	مشابہت	کئی چیزوں میں مناسبت و مشابہت دریافت کرنیکی طاقت
۳۵	قیاس	اسباب سے نتائج اور نتائج سے اسباب استخراج کرنیکی لیاقت

اب ہم مثال کے طور پر دماغ کی تین چار صفات دکھلانیکے لئے تین چار خاص قسم کے سروں کی تصویریں درج کرتے ہیں جن سے واضح ہو جائیگا کہ کس قسم کے سر میں کس بات کی

کمی ہوتی ہے یا کس بات میں زیادتی ہوتی ہے ؛



علم قیافہ

یہ وہ متبرک علم ہے جس کے ذریعہ انسان کے نیک و بد حالات اور خیالات کا اندازہ ہی نہیں ہوتا بلکہ اُس کی زندگی اور ترقی و تنزل کی نسبت بھی بہت کچھ پوشیدہ باتیں ظاہر ہو سکتی ہیں۔ گر اس جگہ ہم ناظرین کتاب کے لئے صرف دو جسمانی علامات کے خواص درج کرتے ہیں *

پیشانی۔ اگر کسی شخص کی پیشانی چھوٹی اور عرض میں کم ہو تو وہ ہمیشہ مفلس اور تنگ دست رہے اور کوتہ عمر ہو۔ اگر پہن دار اور کشادہ ہو تو پُن دان کرنے والا اور صاحب علم۔ عاقل اور دولت مند ہو۔ اگر چوڑی اور اونچی ہو تو عقلمند دانا اور ہر ایک کام سنجیدگی سے کرے۔ اگر صدف خورد کی مانند ہو تو دولتمند ہو۔ کلاں کی مانند ہو تو عبادت و ریاضت خوار اور جوگی ہو۔ اگر پیشانی میں کوئی یعنے ریکسانہ ہو بھویں چڑھانے میں پیشانی پر کوئی ریکھا نہ پڑے تو وہ شخص فقیر باکمال اور کشف اور کراماتی ہو لیکن عمر ۲۵ برس بقول بعض ۹۰ برس ہو۔ اگر پیشانی میں ریکھا ٹوٹی پھوٹی یعنے شکستہ ہوں تو جان لو کہ وہ شخص دروغ گوئی لاف زنی میں اُستاد اور یہ خصومت و بدبختی کی علامت بھی ہے۔ اگر صاف اور بلند اور ریکھا سالم ہوں تو بڑا صاحب قسمت اور بختاور ہو۔ اگر پیشانی پر بال ہوں تو وہ جاہل مطلق اور کم عقل ہو۔ اگر پیشانی پر عرض میں ایک ریکھا ہو تو نشان دولتمندی عمر ۲۰ برس۔ اگر دو ہوں تو پنڈت صاحبِ علم عمر ۳۰ برس۔ اگر تین پڑیں تو اہل قلم و منتعدی یا حکمران ہو عمر ۶۰ برس۔ اگر چار ہوں تو نادار مفلس عمر ۸۰ برس اگر ۵ ہوں تو کم ہمت بد نصیب۔ عمر (۱۰۰) برس۔ اگر ۶ ہوں تو بڑا بہادر دلاور جوانمرد عمر ۱۲۰ برس۔ اگر پیشانی میں ریکھا مثل (۱) یا △ ہو تو حکمرانی کی علامت ہوگی۔ اگر ترازو کا نشان مثل  ہو تو ہمیشہ آسودہ حال

اور خوش گذران ہوگا۔ اگر عین درمیان میں ترشول  کا ہو (خواہ عورت کی پیشانی میں ہو یا مرد کی) تو وہ شخص بڑا نامور حکمران صاحب اقبال ہو۔ عورت خوش اقبال اور صاحب خادمہ ہو۔ اگر گرز ( ) یا پدم ( ) یا پنکھا ( ) یا تلوار ( ) یا کسی پرند کا نشان ہو تو سردار صاحب اقبال ہو۔ اگر پیشانی کے جانب چپ بابے یا ٹکے کی صورت کا نشان ہو اور رنگ اس کا سرخ یا سفید ہو تو سردار عقلمند۔ حلیم الطبع۔ اگر پنجہ زاغ (کوّا) کا نشان تو منحوس اور بدبختی کی علامت ہے۔ اگر پیشانی میں متفرق متفرق ریکھا ہوں تو دغا باز اور چور ہو +

ابرو۔ بھویں مانند کمان کے علامت امیری مانند مچھلی کے چوری اگر ابرو کی نوک ناک کی طرف جھکی ہوئی ہو تو فتنہ انگیز ہو۔ اگر پیوستہ ہو تو محب صادق۔ **تجربہ**۔ اگر مرد پیوستہ ابرو ہو تو عورتوں سے اگر عورت ہو تو مردوں سے زیادہ محبت اور الفت اور دل لگی کرے۔ اگر بھویں لمبی اور پُر بال ہوں تو کم عقلی خود پسند۔ اگر بال دراز ہوں تو صاحب ہمت۔ اگر بھویں کشادہ ہوں تو سخی۔ دونوں ابرو میں شکن پڑے تو بڑا غصہ ور متکبر ہو اگر بال نہوں تو مفلس۔ کم مایہ۔ اگر چھوٹے چھوٹے بال ہوں تو نیک خصال راستگو ہو +

نقشہ معلوم کرنے نام کی راس و نچھتر

راس										
میکھ	حرف	چ	چ	چو	لا	لی	لو	لے	لو	ا
	چرن	۱	۲	۳	۴	۱	۲	۳	۴	۱
	نچھتر	اشنی				بھرنی				کرتکا
برکھ	حرف	ا	او	اے	و	وِن	وی لو	و لو	وی	لو
	چرن	۲	۳	۴	۱	۲	۳	۴	۱	۲
	نچھتر	کرتکا			روہنی				مرگشر	
متھن	حرف	ک	کے	کہ	کھہ	ن	چھ	ے	کو	ہ
	چرن	۳	۴	۱	۲	۳	۴	۱	۲	۳
	نچھتر	مرگشر		آردرا				پنربس		
کرک	حرف	ہی	ہو	ہے	ہو	ڈ	ڈِ	ڈو	ڈی	ڈو
	چرن	۴	۱	۲	۳	۴	۱	۲	۳	۴
	نچھتر	پنربس		آردرا				پنربس		
سنگھ	حرف	م	مے	مو	مے	مو	ٹِ	ٹے	ٹو	ٹے
	چرن	۱	۲	۳	۴	۱	۲	۳	۴	۱
	نچھتر	گھا				پوربا پھالگنی				اترا پھالگنی
کنیا	حرف	ٹو	پ	پے	پو	کھیا	نون	ٹھا	پے	پو
	چرن	۲	۳	۴	۱	۲	۳	۴		
	نچھتر	اترا پھالگنی				ہست				
تلا	حرف	ر	ری	رو	رے	رو	تا	تے	تو	تے
	چرن	۳	۴	۱	۲	۳	۴	۱	۲	۳
	نچھتر	چترا			سواتی					بساکھا

راس										
برچھک	[illegible]	تو	نا	نی	نو	نے	نو	یا	یی	یو
	[illegible]	۴	۱	۲	۳	۴	۱	۲	۳	۴
	[illegible]	بساکھا	اترادہا				جیشٹا			
دھن	[illegible]	یے	یو	بھا	بھی	بھو	دھا	پھا	ڈھا	بھے
	[illegible]	۱	۲	۳	۴	۱	۲	۳	۴	۱
	[illegible]	مولا				پورباکھاڑ				اتراکھاڑ
مکر	[illegible]	بھو	جا	جی	کھی	کھو	کھے	کھو	گا	گی
	[illegible]	۲	۳	۴	۱	۲	۳	۴	۱	۲
	[illegible]	اتراکھاڑ			شرون				دھنشٹا	
کمبھ	[illegible]	گو	گے	گو	سا	سی	سو	سے	سو	دا
	[illegible]	۳	۴	۱	۲	۳	۴	۱	۲	۳
	[illegible]	دھنشٹا		ست بکھا				پوربابھادرپد		
مین	[illegible]	دی	دو	تھا	جھا	ن	دے	دو	چا	چی
	[illegible]	۴	۱	۲	۳	۴	۱	۲	۳	۴
	[illegible]	پوربابھادرپد	اترابھادرپد				ریوتی			

ترکیب :- جو شخص اپنی راس یا نچھتر معلوم کرنا چاہے تو اسکو چاہیئے کہ اپنے نام کے اول حرف کو نقشہ مندرجہ میں دیکھے پس جس خانہ میں وہ حروف ہوگا اس حرف کے اوپر جو راس لکھی ہے وہی راس اس شخص کی کی ہوگی اور جو نچھتر اسکی جانب راست لکھا ہے وہی نچھتر اسکو اپنا سمجھنا چاہیئے مثلاً ایک شخص چیت رام اپنی راس اور نچھتر دیکھتا ہے کہ کیا ہے پس نقشہ میں دیکھا تو حرف (چ) زیرین میکھ راس کے ہے اور اسکی جانب راست نچھتر (اشنی) لکھا ہے پس چیت رام کو جاننا چاہیئے کہ میری راس میکھ اور نچھتر اشنی ہے اسیطرح دیگر صاحبان کو اپنے نام کی راس و نچھتر معلوم کرنا چاہیئے چونکہ نقشہ میں ہر ایک حرف فارسی کے مقابل واسطے صحت کے حرف شاسنری درج کردیئے ہیں ان کا لحاظ رکھنا مقدم ہے ✢

مہورت یاترا یعنی سفر

